بانی صوفی غلام محمد

سرینگر ٹائمز

جلد نمبر 58 | Thursday 21st May 2026 | ۲۱ مئی ۲۰۲۶ بروز جمعرات بمطابق ۴ ذوالحجہ ۱۴۴۷ | صفحات : 08 | Vol: 58 • No. 138 | R.N.I: 17647/69 | DAILY SRINAGAR TIMES | قیمت 5 روپے | www.srinagartimes.net

پنت جذبات پر قابو نہ رکھ سکے

لکھنؤ سپر جائنٹس کے کپتان رشبھ پنت بلا ٹیم کی مسلسل ناکامیوں اور پوائنٹس ٹیبل پر آخری پوزیشن پر ہونے کی وجہ سے اپنا آپ کھو بیٹھے۔ راجستھان رائلز کے خلاف ۳ میچوں میں لگاتار شکست کے بعد پوسٹ میچ پریزنٹیشن کے دوران پنت کی زبان پھسل گئی اور انہوں نے اپنی ٹیم کا دفاع کرتے ہوئے بیہودہ لفظ استعمال کر ڈالا۔ (تفصیلات اندر)

سوریہ ونشی نے گیل کا ریکارڈ توڑا

آئی پی ایل ۲۰۲۶ میں نوجوان بیٹنگ سنسنی ویبھو سوریہ ونشی نے اپنی جارحانہ بلے بازی سے کرکٹ کی دنیا میں ہلچل مچا دی ہے۔ لکھنؤ سپر جائنٹس کے خلاف گزشتہ میچ میں دھواں دار اننگز کھیلنے کے بعد اب سوریہ ونشی کی نظریں ویسٹ انڈیز کے کرس گیل کے ایک تاریخی ریکارڈ پر جم گئی ہیں۔ (تفصیلات اندر)

جموں وکشمیر الیکشن کمیشن نے پنچایت الیکٹورل رولز 2026 کو حتمی شکل دی

3.39 لاکھ نئے اندراجات کے بعد ووٹروں کی تعداد 72.24 لاکھ تجاوز کر گئی

جموں/ اسٹیٹ الیکشن کمیشن جموں وکشمیر نے پنچایت انتخابی فہرستوں کی سالانہ نظرثانی کا عمل مکمل کرتے ہوئے حتمی پنچایت الیکٹورل رولز 2026 شائع کر دی ہے جس کے لئے یکم اپریل 2026 کو اہلیت کی تاریخ مقرر کی گئی ہے۔ یہ جامع عمل جو 27/ مارچ 2026 کو مسودہ انتخابی فہرست کی اشاعت سے شروع ہوا تھا، دعووں، اعتراضات اور تصدیقی کارروائیوں کے منظم شیڈول کے بعد باضابطہ طور پر اختتام پذیر ہو گئی ہے۔ کمیشن نے 27/ مارچ سے 5/ مئی 2026 تک دعوے اور اعتراضات داخل کرنے کے لئے 40 دن کی ونڈو کھولی تھی۔ اس دوران موصول ہونے والی تمام درخواستوں کا انتخابی رجسٹریشن افسران نے 14/ مئی 2026 تک جائزہ لے کر نمٹا دیا۔ اس عمل کی تکمیل کے بعد آج 21/ مئی 2026 کو حتمی انتخابی فہرست شائع کر دی گئی جس سے یونین ٹیریٹری میں آئندہ پنچایت انتخابات کی راہ ہموار ہو گئی ہے۔/1

جموں وکشمیر ہائی کورٹ کی سماعتیں، ملاقاتیں وغیرہ آن لائن موڈ میں

ایندھن کی بچت اور عدالتی عمل کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا مقصد

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں، کشمیر اور لداخ کی ہائی کورٹس نے بدھ کے روز ایک اہم انتظامی قدم اٹھاتے ہوئے عدالتی کارروائیوں، تربیتی پروگراموں اور سرکاری ملاقاتوں کو آن لائن موڈ میں منتقل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ فیصلہ توانائی کے تحفظ، ایندھن کی بچت اور عدالتی عمل کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے مقصد سے کیا گیا ہے۔ رجسٹرار جنرل ایم کے کی جانب سے جاری سرکلر میں بتایا گیا کہ خام تیل کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور توانائی کے بحران کے پیش نظر ملک گیر "معاشی خود دفاع" مہم کے تحت یہ اقدامات عمل میں لائے گئے ہیں۔ سرکلر کے مطابق، عدالت نے فیصلہ کیا ہے کہ آئندہ احکامات تک تمام غیر ضروری سفری سرگرمیوں کو کم کیا جائے اور عدالتی معاملات زیادہ سے زیادہ ورچوئل پلیٹ فارمز کے ذریعے انجام دیے جائیں۔ سرکاری حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ سپریم کورٹ نے بھی 12 مئی 2026 کو جاری/2

نئی بھرتیاں مادرِ وطن کی یکجہتی کے تحفظ کیلئے خود کو وقف کریں/ LG

جموں وکشمیر پولیس کے نئے تعینات کانسٹیبلوں میں تقرری نامے تقسیم

جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے جموں وکشمیر پولیس کے نئے تعینات کانسٹیبلوں میں تقرری نامے تقسیم کئے۔ اس موقع پر لیفٹیننٹ گورنر نے نئے بھرتیوں پر زور دیا کہ وہ مادرِ وطن کی یکجہتی اور سالمیت کے تحفظ کے لئے خود کو وقف کریں اور اس فورس کی عظیم روایات کو مزید مضبوط بنائیں۔ انہوں نے کہا، "ہمیں ہر وقت چوکس اور مستعد رہنا چاہیے۔ امن و امان کے خطرات اور دہشت گردی کی نوعیت بدل چکی ہے جس کے پیش نظر مسلسل چوکسی اور ان خطرات پر نظر رکھنا ضروری ہے جو بظاہر نظر نہیں آتے۔" لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ نئے بھرتی ہونے والوں کو بطور ٹیم کام کرنا ہوگا کیونکہ جموں وکشمیر کو درپیش خطرات مختلف ایجنسیوں کے درمیان باہمی تعاون ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا، "جب ہم معلومات کا اشتراک کرتے ہیں، مل کر حکمت عملی ترتیب دیتے ہیں اور دشمن کا سامنا ایک ساتھ کرتے ہیں، تو ہم ایسی صلاحیتیں پیدا کرتے ہیں جو کوئی ایک ادارہ تنہا نہیں بنا سکتا۔ ہندوستان نے ہمیشہ پُرامن ہمسائے، باہمی خیر سگالی اور مخلصانہ دوستی کی اقدار کو اپنایا ہے لیکن ہمارا سامنا ایک ایسے پڑوسی سے ہے جو دنیا میں دہشت گردی کے منبع کے طور پر جانا جاتا ہے۔ امن و امان کو برقرار رکھنے نئے بھرتی شدہ کانسٹیبلوں کو قومی سلامتی کی فرنٹ لائن پر مستعدی سے کھڑا ہونا چاہیے تاکہ دہشت کے خطرات کو ختم کیا جا سکے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ ہر فرد کو عزم اور مؤثریت کے ساتھ جموں وکشمیر کو خوف اور دہشت گردی سے پاک کرنے کے لئے کام کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی خود بخود برقرار نہیں رہتی بلکہ اسے مالی وسائل، نیٹ ورکس اور سپورٹ سسٹم کی ضرورت ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا، "قانون کی پوری طاقت کا استعمال کرتے ہوئے ہمیں فنڈنگ کے ذرائع کا سراغ لگا کر انہیں ختم کرنا ہوگا۔/3

اٹلی کے ساتھ تعلقات کو نئی رفتار اور نیا اعتماد ملا ہے/ مودی

میزبان ملک کی وزیر اعظم جارجیا میلونی کے ساتھ دو طرفہ مذاکرات کے بعد مشترکہ بیان

روم/ یو این آئی/ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ہندوستان اور اٹلی نے تجارت، دفاع اور ٹیکنالوجی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے عزم کے ساتھ اپنے دو طرفہ تعلقات کو خصوصی تزویراتی شراکت داری کی سطح تک لے جانے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک دفاعی صنعتی شعبے میں بھی مل کر کام کریں گے۔ مسٹر نریندر مودی نے بدھ کو اٹلی کی وزیر اعظم جارجیا میلونی کے ساتھ دو طرفہ مذاکرات کے بعد مشترکہ بیان میں کہا کہ میلونی کی قیادت میں دونوں ممالک کے تعلقات کو نئی رفتار اور نیا اعتماد ملا ہے۔ انہوں نے کہا، "گزشتہ تقریباً ساڑھے تین برسوں میں مجھے کئی مرتبہ وزیر اعظم جارجیا میلونی سے ملاقات کا موقع ملا۔ یہ ہندوستان اور اٹلی کے درمیان قریبی تعاون اور باہمی ہم آہنگی کو ظاہر کرتا ہے۔ ان کی قیادت میں ہمارے تعلقات کو نئی رفتار، نئی سمت اور نیا اعتماد ملا ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ ہم اپنے تعلقات کو مزید آگے بڑھاتے ہوئے خصوصی تزویراتی شراکت داری تک لے جانے کا اعلان کر رہے ہیں۔" وزیر اعظم نے کہا کہ ہندوستان اور اٹلی مل کر مصنوعات کا ڈیزائن اور ترقی کریں گے اور انہیں دنیا بھر میں دستیاب کرائیں گے۔ انہوں نے کہا، "اٹلی دنیا بھر میں ڈیزائن اور درستگی کیلئے جانا جاتا ہے، جبکہ ہندوستان اپنی وسعت، صلاحیت اور کم لاگت اختراعات کیلئے پہچانا جاتا ہے۔ اسی لیے ہم 'ہندوستان میں ڈیزائن، اٹلی میں ترقی اور دنیا کیلئے فراہمی' کے اصول پر آگے بڑھیں گے۔" دفاعی صنعتی شعبے میں تعاون کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا، "ہمارے دفاعی صنعتی روڈ میپ نے مشترکہ ترقی اور مشترکہ پیداوار کی راہ ہموار کی ہے۔ سمندری طاقتوں کے طور پر ہندوستان اور اٹلی کے درمیان رابطہ کاری کے شعبے میں قریبی تعاون فطری ہے۔ ہم شپنگ، بندرگاہوں کی جدید کاری، لاجسٹکس اور/4

جموں وکشمیر حکومت کی سکولوں کے نام

ممتاز شخصیات اور شہدا کے نام پر رکھنے کی منظوری

سرینگر/ جموں وکشمیر حکومت نے ممتاز شخصیات اور شہدا کی شاندار خدمات، میراث اور عظیم قربانیوں کے اعتراف میں متعدد سکولوں کے نام ان کے نام پر رکھنے کی منظوری دی ہے۔ یہ فیصلہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی صدارت میں منعقدہ وزراء کونسل کی ساتویں میٹنگ کے بعد لیا گیا ہے۔ گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول گاندھی نگر جموں کا نام آنجہانی پرنسپل کلدیپ کمار بڈیال کے نام پر رکھا گیا ہے جبکہ ضلع اننت ناگ کے گورنمنٹ ہائی سکول پاپناراڈ کا نام مرحوم عادل حسین شاہ کے نام سے منسوب کیا گیا ہے۔ عادل حسین شاہ نے دہشت حملے کے دوران اپنی جرأت، ہمت/8

مہجور نگر میں خود کو آگ لگانے کے بعد زخمی شخص نے دم توڑ دیا

نور باغ (سرینگر) میں ایک کم سن لڑکی کو لٹکتے ہوئے پایا گیا

سرینگر/ جے کے این ایس/ سرینگر کے مہجور نگر علاقے کے ایک 32 سالہ شخص نے مبینہ طور پر خود کو آگ لگا کر خودکشی کی کوشش کرنے کے بعد بدھ کے روز دم توڑ دیا۔ جے کے این ایس کے مطابق متوفی کی شناخت زید امین ولد محمد امین خان ساکن مہجور نگر سرینگر کے طور پر ہوئی ہے۔ اس دوران سری نگر کے نور باغ علاقے میں اسوقت تشویش کی لہر دوڑ گئی، جب یہاں ایک نوعمر لڑکی کو مردہ پایا گیا۔ حکام نے بتایا کہ منگل کو نور باغ کے مبارک کالونی علاقے میں ایک 15 سالہ لڑکی مردہ پائی گئی۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ واقعہ کے فوراً بعد لڑکی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ تاہم ڈاکٹروں نے اسے مردہ قرار دے دیا۔ متوفی لڑکی مبارک کالونی نور باغ کی رہائشی بتائی جاتی ہے اور وہ اپنے گھر میں لٹکی ہوئی پائی گئی۔ دریں اثناء حکام نے بتایا کہ/7

سدھرا جموں میں کئی قبائلی کنبوں کے مکانات کی مسماری پر انکوائری

حقائق کا پتہ لگانے والی کمیٹی کو 7 روز میں رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت

سرینگر/ جے کے این ایس کے مطابق جموں وکشمیر حکومت نے جموں ضلع کے سدھرا کے رانکا باطری علاقے میں قبائلی خاندانوں سے تعلق رکھنے والے کنبوں کے مکانات کی حالیہ مسماری کے سلسلے میں، جنگلات کے حقوق ایکٹ 2006 کی مبینہ خلاف ورزیوں کی تحقیقات کیلئے 2 رکنی فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی تشکیل دی ہے۔ 20 مئی 2026 کو حکومت کے کمشنر سیکریٹری برائے محکمہ قبائلی امور پرسنا راما سوامی (آئی اے ایس) کے ذریعہ جاری کردہ گورنمنٹ آرڈر زیر نمبر 18-JK(TAD) آف 2026 میں کہا گیا ہے کہ جموں وکشمیر حکومت نے ایک فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی تشکیل دی ہے جس کے ذریعے جنگلات کے حقوق ایکٹ 2006 کی مبینہ خلاف/6

ترال میں کشمیری پنڈت خاتون کا انتقال

آخری رسوم میں مسلمانوں اور سکھوں کی شرکت

سرینگر/ یو پی آئی/ جنوبی کشمیر کے ضلع پلوامہ کے ترال علاقے میں آج اس وقت یکجہتی اور مذہبی ہم آہنگی کی ایک دل چھو لینے والی مثال دیکھنے کو ملی جب ایک کشمیری پنڈت خاتون کے آخری رسومات میں مسلمانوں اور سکھ برادری کے سینکڑوں افراد نے شرکت کی۔ معتبر ذرائع کے مطابق 90 سالہ جگری نامی بزرگ کشمیری پنڈت خاتون، جو 1990 میں عسکریت کے عروج کے باوجود اپنے آبائی گاؤں میدورہ ترال میں ہی مقیم رہیں، منگل کے روز انتقال کر گئیں۔ ان کے انتقال کی خبر جیسے ہی گاؤں میں پھیلی/5

جنوبی کوریا کے وزیر دفاع کے ساتھ راج ناتھ سنگھ کی ملاقات

دفاع، سائبر اور دیگر شعبوں میں تعاون کے معاہدے پر دستخط

نئی دہلی/ یو این آئی/ ہندوستان اور جنوبی کوریا نے علاقائی امن، استحکام اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں تعاون بڑھانے کے ساتھ خصوصی اسٹریٹجک شراکت داری کو اور مضبوط کرنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ دو ممالک کے سفر کے دوسرے مرحلے میں منگل کو جنوبی کوریا کے دارالحکومت سیول پہنچے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے جنوبی کوریا کے وزیر دفاع کے ساتھ میٹنگ کے بعد یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی کوریا کے وزیر دفاع کے ساتھ ان کی میٹنگ انتہائی کامیاب رہی اور اس دوران دونوں ممالک نے دفاع، سائبر تعاون اور دیگر شعبوں میں تعاون کے معاہدے پر دستخط کیے۔ میٹنگ کے بعد مسٹر سنگھ نے بدھ کو سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں کہا، "سیول میں میرے جنوبی کوریائی ہم منصب آہن گیو بیک کے ساتھ بہترین میٹنگ ہوئی۔/9

لال بازار میں مطلوب منشیات فروش کا مکان منہدم/ حکام

پولیس کے مطابق یہ جائیداد تقریباً نو مرلہ اراضی پر تعمیر کی گئی تھی

سرینگر/ یو این ایس کے مطابق سرکاری حکام کے مطابق سرینگر پولیس نے "نشہ مکت جموں وکشمیر ابھیان" کے تحت کارروائی کرتے ہوئے لال بازار علاقے میں ایک مطلوب منشیات فروش سے وابستہ تقریباً ڈیڑھ کروڑ روپے مالیت کی غیر قانونی تعمیر کو منہدم کر دیا۔ پولیس اسٹیشن لال بازار کی ٹیم نے باغ بازار میں سرکاری اراضی پر تعمیر کئے گئے دو منزلہ غیر قانونی ڈھانچے، ملحقہ کمرے اور واش روم کو مسمار کیا۔ پولیس کے مطابق یہ جائیداد تقریباً نو مرلہ اراضی پر تعمیر کی گئی تھی اور اس کا تعلق مبینہ طور پر منشیات فروش ارشد احمد شیخ ولد ولی محمد شیخ ساکن باغ بازار لال بازار سے تھا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مذکورہ شخص این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت درج متعدد مقدمات میں مطلوب ہے۔ ان میں پولیس اسٹیشن جانی پور جموں میں درج ایف آئی آر نمبر 31/2025 اور پولیس اسٹیشن لال بازار میں درج ایف آئی آر نمبر 50/2025 شامل ہیں۔ کارروائی ایگزیکٹو مجسٹریٹ خانیار اور سرینگر میونسپل کارپوریشن کے افسران کی موجودگی میں انجام دی گئی۔

امرناتھ یاترا کیلئے ساڑھے تین لاکھ افراد نے نام درج کرائے

3 جولائی سے بالتل سونہ مرگ اور نون پہلگام راستوں سے شروع ہوگی

سرینگر/ یو این ایس/ سالانہ شری امرناتھ جی یاترا 2026 کیلئے ملک بھر سے عقیدت مندوں کی غیر معمولی دلچسپی دیکھنے کو مل رہی ہے اور اب تک ساڑھے تین لاکھ سے زائد یاتریوں نے اپنی رجسٹریشن مکمل کر لی ہے۔ یاترا کیلئے رجسٹریشن کا عمل 15 اپریل سے شروع ہوا تھا جو ملک بھر میں قائم 550 نامزد بینک شاخوں کے ذریعے جاری ہے۔ 57 روزہ طویل امرناتھ یاترا 3 جولائی سے بالتل۔سونہ مرگ اور نون۔پہلگام کے روایتی راستوں سے شروع ہوگی جبکہ 28 اگست کو ساون پورنیما اور رکشا بندھن کے موقع پر اختتام پذیر ہوگی۔ یاترا کو پُرامن، محفوظ اور سہل بنانے کیلئے انتظامیہ، شری امرناتھ شرائن بورڈ اور مختلف محکموں کی جانب سے وسیع پیمانے پر تیاریاں جاری ہیں۔ یو این ایس کے مطابق رجسٹریشن پنجاب نیشنل بینک، جموں وکشمیر بینک، اسٹیٹ بینک آف انڈیا اور یس بینک کی مخصوص شاخوں میں کی جا رہی ہے۔ حکام کے مطابق گزشتہ برسوں کے مقابلے میں اس بار رجسٹریشن کی رفتار زیادہ تیز ہے جس سے یاتریوں کے بڑھتے ہوئے رجحان کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ اس سال پہلی مرتبہ شری امرناتھ شرائن بورڈ کی جانب سے یاتریوں کیلئے خصوصی ساؤنڈ اینڈ لائٹ شو کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ یہ شو یاتری نواس پنتھہ چوک/10

کثیر فریقی فوجی مشق پرگتی شروع، 12 دوست ممالک کے فوجی لے رہے ہیں حصہ

بھوٹان، کمبوڈیا، انڈونیشیا، لاؤس، ملائیشیا، مالدیپ، میانمار، نیپال بھی شامل

نئی دہلی/ یو این آئی/ میگھالیہ کے عمری ملٹری اسٹیشن میں ہندوستانی فوج کی کثیر فریقی فوجی مشق پرگتی 2026 بدھ کو شروع ہو گئی جس میں بھوٹان، کمبوڈیا، انڈونیشیا، لاؤس، ملائیشیا، مالدیپ، میانمار، نیپال، فلپائن، سیشلز، سری لنکا اور ویتنام سمیت 12 دوست ممالک کے فوجی حصہ لے رہے ہیں۔ ان ممالک کے فوجی دستوں کی آمد پر ان کا گرمجوشی اور روایتی انداز میں استقبال کیا گیا جو ہندوستان کی مالا مال ثقافتی وراثت اور مہمان نوازی کو ظاہر کرتا ہے۔ پرگتی (پی آر اے جی اے ٹی آئی) جس کا مطلب 'ہند۔بحرالکاہل کے خطے میں ترقی اور تبدیلی کے لیے علاقائی افواج کی شراکت داری' ہے، کا انعقاد مساوات، دوستی اور باہمی احترام کے جذبے سے کیا جا رہا ہے۔ یہ مشق افواج کو پیشہ ورانہ جائزے، ایک دوسرے کے تجربات سے سیکھنے اور قریبی فوجی تعلقات قائم کرنے کے لیے ایک مشترکہ پلیٹ فارم فراہم کرتی ہے۔ افتتاحی تقریب میں سینئر فوجی افسران اور معززین موجود تھے۔ ہندوستانی فوج کے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل (اطلاعات) میجر جنرل سنیل شیوران نے تمام دستوں کا استقبال کیا اور عصر سیکیورٹی چیلنجوں سے نمٹنے میں اجتماعی شرکت کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے تمام شرکاء کو کھلے پن، باہمی احترام اور ایک دوسرے کے تجربات سے سیکھنے کی آمادگی کے ساتھ حصہ لینے کی ترغیب دی۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ہر ملک کی صلاحیت اور انفرادی طرز مشق کے اجتماعی اہداف کو حاصل کرنے میں باہمی تعاون کریں گے۔

نامعلوم شخص نے جہلم میں چھلانگ لگا دی

پولیس کی ٹیم نے آپریشن شروع کیا



سرینگر/ بدھ کی دیر شام سری نگر کے لال چوک علاقے میں بدھ شاہ پل سے ایک نامعلوم شخص نے مبینہ طور پر دریائے جہلم میں چھلانگ لگا دی۔ واقعے کے فوراً بعد پولیس موقع پر پہنچ گئی جبکہ ایس ڈی آر ایف اور پولیس کی ٹیموں کو تلاش اور بچاؤ آپریشن شروع کرنے کے لیے کام میں لگا دیا گیا۔

پاکستان کی طرف سے ڈرون کے ذریعے گرائی گئی ہیروئن ضبط

وزن تقریباً 1.5 سے 2 کلو گرام تھا

جموں/ یو این آئی/ جموں وکشمیر پولیس نے بدھ کے روز بشناہ علاقے میں بین الاقوامی سرحد (انٹرنیشنل بارڈر) کے پاس پاکستان کی طرف سے ڈرون کے ذریعے گرائی گئی ہیروئن کی ایک بڑی کھیپ ضبط کی ہے۔ پولیس ترجمان نے ایک بیان میں کہا کہ سرحد پار سے منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف ایک بڑی کامیابی میں، بشناہ میں جموں ہیڈ کوارٹر زون پولیس نے آج صبح ہیروئن کی ایک بڑی کھیپ برآمد کی، جس کا وزن تقریباً 1.5 سے 2 کلو گرام تھا۔ یہ منشیات ہندوستانی سرحد کے پاس ایک ڈرون کے ذریعے گرائی گئی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ "گزشتہ ہفتے ملنے والی خفیہ معلومات کی بنیاد پر، پولیس ٹیمیں مشتبہ علاقوں میں 24 گھنٹے کڑی نگرانی رکھ رہی تھیں۔" انہوں نے مزید کہا کہ احتیاط سے کی گئی یہ منصوبہ بندی اس وقت کامیاب ہوئی جب اس غیر قانونی کھیپ کو اس کے طے شدہ ٹھکانوں تک پہنچنے سے پہلے ہی ضبط کر لیا گیا۔

دو پروفیسروں کی دو ادبی کتابوں کی رونمائی پر ادب نوازوں کا اجتماع

پروفیسر فاروق فیاض کا شعری مجموعہ "سایبان" اور پروفیسر رتن تلاشی کے تنقیدی مضامین "پرخاش" پر تبصرے

سرینگر/جمیل انصاری//// جموں اینڈ کشمیر اکیڈمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز کے اہتمام سے کلچرل اکیڈمی کے سمینار ہال واقع لال منڈی سری نگر میں ایک شاندار اور یادگار رسم رونمائی کی تقریب آراستہ ہوئی جس میں ادیبوں، شاعروں، دانشوروں، محققین اور ادب دوست حضرات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران کشمیری زبان کی دو اہم تصانیف کی رسم رونمائی انجام دی گئی جن میں پروفیسر پروفیسر فاروق فیاض کے شعری مجموعے "سائبان" اور پروفیسر پروفیسر رتن تلاشی کے تنقیدی مضامین پر مشتمل مجموعے "پرخاش" شامل ہیں۔ حاضرین نے دونوں کتابوں کو کشمیری ادب میں ایک اہم اضافہ قرار دیتے ہوئے ان کی ادبی اور تحقیقی اہمیت کو سراہا۔ تقریب کی شروعات میں وادی کے معروف فوک گلوکار گلزار احمد گنائی نے کلامِ فاروق فیاض پیش کر کے حاضرین کو محظوظ کیا۔ تقریب کے آغاز میں جاوید اقبال (ایڈیٹر کشمیری) نے مہمانوں، ادیبوں، شاعروں اور شرکائے تقریب کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے اپنے استقبالیہ خطبے میں اکیڈمی کے ادبی و ثقافتی کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اکیڈمی علاقائی زبانوں، ادب اور ثقافت کے فروغ و تحفظ کے لیے مسلسل ادبی تقریبات، سیمینار، مشاعرے اور کتابوں کی رونمائی کی تقاریب منعقد کرتی آ رہی ہے۔ انہوں نے دونوں مصنفین کو ان کی ادبی خدمات پر مبارکباد پیش کی اور تقریب میں عوامی شرکت کو خوش آئند قرار دیا۔ تقریب کی صدارت معروف شاعر اور براڈ کاسٹر رفیق راز نے کی جبکہ ممتاز ادیب اور دانشور فاروق مسعودی مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے تقریب میں شریک ہوئے۔ معروف کارٹونسٹ بشیر احمد بشیر تقریب کے مہمانِ ذی وقار کی حیثیت ت۔۔۔/109

وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسمبلی وانی نے نئے اسمبلی کمپلیکس

کے جاری تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا، جموں میں ترقیاتی کاموں کا معائینہ کیا

جموں/20 مئی//وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی نے آج جموں میں نئے قانون ساز کمپلیکس کے سائٹ پر جامع جائزہ لیا۔ دورے کا مقصد جاری تعمیراتی کاموں کا معائینہ کرنا اور یہ یقینی بنانا تھا کہ عمل آوری ایجنسی عالمی معیار کے مطابق قانون سازی کی موثر کارکردگی اور اقادیت کے لئے جدید ترین بنیادی ڈھانچے کی تمام سہولتیں اپنائے۔ ایگزیکٹو انجینئر پی ڈبلیو ڈی (آر اینڈ بی) پروجیکٹ ڈویژن دوم نے منصوبے کا جائزہ، ہر فلور پر بننے والی سہولیات، اسمبلی ہال کی بڑھائی گئی نشستوں کی گنجائش، مرکزی ہال کی تعمیر، بیرونی فنشنگ وغیرہ کے بارے میں تفصیلات پیش کیں۔ دورے کے دوران مشیر موصوف نے مرکزی اسمبلی ہال، انتظامی چیمبروں نز اور آس پاس کے عوامی اقادیت کی جگہوں کا معائینہ کیا۔ انہوں نے یونین ٹیریٹری میں جمہوری ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے حکومت کے عزم پر زور دیتے ہوئے عمل آوری ایجنسی کو باقی ماندہ تکمیلی کاموں میں تیزی لانے اور منصوبے کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ جدید کمپلیکس کی۔۔۔/102

کشمیر میں بی جے پی کی قیادت اور وژن پر

عوامی اعتماد میں اضافہ بدلتے سیاسی رجحان کا عکاس/ اشوک کول

سرینگر، 20 مئی //بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے ایک عظیم الشان شمولیتی پروگرام کے دوران، جو جواہر نگر سرینگر میں منعقد ہوا، کئی سرکردہ سیاسی رہنماؤں، ٹریڈ یونین نمائندوں اور سماجی کارکنان نے بی جے پی میں شمولیت اختیار کی۔ یہ شمولیتی پروگرام جموں و کشمیر بی جے پی کے جنرل سیکریٹری (تنظیم) اشوک کول، جنرل سیکریٹری محمد انور خان، جموں و کشمیر وقف بورڈ کی چیئرپرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی، بی جے پی سیکریٹریز عارف راجہ اور مدثر وانی، اور ضلع صدر ایڈوکیٹ شیخ سلمان کی موجودگی میں منعقد ہوا۔ نیشنل کانفرنس کے رہنما دانش ریاض ڈار، طارق صوفی، مشتاق ڈار، محمد رفیق، سینئر ٹریڈ یونین لیڈر شبیر احمد لنگو، سابق سینئر ٹریڈ یونین لیڈر اور چیئرمین نان گزٹیڈ ایمپلائز یونین جموں و کشمیر شمیم بزاز، بھارتیہ کسان سماج کے نائب صدر محمد یوسف زرگر، منیر لنگو اور سماجی کارکن منور چودھری نے اس موقع پر بی جے پی میں شمولیت اختیار کی۔ اشوک کول نے نئے اراکین کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ اس بڑے شمولیتی پروگرام سے واضح ہوتا ہے کہ کشمیر کے عوام کا بی جے پی کی پالیسیوں، قیادت اور وژن پر اعتماد مسلسل بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے کے ہر طبقے سے لوگ بی جے پی کے ساتھ جڑ رہے ہیں کیونکہ پارٹی ترقی، امن، شفافیت۔۔۔/105

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے ڈاکٹر درخشان اندرابی سمیت

پانچ شخصیات کو لال دید ایوارڈ سے نوازا

سرینگر//قومی سطح کی معروف تنظیم "سرحد" کی جانب سے آج ایس کے آئی سی سی میں لال دید ایوارڈ تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کی۔ تقریب کے دوران کشمیر کی مختلف شعبہ ہائے زندگی میں نمایاں خدمات انجام دینے والی پانچ ممتاز خواتین کو لال دید ایوارڈ سے نوازا گیا، جن میں جموں و کشمیر وقف بورڈ کی چیئرپرسن ڈاکٹر سید درخشان اندرابی بھی شامل تھیں۔ ڈاکٹر درخشان اندرابی کو گزشتہ دو دہائیوں کے دوران جموں و کشمیر میں صوفی۔ ریشی روایت کے احیاء اور مختلف برادریوں کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرنے کے لیے انجام دی گئی نمایاں خدمات کے اعتراف میں یہ اعزاز دیا گیا۔ "سرحد" کے قومی چیئرمین سنجے نہار نے کہا کہ ڈاکٹر اندرابی کی سماجی زندگی، ادب اور فکری مباحث میں خدمات قابلِ ستائش ہیں اور ان کا اعتراف۔۔۔/104

جموں میں غریب خاندانوں کے مکانات کی مسماری انسانی حقوق کی خلاف ورزی

موجودہ چیلنجوں اور آزمائشوں کا سامنا یکجہتی کیساتھ کیا جاسکتا ہے/ ڈاکٹر فاروق عبداللہ

سرینگر//کشمیر کے باغیرت، باشعور اور دور اندیش عوام نے ہر پرآشوب، نازک اور کٹھن دور کا ہمیشہ اتحاد، حوصلے اور خندہ پیشانی کے ساتھ مقابلہ کیا ہے۔ ماضی کی طرح آج بھی ضرورت اس بات کی ہے کہ لوگ مستقبل میں درپیش چیلنجوں اور آزمائشوں کا سامنا یکجہتی، عزم اور باہمی اعتماد کے ساتھ کریں۔ جموں و کشمیر صوفیوں، ریشیوں، اولیائے کرام اور منیوں کی سرزمین رہی ہے۔ ان عظیم ہستیوں نے ہمیشہ ہمیں امن، بھائی چارے، انسان دوستی اور مذہبی رواداری کا درس دیا۔ انہوں نے انسان کو عزتِ نفس، باوقار زندگی، اچھے رہن سہن، دیانتدارانہ تجارت اور والدین و بزرگوں کے احترام کی تعلیم دی، جو ہماری تہذیب و ثقافت کا قیمتی سرمایہ ہے۔ ان باتوں کا اظہار صدر نیشنل کانفرنس ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے جموں میں ایک افسوسناک واقعے پر شدید تشویش اور مذمت کا اظہار کیا، جس میں غریب اور پسماندہ طبقوں کے درجنوں مکانات کو منہدم کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ جموں میں جاری شدید گرمی کے باوجود انتظامیہ نے بے حسی اور ناانصافی کا مظاہرہ کیا، جو انسانی حقوق کی صریح خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر انصاف پسند شہری اس واقعے کی مذمت کرتا ہے۔

سکینہ ایتو کھنہ بل اور اننت ناگ میں عوامی دربار کے دوران

اننت ناگ اور کلگام کے مختلف عوامی وفود سے ملیں

اننت ناگ 20 مئی//وزیر برائے صحت اور طبی تعلیم، سماجی بہبود اور تعلیم محترمہ سکینہ ایتو نے آج یہاں ڈاک بنگلہ کھنہ بل میں منعقدہ عوامی دربار کے دوران اننت ناگ اور کلگام اضلاع کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے کئی عوامی وفود سے ملاقات کی اور عوامی مسائل اور ترقیاتی مطالبات غور سے سنے۔ اس موقع پر ایم ایل اے پہلگام الطاف احمد وانی (کلو)، ایم ایل اے اننت ناگ ویسٹ عبدالمجید بھٹ (لاری)، ایم ایل اے شانگس۔ اننت ناگ ایسٹ ریاض احمد خان، کلگام اور اننت ناگ اضلاع کے پروگرام آفیسر، سی ای او، سی ایم او ڈی ایس ڈبلیو او، مختلف محکموں کے ایگزیکٹو انجینئر اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ عوامی دربار کے دوران مقامی رہائشیوں، سماجی کارکنوں اور کمیونٹی ممبران پر مشتمل وفود نے وزیر کو اپنے اپنے علاقوں میں صحت، تعلیم اور عوامی بہبود کے شعبوں سے متعلق مختلف مسائل سے آگاہ کیا۔ انہوں نے صحت کی دیکھ بھال کرنے والے پیشہ ور افراد کی کمی کو پورا کرنے کیلئے ہسپتالوں اور بنیادی صحت کے اداروں میں صحت۔۔۔/107

آئی اے ایس او ڈبلیو اے نے گورنمنٹ مڈل سکول ڈوڈی گجر کاونی میں عطیہ مہم کا انعقاد کیا

جموں 20 مئی//آئی اے ایس آفیسرز ایسوسی ایشن (آئی اے ایس او ڈبلیو اے) نے گورنمنٹ مڈل سکول ڈوڈی گجر کاونی جموں میں ایک بامعنی عطیہ مہم کا انعقاد کیا جس کا مقصد طلباء کی مدد کرنا اور علاقے میں بچوں کے تعلیمی ماحول کو بہتر بنانا تھا۔ مہم کے دوران طلباء میں بیٹھنے کی میز، فرش میٹ، جوتے، نوٹ بکس، سٹیشنری کی اشیاء اور ریفریشمنٹ سمیت کئی مفید اشیاء تقسیم کی گئیں۔ عطیہ کردہ اشیاء کے علاوہ سرکاری اسکیموں کے تعاون سے اسکول میں اہم ترقیاتی کام بھی کئے گئے ہیں۔ ان میں واٹر پروفنگ اور انفراسٹرکچر سے متعلق دیگر بہتری وسائل شامل ہیں، جو طلباء کیلئے ایک محفوظ اور زیادہ آرامدہ ماحول بنانے میں مدد کرتی ہے۔ یہ پروگرام چیف سیکرٹری مسٹر اٹل ڈولو کی اہلیہ محترمہ مونیکا ڈولو کی قیادت میں منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر موجود اراکین میں ڈاکٹر پیش سنگلا کی اہلیہ اے گیتا نجلی سنگلا،۔۔۔/108

سپیکر جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی نے چوہدری گنڈ چاڈورہ میں پُل کا اِفتتاح کیا

بڈگام/20 مئی //سپیکر قانون ساز کونسل اسمبلی عبدالرحیم راتھر نے علاقائی بنیادی ڈھانچے میں ایک اہم سنگ میل قائم کرتے ہوئے آج چاڈورہ کے نالہ اپزاری پر چوہدری گنڈ میں 11.70 میٹر چوڑائی کے ایک نئے تعمیر شدہ ڈبل لین 25 میٹر پل کا باضابطہ افتتاح کیا۔ یہ پل 474.65 لاکھ کی تخمینہ لاگت سے تعمیر کیا گیا ہے جو مقامی رابطے کو بہتر بنانے، آمد و رفت کو آسان بنانے اور خطے میں معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ سپیکر موصوف نے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مضبوط کنکٹیویٹی نیٹ ورک کا قیام دیرپا ترقی کی بنیاد ہے۔ انہوں نے علاقائی منظرنامے کو سٹرمتھ بنیادی ڈھانچہ منصوبوں کے ذریعے علاقائی منظرنامے کو تبدیل کرنے کے لئے حکومتی عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا، "ہمارے حلقے کی ہمہ جہت ترقی کے لئے۔۔۔/106

چیف سیکریٹری نے انڈسٹریل بایوٹیک پارکس کے پائیدار منصوبے کا جائزہ لیا

بایوٹیک پارکس کو جدت، روزگار اور ٹیکنالوجی پر مبنی صنعتی ترقی کے مراکز بنانے پر زور

جموں، 20 مئی////// چیف سیکریٹری جموں و کشمیر اٹل ڈولو نے آج کٹھوعہ اور ہندوارہ میں قائم کیے جا رہے انڈسٹریل بایوٹیک پارکس کی تیاری، عملی ڈھانچے اور مستقبل کے پائیدار منصوبے کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ان پارکس کو جدت، صنعت کاری، کاروباری سرگرمیوں اور ٹیکنالوجی پر مبنی ترقی کے فعال مراکز میں تبدیل کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ جائزہ اجلاس میں کشنر سیکریٹری سائنس و ٹیکنالوجی محکمہ، کشنر سیکریٹری پلاننگ، ڈائریکٹر سی ایس آئی آر-انڈین انسٹی ٹیوٹ آف انٹیگریٹو میڈیسن، چیف ایگزیکٹو آفیسر جموں و کشمیر انرجی ڈیولپمنٹ ایجنسی، چیف ایگزیکٹو آفیسر سینٹر فار انوویشن اینڈ ٹرانسفارمیشن ان گورننس، مختلف یونیورسٹیوں کے فیکلٹی اراکین اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران چیف سیکریٹری نے گھٹی کٹھوعہ میں قائم انڈسٹریل بایوٹیک پارک میں دستیاب بنیادی ڈھانچے کا جائزہ لیا اور ہندوارہ بایوٹیک پارک منصوبے کی پیش رفت کا بھی معائنہ کیا۔ چیف سیکریٹری نے سائنس و ٹیکنالوجی محکمہ کو ہدایت دی کہ ماہرین کی جانب سے نشاندہی کردہ انتظامی خامیوں کو دور کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ان پارکس کے نظم و نسق کے لیے ایک ادارہ جاتی سوسائٹی پہلے ہی قائم ہے، تاہم روزمرہ امور کی پیشہ ورانہ بنیادوں پر نگرانی اور ان اثاثوں کے مؤثر استعمال کے لیے ایک مضبوط انتظامی نظام قائم کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے سائنس و ٹیکنالوجی محکمہ اور سی ایس آئی آر-آئی آئی ایم جموں کے کردار اور ذمہ داریوں کو واضح طور پر متعین کرنے پر زور دیا تاکہ اسٹارٹ اپس، صنعت کاری اور صلاحیت سازی کے لیے سازگار ماحول قائم کیا جا سکے۔ انہوں نے آئی آئی آئی ایم سے کہا کہ زمینی ضروریات کے مطابق ان مراکز پر ماہر افرادی قوت تعینات کی جائے۔۔۔/101

ڈپٹی کمشنر سرینگر کا زیون میں مہاجر ٹرانزٹ رہائشی

منصوبے کا جائزہ، بروقت تکمیل پر زور

سرینگر، 20 مئی////// ڈپٹی کمشنر سرینگر، اکشے لابرو نے آج ضلع کے زیون علاقے کا دورہ کر کے وزیر اعظم پیکیج ملازمین کے لیے تعمیر کیے جا رہے مہاجر ٹرانزٹ رہائشی منصوبے کے جاری کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے بٹھہ چوک میں نئے ریونیو کمپلیکس، جہاں تحصیل دفتر قائم کیا جانا ہے، کی تعمیراتی پیش رفت کا بھی معائنہ کیا۔ دورے کے دوران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عادل فرید، آئی اے ایس پروبیشنر الفریڈ تھامس، چیف پلاننگ آفیسر فیاض احمد ڈار، سپرنٹنڈنگ انجینئر آر اینڈ بی تعمیر۔۔۔/110

حکومت عوامی توقعات پر پورا اترنے کیلئے متحرک

شمیمہ فردوس کا حبہ کدل کا تفصیلی دورہ، لوگوں کے مسائل سُنے

سرینگر//نیشنل کانفرنس خواتین ونگ صدر و ایم ایل اے حبہ کدل ایڈوکیٹ شمیمہ فردوس نے آج اپنے حلقہ انتخاب حبہ کدل کے درجنوں علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے عوامی مسائل و مشکلات کا جائزہ لیا اور مختلف ترقیاتی و زیر تعمیر منصوبوں پر جاری کام کا معائنہ کیا۔ دورے کے دوران مقامی لوگوں نے انہیں متعدد عوامی مسائل سے آگاہ کیا، جن میں کئی علاقوں میں پینے کے پانی کی شدید قلت بھی شامل تھی۔ شمیمہ فردوس نے موقع پر ہی محکمہ پی ایچ ای کے حکام کو ہدایت دی کہ حبہ کدل کے ان تمام علاقوں میں پانی کی فراہمی فوری طور یقینی بنائی جائے جہاں صارفین پانی کی قلت کا سامنا کر رہے ہیں۔ اس موقع پر انہوں نے حبہ کدل چوک میں 12 لاکھ۔۔۔/111

OFFICE OF THE NAIB TEHSILDAR KREERI,

Application of Ghulam Mohmmad Mir S/o Sanawalh mir R/o Hail for issuance of Legal Heir Certificate. In F/o Son & Daughter for Marriage Assistance

NOTICE

Regarding the subject cited above, a detailed report was sought from the patwari haiqa concerned which reveals that the family of the applicant, Ghulam Mohammad Mir S/o Sonawallah Mir R/o Hail, consists of 07members. The annual income of the applicant's family from all sources is Rs. 76,000.

S. No	Name	Relationship	Age	Occupation	MARITAL STATUS
1.	Gh. Mohd Mir	Head	57	Labour	Married
2.	Sarwa Begum	Wife	55	H/W	Married
3.	Muzaffar Ahmad	Son	33	Labour	Married
4	Shahzada Begum	Daughter-in-law	30	H/W	Married
5.	Aiza Muzafer	Grand daughter	04	Infant	Un-married
6	Jameela	Daughter	26	H/W	Un-married
7	Javid Ahmed	Son	22	Student	Un-married

It is further submitted that Gh. Mohd Mir S/o Sonawallah Mir is a labourer by profession and the sole earning hand in the family. The applicant has applied for the issuance of an Income Dependent certificate in favor of his daughter Jameela and son Javid Ahmed.

The matter is being published through this notice If anyone has any kind of objection, he/she may approach this office within 7 days(Seven Days(of the publication. After the stipulated time of 7 days, no objections will be entertained.

Dated: 10/05/2026

Naib Tehsildar, Kreeri

PUBLIC NOTICE

I am working in Police Department as S.I presently posted at GRP Srinagar Nowgam, bearing PID No. EXK 921877 & Belt No. 1262/S. In my service records, my name is mentioned as AB. RASHID PARRAY instead of AB. RASHID PARAY my father's name is mentioned as GH. AHAMAD PARRAY instead of GH. AHMAD PARAY.Moreover, my residence is mentioned as SAFAPORA SUMBAL BARAMULLA. But at the time of the creation of new districts and tehsils, Safapora became a part of Tehsil Lar in Distt. Ganderbal. So my new residential address became SAFAPORA LAR GANDERBAL. Now in this regard, I want to correct these particulars in my service records. Anybody having any objection in this connection, may submit the same in the concerned office of the S.S.P. Railway Kashmir Srinagar, within a week, after which no objection will be entertained.

Ab- Rashid Paray S/o: Gh- Ahmad Paray R/o Safapora Lar Ganderbal

The Jammu and Kashmir Board of School Education
New Campus, Bemina Srinagar
Attention Please



The candidate whose photograph is affixed above reports that he/she has lost his/her Qualification Certificate/s has the following description:-
ROLL NO-:705279, Class-:MATRIC, YEAR SESSION -:ANNUAL OCT-NOV 1991,Registration No-:20715-TS-H-90,NAME-:SAJAD HUSSAIN DAR, MOTHER'S NAME-:MISRA BANO, FATHER'S NAME -:MOHD MAQBOOL DAR, DATE OF BIRTH -: 15-MAR-1976, RESIDENCE-:TRENZ SHOPIAN
Now the candidate has applied for issuance of a Duplicate Qualification Certificate. The same will be processed under rules. If anybody has any kind of objection in this regard, he/she may approach the office of the undersigned within 07 days from the date of publishing of this notice. After the expiry date, no objection shall be entertained.
Besides, the QUALIFICATION CERTIFICATE bearing Serial No: 171726 is to be treated as CANCELLED.

Sd/-Deputy Secretary,Certificates. KD.

IN THE COURT OF EXECUTIVE MAGISTRATE 1ST CLASS PANTHA CHOWK

In the case of: Ghulam Rasool Ganai S/o Mohammad Shaban Ganai R/o Zewan (Applicant)
V/s
Registrar Births & Deaths, Srinagar Municipal Corporation,(Non-Applicant)

Notice to Public At Large

Whereas, the above titled petition is under process in this court, seeking direction therein to the non-applicant for registration of Birth particulars of the applicant namely Ghulam Rasool Ganai S/o Mohammad Shaban Ganai R/o Zewan as 04/05/1949 at Home at Zewan.
Whereas, through the medium of this proclamation, the public at large is informed that in case, any one has any objection in issuance of direction with respect the registration of Birth particulars of the applicant, he shall file the same before this court in person or through counsal within 07days from the date of the registration of issuance of this publication. If the date fixed is declarod holiday, the matter will be taken on the next working day.
Given under my hand and seal of this office on (18.05.2026)

Executive Magistrate 1st Class, pantha chowk

PUBLIC NOTICE

I want to change the title of my name in my Bank records bearing Account No: 0249040100000801 from Samreena Mushtaq Khan to Samreena Mushtaq.
Now I have applied for the correction of the same. If anybody has any objection in this regard, he/she may file the same before the concerned authority of J&K Bank, B/u Nawakadal within a period of seven days from the date of publication of this notice. After that, no objection shall be entertained.

Samreena Mushtaq Khan

PUBLIC NOTICE

I, GULZAR AHMED SHEIKH (Applicant's Name) S/o WALI MOHD SHEIKH R/o HYDERPORA SRINAGAR, have applied for issuance of a Legal Heir Certificate before the Tehsildar, Chanapora/Natipora, Srinagar
It is hereby notified that my father namely WALI MOHD SHEIKH expired on 01-02-2026leaving behind the following legal heirs :

S. No	Name	Age	Relationship with deceassed
1	RAJA	61	Wife
2	NIGHAT	39	Daughter
3	GULZAR AHMED SHEIKH	38	Son
4	KULZUM WALI	37	Son

If any person has any objection(s(regarding the issuance of the said certificate, they may file their objection(s(before the office of the Tehsildar, Chanapora/Natipora or the Naib Tehsildar(Nowgam/Sanat Nagar) Srinagar within 07days from the date of publication of this notice.
No objection shall be entertained after the expiry of the stipulated period .

Gulzar Ahmed Sheikh
Contact No: 6006732188

سرینگر ٹائمز

21 مئی 2026، بروز جمعرات

کفایت شعاری وقت کی پکار

پچھلے کئی دنوں سے کفایت شعاری سے متعلق بہت ساری خبریں موصول ہو رہی ہیں۔ ان کا تعلق پیٹرولیم کی مصنوعات کو کم سے کم استعمال کرنے سے ہے۔ پیٹرول، ڈیزل یا گیس ان ضروری اشیاء کے فضول اور غیر ضروری استعمال کو روکنے کی اگر کامیاب کوششیں کی گئیں تو یقیناً نہ صرف گھر گھر میں بحران کی سی کیفیت پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ بلکہ بحیثیت مجموعی پوری قوم کی معاشی حالت کو خطرات سے محفوظ رکھا جاسکتا ہے۔ کفایت شعاری ویسے روزمرہ زندگی کا ایک حصہ ہونا چاہیے لیکن ہم اس وقت بیدار ہوتے ہیں کہ جب کوئی آفت پیروں کے نزدیک پہنچ گئی ہوتی ہے۔ امریکہ، ایران اور اسرائیل کے درمیان جنگ کے نتیجہ میں نہ صرف یہ تینوں ممالک پریشان حال اور نقصانات سے دوچار ہوگئے ہیں بلکہ دنیا کے اکثر ملکوں میں بحران سے عوام میں بے چینی پھیل گئی ہے۔ جنگ کے ماحول میں پیٹرول کی کمی اور دستیاب ہونے کی صورت میں قیمتوں میں زبردست اضافہ سے پیدا شدہ سنگین صورتحال نے گھر گھر میں تشویش کی لہر دوڑا دی ہے۔ اس سنگین پس منظر میں ہندوستان کی سرکار نے پیٹرولیم کو بچانے اور گیس کا صحیح استعمال کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ جس کا خاطر خواہ نتیجہ بھی برآمد ہو رہا ہے۔ سرکاری سطح پر کاروں کے کارواں کو نہ صرف کم کر دیا گیا بلکہ طرز زندگی کو تبدیل کرنے اور روزمرہ کام کے نظام کو بدلنے کے مشورہ دیے گئے۔ آج کئی سرکاری اداروں میں پیٹرول کو بچانے کیلئے ہنگامی سطح پر اقدام کیے جا رہے ہیں۔ کئی ریاستوں میں آن لائن تعلیم کی شروعات ہوگئی ہیں۔ یہاں تک کہ عدالتوں میں بھی آن لائن موڈ کے ذریعہ مقدمات پر ضروری کام کرنے کیلئے اقدامات کا فیصلہ ہو چکا ہے۔ اس کے نتیجہ میں عوام کو بھی پیٹرول اور گیس کے غلط اور غیر ضروری استعمال سے پیدا شدہ نقصانات کا احساس ہو چکا ہے۔

ابھی تک "جنگ" کا مکمل طور خاتمہ نہیں ہوسکا ہے۔ بظاہر "جنگ بندی" کا دعویٰ کیا جارہا ہے۔ مگر سچائی یہ ہے کہ الفاظ کی جنگ، گولہ بارود کے تبادلوں سے زیادہ خطرناک بن گئی ہے۔ کسی سمجھوتہ یا ڈیل پر پہنچنے میں ناکامی کے نتیجہ میں جنگ کے بادل منڈلا رہے ہیں اور کسی بھی وقت آگ و آہن کا سلسلہ پھر بحال ہوگا۔ اس صورتحال میں حالات کیسے نارمل ہوسکتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہر ملک کی سرکار اپنے عوام کو کفایت شعاری کا بھرپور مظاہرہ کرنے کی تلقین کر رہی ہے۔ ملک میں بھی اس طرح کی ایڈوائزری جاری ہو رہی ہے۔ لیکن ابھی تک کچھ معاملات میں حتمی فیصلہ نہیں لیا گیا۔ مثلاً آن لائن تعلیم پر زور تو دیا گیا مگر اس سلسلہ میں کوئی حکم جاری نہیں ہوا ہے۔ کسی سکول میں آن لائن سسٹم جاری ہے تو کسی میں نہیں۔ اس معاملہ میں حکام کو آخری فیصلہ کا اعلان کرنا ہوگا۔

تانبے کے برتنوں کی افادیت پر ایک نظر

عبدالحسن وانی

انسانی زندگی میں خوراک صرف پیٹ بھرنے کا ذریعہ نہیں بلکہ صحت، توانائی اور جسمانی تندرستی کی بنیاد بھی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہر دور میں لوگ نہ صرف اچھی غذا بلکہ صحت بخش برتنوں کے استعمال پر بھی توجہ دیتے رہے ہیں۔ قدیم زمانے میں تانبے کے برتن گھروں کی شان سمجھے جاتے تھے۔ ہمارے بزرگ پانی ذخیرہ کرنے، کھانا پکانے اور کھانا کھانے کے لیے تانبے کے برتن استعمال کرتے تھے۔ وقت کے ساتھ ساتھ اسٹیل، پلاسٹک اور نان اسٹک برتنوں نے ان کی جگہ لے لی، لیکن اب ایک بار پھر دنیا تانبے کے برتنوں کی طرف متوجہ ہو رہی ہے۔ جدید سائنسی تحقیقات نے بھی اس دھات کی افادیت کو تسلیم کیا ہے۔

تانبہ ایک قدرتی دھات ہے جسے انسانی جسم کے لیے نہایت اہم معدنیات میں شمار کیا جاتا ہے۔ اگر مناسب مقدار میں جسم کو تانبہ ملے تو یہ کئی جسمانی افعال کو بہتر بنانے میں مدد دیتا ہے۔ اسی لیے ماہرینِ صحت تانبے کے برتنوں کے معتدل استعمال کو مفید قرار دیتے ہیں۔ تانبے کے برتنوں میں پانی پینے اور کھانا کھانے کی روایت ہزاروں سال پرانی ہے۔ آیوروید میں بھی اس کا ذکر موجود ہے اور اسے جسم کے توازن کو برقرار رکھنے والا ذریعہ کہا گیا ہے۔ قدیم تہذیبوں میں لوگ یہ سمجھتے تھے کہ تانبہ بیماریوں سے بچانے کی صلاحیت رکھتا ہے اور آج سائنس بھی اس بات کی تصدیق کرتی نظر آتی ہے کہ تانبے میں جراثیم کش خصوصیات موجود ہوتی ہیں۔ تانبے کے برتنوں کا سب سے مشہور فائدہ ان کی اینٹی بیکٹیریل خصوصیات ہیں۔ تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ تانبے کی سطح پر بہت سے نقصان دہ جراثیم زیادہ دیر زندہ نہیں رہ سکتے۔ یہی وجہ ہے کہ تانبے کے برتن میں رکھا ہوا پانی نسبتاً زیادہ صاف اور محفوظ سمجھا جاتا ہے۔ دیہی علاقوں میں آج بھی لوگ رات بھر پانی تانبے کے لوٹے یا جگ میں رکھ کر صبح نہار منہ پیتے ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ تانبے کے برتن میں رکھا پانی نظامِ ہضم کو بہتر بنانے میں مدد دیتا ہے۔ یہ معدے کی صفائی، بدہضمی اور گیس جیسے مسائل میں فائدہ پہنچا سکتا ہے۔ بعض لوگوں کا ماننا ہے کہ صبح خالی پیٹ تانبے کے برتن کا پانی پینے سے جسم سے زہریلے مادے خارج ہوتے ہیں اور نظامِ انہضام مضبوط ہوتا ہے۔ تانبہ جسم میں آئرن کے جذب میں بھی مددگار سمجھا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مناسب مقدار میں اس کا استعمال خون کی کمی کے خطرے کو کم کرنے میں معاون ہو سکتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ جسم میں نئے خلیات کی تشکیل، ہڈیوں کی مضبوطی اور اعصابی نظام کی بہتر کارکردگی میں بھی کردار ادا کرتا ہے۔

دل کی صحت کے حوالے سے بھی تانبے کو مفید تصور کیا جاتا ہے۔ بعض تحقیقات کے مطابق تانبہ جسم میں کولیسٹرول کے توازن کو برقرار رکھنے میں مدد دے سکتا ہے۔ اگرچہ یہ کوئی جادوئی علاج نہیں، لیکن صحت مند طرزِ زندگی کے ساتھ اس کا مناسب استعمال فائدہ مند ہو سکتا ہے۔ تانبے کے برتنوں کے استعمال کو جلد کی صحت سے بھی جوڑا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ تانبہ جسم میں کولیجن کی پیداوار میں مدد دیتا ہے جس سے جلد تر و تازہ رہتی ہے۔ بعض لوگ یہ بھی دعویٰ کرتے ہیں کہ اس سے بڑھاپے کے آثار سست پڑ سکتے ہیں، اگرچہ اس حوالے سے مزید تحقیق کی ضرورت موجود ہے۔ مدافعتی نظام کو مضبوط بنانے میں بھی تانبے کے کردار پر گفتگو کی جاتی ہے۔ چونکہ اس میں جراثیم کش خصوصیات پائی جاتی ہیں، اس لیے یہ جسم کو بعض انفیکشنز سے بچانے میں مددگار ہو سکتا ہے۔ خاص طور پر موسم کی تبدیلی کے دوران صاف پانی اور صحت مند غذا کے ساتھ تانبے کا استعمال فائدہ دے سکتا ہے۔

تاہم ہر اچھی چیز کی طرح تانبے کے استعمال میں بھی احتیاط ضروری ہے۔ اگر تانبے کے برتن کو غلط طریقے سے استعمال کیا جائے تو نقصان بھی ہو سکتا ہے۔ مثال کے طور پر کھٹی یا تیزابی چیزیں جیسے لیموں، دہی، اچار یا سرکہ تانبے کے ساتھ کیمیائی ردعمل پیدا کر سکتی ہیں۔ اس سے ایسے مرکبات بن سکتے ہیں جو صحت کے لیے نقصان دہ ہوں۔ اسی لیے ماہرین مشورہ دیتے ہیں کہ تانبے کے برتن میں زیادہ دیر تک کھٹی غذائیں نہ رکھی جائیں۔

بازار میں اکثر تانبے کے برتن اندر سے قلعی شدہ ہوتے ہیں۔ قلعی ایک حفاظتی تہہ ہوتی ہے جو کھانے کو براہِ راست تانبے کے رابطے سے بچاتی ہے۔ اگر قلعی خراب ہو جائے تو برتن دوبارہ قلعی کروانا ضروری ہوتا ہے۔ پرانے زمانے میں گھروں میں باقاعدگی سے قلعی کروائی جاتی تھی تاکہ برتن محفوظ رہیں۔ تانبے کے برتنوں کی صفائی بھی خاص توجہ چاہتی ہے۔ وقت کے ساتھ ان پر سیاہ یا سبز رنگ کی تہہ جم سکتی ہے۔ اس تہہ کو صاف کرنا ضروری ہے کیونکہ یہ صحت کے لیے نقصان دہ ہو سکتی ہے۔ عام طور پر لیموں اور نمک یا سرکے سے برتن صاف کیے جاتے ہیں، لیکن صفائی کے بعد برتن کو اچھی طرح دھونا ضروری ہے۔ یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ جسم کو تانبہ بہت کم مقدار میں درکار ہوتا ہے۔ ضرورت سے زیادہ تانبہ جسم میں جمع ہو جائے تو متلی، پیٹ درد اور دیگر مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ اس لیے اعتدال سب سے اہم اصول ہے۔ صرف تانبے کے برتن استعمال کرنا ہی اچھی صحت کی ضمانت نہیں بلکہ متوازن غذا، ورزش اور صاف ستھری عادات بھی ضروری ہیں۔

آج کل ماحول دوست زندگی گزارنے کا رجحان بڑھ رہا ہے اور اس تناظر میں تانبے کے برتن دوبارہ مقبول ہو رہے ہیں۔ پلاسٹک کے مقابلے میں دھاتی برتن زیادہ پائیدار اور ماحول کے لیے بہتر سمجھے جاتے ہیں۔ تانبے کی خوبصورتی بھی گھروں کی زینت بڑھاتی ہے۔ بہت سے لوگ تانبے کے جگ، گلاس اور پتیلے صرف صحت ہی نہیں بلکہ روایتی خوبصورتی کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔ دیہات اور پرانے کشمیری گھروں میں آج بھی تانبے کے برتن ایک ثقافتی اہمیت رکھتے ہیں۔ شادی بیاہ اور خاص تقریبات میں ان کا استعمال روایت کا حصہ سمجھا جاتا ہے۔ یہ صرف برتن نہیں بلکہ ہماری تہذیب و ثقافت کی علامت بھی ہیں۔

بچوں اور نوجوان نسل کو بھی چاہیے کہ وہ اپنے بزرگوں کی اچھی روایات سے سیکھیں۔ اگر مناسب احتیاط کے ساتھ تانبے کے برتن استعمال کیے جائیں تو یہ صحت مند طرزِ زندگی کا حصہ بن سکتے ہیں۔ تاہم کسی بھی طبی مسئلے کی صورت میں ڈاکٹر کے مشورے کو ترجیح دینا ضروری ہے۔ ماہرین یہ بھی مشورہ دیتے ہیں کہ اگر کوئی شخص پہلی بار تانبے کے برتن استعمال کر رہا ہو تو آہستہ آہستہ اس عادت کو اپنائے۔ مثلاً پہلے صرف تانبے کے جگ میں پانی رکھ کر پینا شروع کرے۔ اگر جسم میں کوئی منفی علامت محسوس نہ ہو تو پھر محدود حد تک دوسرے استعمال بھی کیے جا سکتے ہیں۔

آج کی مصروف زندگی میں لوگ اکثر صحت کے بنیادی اصول بھول جاتے ہیں۔ فاسٹ فوڈ، مصنوعی مشروبات اور غیر متوازن خوراک نے کئی بیماریوں کو جنم دیا ہے۔ ایسے میں قدرتی اور روایتی طریقوں کی طرف واپسی ایک مثبت قدم ہو سکتی ہے۔ تانبے کے برتنوں کا استعمال بھی انہی روایتی عادات میں شامل ہے جو اعتدال کے ساتھ اپنائی جائیں تو فائدہ مند ثابت ہو سکتی ہیں۔

تانبے کے برتن صرف ایک فیشن یا پرانی روایت نہیں بلکہ ان کے پیچھے صحت سے جڑی کئی حکمتیں موجود ہیں۔ اگر صحیح معلومات اور احتیاط کے ساتھ ان کا استعمال کیا جائے تو یہ انسانی صحت کے لیے مفید ثابت ہو سکتے ہیں۔ تاہم ضرورت سے زیادہ استعمال یا غلط طریقہ نقصان دہ بھی ہو سکتا ہے۔ اس لیے بہتر یہی ہے کہ اعتدال، صفائی اور مناسب رہنمائی کو ہمیشہ مقدم رکھا جائے۔

کمپیوٹر کیبورڈ کی صفائی کی اہمیت اور اس کے فوائد

مرتضیٰ علی

آج کے جدید دور میں کمپیوٹر اور لیپ ٹاپ ہماری روزمرہ زندگی کا اہم حصہ بن چکے ہیں۔ دفاتر، تعلیمی اداروں، کاروباری مراکز اور گھروں میں کمپیوٹر کا استعمال مسلسل بڑھ رہا ہے۔ کمپیوٹر کے مختلف حصوں میں کی بورڈ ایک بنیادی اور سب سے زیادہ استعمال ہونے والا حصہ ہے۔ یہی وہ آلہ ہے جس کے ذریعے ہم اپنی معلومات کمپیوٹر تک پہنچاتے ہیں۔ تحریر، حساب کتاب، ڈیزائننگ، پروگرامنگ، آن لائن تعلیم، ای میل اور انٹرنیٹ براؤزنگ سمیت بے شمار کام کی بورڈ کے ذریعے انجام پاتے ہیں۔ چونکہ کی بورڈ کو بار بار ہاتھ لگایا جاتا ہے، اس لیے یہ گرد و غبار، جراثیم، کھانے کے ذرات اور میل کچیل جمع ہونے کی سب سے بڑی جگہ بن جاتا ہے۔ اگر اس کی مناسب صفائی نہ کی جائے تو یہ نہ صرف کمپیوٹر کی کارکردگی متاثر کرتا ہے بلکہ انسانی صحت کے لیے بھی نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔

کی بورڈ کی اہمیت کو سمجھنے کے لیے یہ جاننا ضروری ہے کہ کمپیوٹر کے استعمال کا زیادہ تر انحصار اسی پر ہوتا ہے۔ اگر کی بورڈ کے بٹن درست کام نہ کریں تو کمپیوٹر کا استعمال مشکل ہو جاتا ہے۔ بعض اوقات صرف ایک بٹن کے خراب ہونے سے پورا کام متاثر ہو جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کی بورڈ کی حفاظت اور صفائی کو معمول کا حصہ بنانا بے حد ضروری ہے۔

عام طور پر لوگ کمپیوٹر اسکرین یا سی پی یو کی صفائی پر توجہ دیتے ہیں لیکن کی بورڈ کو نظرانداز کر دیتے ہیں۔ حالانکہ کی بورڈ وہ حصہ ہے جو سب سے زیادہ گندا ہوتا ہے۔ ماہرین کے مطابق ایک عام کی بورڈ پر بیت الخلا کی نشست سے بھی زیادہ جراثیم موجود ہو سکتے ہیں کیونکہ لوگ اکثر بغیر ہاتھ دھوئے کی بورڈ استعمال کرتے ہیں، کھانا کھاتے ہوئے کمپیوٹر چلانا، چائے یا کافی پینا، دھول مٹی والے ماحول میں کام کرنا اور طویل عرصے تک صفائی نہ کرنا اس کی بڑی وجوہات ہیں۔

کی بورڈ کی صفائی نہ کرنے کا پہلا نقصان یہ ہوتا ہے کہ اس کے بٹن سخت یا خراب ہونے لگتے ہیں۔ گرد و غبار اور چھوٹے ذرات بٹنوں کے نیچے جمع ہو کر ان کی حرکت میں رکاوٹ بنتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں بعض بٹن دبانے پر کام نہیں کرتے یا ایک بٹن کئی بار دب جاتا ہے۔ اس طرح کام کی رفتار سست ہو جاتی ہے اور صارف کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

کی بورڈ کی گندگی انسانی صحت کے لیے بھی خطرناک ہو سکتی ہے۔ جب مختلف لوگ ایک ہی کمپیوٹر استعمال کرتے ہیں تو جراثیم ایک شخص سے دوسرے شخص تک منتقل ہونے کا امکان بڑھ جاتا ہے۔ دفاتر، کمپیوٹر لیبز اور سائبر کیفے اس کی واضح مثالیں ہیں۔ گندے کی بورڈ سے جلدی بیماریاں، الرجی اور انفیکشن پھیل سکتے ہیں۔ خاص طور پر نزلہ، زکام اور فلو جیسے وائرس ہاتھوں کے ذریعے آسانی سے منتقل ہوتے ہیں۔ اسی لیے طبی ماہرین کمپیوٹر استعمال کرنے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھونے کی تاکید کرتے ہیں۔

کی بورڈ کو صاف رکھنے سے نہ صرف اس کی عمر میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ کمپیوٹر کی مجموعی کارکردگی بھی بہتر رہتی ہے۔ صاف کی بورڈ استعمال کرنے میں آسانی پیدا کرتا ہے اور ٹائپنگ کی رفتار میں بھی بہتری آتی ہے۔ جو لوگ روزانہ گھنٹوں کمپیوٹر پر کام کرتے ہیں، ان کے لیے صاف ستھرا کی بورڈ ذہنی سکون اور آرام کا باعث بنتا ہے۔

کی بورڈ کی صفائی کے لیے چند آسان احتیاطی تدابیر اختیار کی جا سکتی ہیں۔ سب سے پہلے کمپیوٹر استعمال کرتے وقت کھانے پینے سے پرہیز کرنا چاہیے۔ اکثر لوگ چپس، بسکٹ یا دیگر اشیاء کھاتے ہوئے کی بورڈ استعمال کرتے ہیں جس کی وجہ سے ذرات بٹنوں کے درمیان پھنس جاتے ہیں۔ اسی طرح پانی، چائے یا کافی گرنے سے کی بورڈ مکمل طور پر خراب بھی ہو سکتا ہے۔

کی بورڈ صاف کرنے سے پہلے کمپیوٹر یا لیپ ٹاپ کو بند کر دینا چاہیے۔ اگر ممکن ہو تو کی بورڈ کو کمپیوٹر سے الگ کر لیا جائے۔ صفائی کے لیے نرم کپڑا، برش یا ہوا پھینکنے والا اسپرے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ بٹنوں کے درمیان موجود گرد صاف کرنے کے لیے چھوٹا برش بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ کپڑے کو ہلکا سا نم کر کے کی بورڈ کے اوپری حصے کو صاف کیا جا سکتا ہے، لیکن زیادہ پانی استعمال نہیں کرنا چاہیے کیونکہ نمی اندر جا کر سرکٹ کو نقصان پہنچا سکتی ہے۔

بعض لوگ الکحل والے سینیٹائزر یا جراثیم کش محلول بھی استعمال کرتے ہیں۔ یہ طریقہ جراثیم ختم کرنے میں مددگار ہوتا ہے، لیکن احتیاط ضروری ہے کہ محلول براہِ راست کی بورڈ پر نہ ڈالا جائے۔ بہتر یہ ہے کہ محلول کو کپڑے پر لگا کر صفائی کی جائے۔ لیپ ٹاپ کے کی بورڈ کی صفائی میں خاص احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ اس کے بٹن نازک ہوتے ہیں۔ زور سے دبانے یا نوکیلی چیز استعمال کرنے سے بٹن خراب ہو سکتے ہیں۔ اس لیے نرم برش اور ہلکے ہاتھ سے صفائی کرنا بہتر رہتا ہے۔

آج کل مارکیٹ میں کی بورڈ کور بھی دستیاب ہیں جو گرد و غبار اور پانی سے حفاظت کرتے ہیں۔ خاص طور پر ان لوگوں کے لیے یہ بہت مفید ہیں جو زیادہ وقت کمپیوٹر پر گزارتے ہیں۔ کی بورڈ کور صاف کرنا بھی آسان ہوتا ہے اور یہ اصل کی بورڈ کو محفوظ رکھتا ہے۔ دفاتر اور تعلیمی اداروں میں کمپیوٹر کی صفائی کے لیے باقاعدہ نظام ہونا چاہیے۔ کمپیوٹر لیبز میں روزانہ صفائی کی عادت اپنانا ضروری ہے تاکہ طلبہ اور اساتذہ جراثیم سے محفوظ رہ سکیں۔ اسی طرح دفاتر میں مشترکہ کمپیوٹر استعمال کرنے والے افراد کو حفظانِ صحت کے اصولوں پر عمل کرنا چاہیے۔

بچوں کو بھی شروع سے کمپیوٹر کے صحیح استعمال اور صفائی کی تربیت دینی چاہیے۔ اکثر بچے کھیل کھیل میں کی بورڈ پر زور سے ہاتھ مارتے ہیں یا کھانے کے دوران کمپیوٹر استعمال کرتے ہیں۔ اگر انہیں ابتدائی عمر سے احتیاط کی عادت ڈالی جائے تو وہ مستقبل میں اپنے آلات کی بہتر حفاظت کر سکیں گے۔

ٹیکنالوجی کے اس دور میں کمپیوٹر ہماری ضرورت بن چکا ہے، اس لیے اس کی دیکھ بھال بھی ہماری ذمہ داری ہے۔ ایک صاف ستھرا کی بورڈ نہ صرف ہماری شخصیت کا اچھا تاثر دیتا ہے بلکہ یہ منظم اور ذمہ دارانہ طرزِ زندگی کی علامت بھی ہے۔ جو لوگ اپنے کام کی جگہ کو صاف رکھتے ہیں، ان کی کارکردگی عموماً بہتر ہوتی ہے۔ کی بورڈ کی صفائی ایک معمولی کام محسوس ہو سکتا ہے لیکن اس کے فوائد بے شمار ہیں۔ یہ کمپیوٹر کی عمر بڑھاتا ہے، کام میں آسانی پیدا کرتا ہے، صحت کو بہتر رکھتا ہے اور جراثیم کے پھیلاؤ کو کم کرتا ہے۔ چند منٹ کی باقاعدہ صفائی مستقبل میں بڑے نقصان سے بچا سکتی ہے۔

کمپیوٹر کی بورڈ صرف ایک آلہ نہیں بلکہ ہمارے روزمرہ کاموں کا اہم ساتھی ہے۔ اس کی صفائی اور حفاظت ہماری ذمہ داری ہے۔ اگر ہم معمولی سی توجہ دیں اور صفائی کی عادت اپنا لیں تو نہ صرف ہمارا کمپیوٹر بہتر کام کرے گا بلکہ ہم بھی صحت مند اور پرسکون ماحول میں اپنا کام انجام دے سکیں گے۔ صاف کی بورڈ بہتر کارکردگی، اچھی صحت اور منظم زندگی کی علامت ہے، اور یہی عادت ہمیں جدید دور کے تقاضوں کے مطابق کامیاب بنا سکتی ہے۔

خبرونظر

نااہل بلاک ڈیولپمنٹ آفیسروں کی تنخواہیں بند

یو این ایس/ شمالی کشمیر کے ضلع کپواڑہ میں بلاک ڈیولپمنٹ افسران کی شدید کمی اور "اضافی چارج سسٹم" کے باعث منریگا اسکیم کی عمل آوری بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ ضلع میں اس وقت صرف 10 بی ڈی اوز 22 بلاکوں کی نگرانی کر رہے ہیں، جن میں سے کئی افسران کو ایک سے زائد بلاکس کا اضافی چارج دیا گیا ہے۔

محکمہ دیہی ترقی کے مطابق بعض بی ڈی اوز چار، تین اور دو بلاکس کی بیک وقت ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں، جس کے نتیجے میں منصوبہ بندی اور نگرانی کا نظام کمزور ہو گیا ہے اور مزدوردنوں کی تخلیق کے اہداف حاصل نہیں ہو سکے۔ یو این ایس کے مطابق اس صورتحال کے پیش نظر ایڈیشنل کمشنر ڈیولپمنٹ کپواڑہ نے سخت کارروائی کرتے ہوئے 10 بی ڈی اوز سمیت ان کے ماتحت اسسٹنٹ ایگزیکٹو انجینئرز، اسسٹنٹ انجینئروں اور دیگر فیلڈ اہلکاروں کی تنخواہیں اور اعزازیہ فوری طور پر روکنے کے احکامات جاری کیے ہیں۔

حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ کارکردگی "انتہائی ناقص اور غیر تسلی بخش" رہی اور بار بار ہدایات کے باوجود بہتری نہیں لائی گئی۔ حکام کے مطابق پہلے سہ ماہی کے دوران منریگا اہداف کے مقابلے میں کارکردگی انتہائی کم رہی، جسے "غفلت اور غیر سنجیدگی" قرار دیا گیا ہے۔ افسران کو روزانہ کی بنیاد پر پیش رفت رپورٹ جمع کرانے اور فوری طور پر منصوبوں کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت بھی دی گئی ہے۔

اسی طرح کشتواڑ ضلع میں بھی منریگا کی ناقص کارکردگی پر ایڈیشنل کمشنر ڈیولپمنٹ نے متعدد بی ڈی اوز کی تنخواہیں روکنے کا حکم دیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق اپریل 2026 کے دوران 15 ہزار یومیہ کے ہدف کے مقابلے میں صرف 70 یومیہ پیدا کیے گئے جو کہ انتہائی کم کارکردگی ہے۔ حکام نے بتایا کہ متعدد افسران کو شوکاز نوٹس جاری کیے گئے تھے تاہم جوابات غیر تسلی بخش پائے گئے، جس کے بعد یہ کارروائی عمل میں لائی گئی۔ بعض بلاکس میں کارکردگی صفر فیصد جبکہ چند میں نہ ہونے کے برابر رہی۔ انتظامیہ نے خبردار کیا ہے کہ اگر فوری طور پر کارکردگی بہتر نہ بنائی گئی تو مزید سخت تادیبی کارروائی، معطلی یا برطرفی بھی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔

اسمارٹ فونوں کے بڑھتے استعمال سے شرح پیدائش میں کمی

یو این ایس/ عالمی سطح پر ماہرین اور ماہرینِ معاشیات نے خبردار کیا ہے کہ اسمارٹ فونوں اور تیز رفتار انٹرنیٹ کے بڑھتے استعمال کے باعث شرح پیدائش میں نمایاں کمی دیکھنے میں آ رہی ہے، جو اب مختلف ممالک کے ساتھ ساتھ جموں و کشمیر جیسے خطوں میں بھی سماجی تبدیلیوں کے تناظر میں بحث کا موضوع بن رہی ہے۔

جموں و کشمیر کے سماجی ماہرین کے مطابق خطے میں بھی گزشتہ برسوں کے دوران نوجوانوں میں اسمارٹ فون اور سوشل میڈیا کے استعمال میں نمایاں اضافہ دیکھا گیا ہے، خاص طور پر تعلیمی اداروں اور شہری علاقوں میں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اگرچہ اس رجحان کے براہِ راست اثرات پر مزید تحقیق کی ضرورت ہے، تاہم سماجی روابط کی نوعیت میں تبدیلی واضح طور پر محسوس کی جا رہی ہے۔

ماہرینِ تعلیم اور سماجی کارکنوں کا کہنا ہے کہ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے فوائد اپنی جگہ اہم ہیں، تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ نوجوانوں میں متوازن طرزِ زندگی، حقیقی سماجی تعلقات اور خاندانی اقدار کو بھی فروغ دیا جائے تاکہ مستقبل میں سماجی ڈھانچے پر منفی اثرات سے بچا جا سکے۔ رپورٹ کے مطابق عالمی سطح پر شرح پیدائش میں یہ کمی ایک "خاموش مگر مسلسل" رجحان ہے، جو آنے والے برسوں میں آبادیاتی، معاشی اور سماجی پالیسیوں کو بھی متاثر کر سکتا ہے۔

یونیورسٹی آف نوٹرے ڈیم کے ماہرینِ معاشیات ایڈمن ہڈسن اور ہرنان موسکوسو بویدو کی تحقیق کے مطابق 2007 کے بعد سے نوجوانوں میں سماجی میل جول، ملاقاتوں اور دیرپا رومانوی تعلقات کی شرح میں واضح کمی واقع ہوئی ہے، جس کے نتیجے میں فیملی پلاننگ اور شرح پیدائش پر اثر پڑا ہے۔ یو این ایس کے مطابق تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ امریکہ میں ٹین ایج (نوجوان) پیدائش کی شرح میں تقریباً 71 فیصد تک کی ریکارڈ کمی آئی ہے، جبکہ یہ رجحان ان ممالک میں زیادہ تیزی سے سامنے آیا جہاں پہلے تیز رفتار موبائل انٹرنیٹ عام ہوا۔

ماہرین کے مطابق یہ ایک عالمی "ڈیموگرافک تبدیلی" ہے جو مختلف خطوں میں تقریباً ایک ہی طرز پر دیکھی جا رہی ہے۔ رپورٹس کے مطابق فرانس اور پولینڈ میں 2009 کے بعد، جبکہ میکسیکو، مراکش اور انڈونیشیا میں 2012 کے بعد شرح پیدائش میں واضح کمی دیکھی گئی۔

اسی طرح افریقہ میں 2013 سے 2015 کے دوران یہ رجحان تیزی سے سامنے آیا، جسے ماہرین نے اسمارٹ فون کے پھیلاؤ سے جوڑا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ ڈیجیٹل تفریح اور سوشل میڈیا کے بڑھتے استعمال نے نوجوانوں کے طرزِ زندگی کو بدل دیا ہے، جس کے باعث حقیقی زندگی میں ملاقاتوں، سماجی سرگرمیوں اور تعلقات بنانے کے مواقع کم ہو گئے ہیں۔

اس کا اثر خاندانی نظام اور آبادیاتی رجحانات پر بھی پڑ رہا ہے۔ ایک ڈیموگرافر کے مطابق جب نوجوان زیادہ وقت آن لائن گزارتے ہیں تو ان کے سماجی معیار اور تعلقات کے انتخاب پر بھی اثر پڑتا ہے، جس سے شادی اور خاندانی زندگی کے فیصلے تاخیر کا شکار ہو جاتے ہیں

امریکہ-چین سربراہی ملاقات سے بڑی پیش رفت نہیں ہوئی/گوتریس

ٹوکیو، 20 مئی (یو این آئی) اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے کہا ہے کہ امریکہ اور چین کے سربراہان کے درمیان حالیہ ملاقات سے اگرچہ کشیدگی میں کچھ کمی آئی ہے، تاہم دونوں ممالک کے درمیان کوئی بڑی پیش رفت سامنے نہیں آسکی۔ ان کے مطابق اسی وجہ سے چینی صدر شی جن پنگ کا ممکنہ دورۂ واشنگٹن اب غیر معمولی اہمیت اختیار کر گیا ہے۔ بدھ کے روز ٹوکیو میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انتونیو گوتریس نے کہا کہ گزشتہ ہفتے بیجنگ میں چینی صدر شی جن پنگ اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے درمیان ہونے والے مذاکرات کے باوجود کمزور تجارتی جنگ بندی میں توسیع پر اتفاق نہیں ہوسکا جس کی مدت رواں سال کے اختتام پر ختم ہو رہی ہے۔ گوتریس نے کہا کہ اگرچہ صدر ٹرمپ نے شی جن پنگ کی تعریف کی اور انہیں ستمبر میں واشنگٹن آنے کی دعوت دی ہے، لیکن دونوں ممالک کے درمیان ابھی تک کوئی نمایاں پیش رفت نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ستمبر میں شی جن پنگ کا ممکنہ دورۂ واشنگٹن انتہائی اہم ہوگا، خاص طور پر اس لیے کہ اسی دوران اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا اجلاس بھی منعقد ہو رہا ہے۔ گوتریس کے مطابق اگر یہ دورہ طے پا گیا تو شی جن پنگ 2015 کے بعد پہلی مرتبہ خود اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کر سکتے ہیں۔ اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل نے اس امکان کا خیر مقدم کیا، تاہم انہوں نے اس حوالے سے جاری سفارتی تیاریوں یا کسی حتمی منصوبے کی تصدیق نہیں کی۔ دوسری جانب گوتریس نے ایک بار پھر اقوام متحدہ کو درپیش مالی بحران پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ ادارہ شدید مالی دباؤ کا شکار ہے کیونکہ کئی رکن ممالک، خصوصاً امریکہ، اپنے واجب الادا فنڈز ادا نہیں کر رہے۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کو بقایا جات کی مد میں تین ارب ڈالر سے زائد رقم وصول ہونا باقی ہے۔

برطانیہ نے روسی تیل سے متعلق پابندیوں میں خاموشی سے نرمی کر دی

لندن، 20 مئی (یو این آئی) برطانوی حکومت نے آبنائے ہرمز کی کشیدہ صورتحال اور توانائی کے بڑھتے بحران کے پیش نظر روسی تیل سے متعلق بعض پابندیوں میں خاموشی سے نرمی کر دی ہے۔ نئی تجارتی اجازت کے تحت ایسے روسی تیل کی درآمد ممکن ہوگی جسے بھارت اور ترکی جیسے تیسرے ممالک میں صاف کر کے جیٹ ایندھن اور ڈیزل میں تبدیل کیا گیا ہو۔ بدھ کے روز نافذ ہونے والے تجارتی لائسنس کے مطابق برطانیہ اب ان مصنوعات کی درآمد کی اجازت دے گا جو روسی خام تیل سے تیار کی گئی ہوں، بشرطیکہ انہیں کسی تیسرے ملک میں ریفائن کیا گیا ہو۔ اس حوالے سے برطانیہ کے وزیر خزانہ ڈین ٹاملنسن نے کہا کہ یہ تبدیلیاں محدود مدت اور ایک مخصوص مسئلے کے حل کے لیے متعارف کرائی گئی ہیں۔ برطانیہ 2022 میں روس-یوکرین جنگ شروع ہونے کے بعد سے یوکرین کا اہم اتحادی رہا ہے، جبکہ لندن مسلسل یہ مؤقف اختیار کرتا آیا ہے کہ روس کے خلاف اس کی پابندیاں دنیا کی سخت ترین پابندیوں میں شمار ہوتی ہیں۔ تاہم برطانوی پارلیمنٹ کی خارجہ امور کمیٹی کی سربراہ ایمیلی تھورن بیری نے اس فیصلے پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یوکرین اس اقدام سے شدید مایوسی محسوس کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ یوکرین کے اتحادیوں کو روس کی تیل کی صنعت پر دباؤ برقرار رکھنا چاہیے کیونکہ یہی پابندیاں روسی معیشت پر سب سے زیادہ اثر ڈال رہی ہیں۔ ادھر اطلاعات ہیں کہ امریکہ نے بھی روس پر عائد بعض پابندیوں میں نرمی کی ہے۔ اس ہفتے کے آغاز میں امریکی وزیر خزانہ سکاٹ بیسنٹ نے روس کے خلاف پابندیوں میں دی گئی 30 روزہ نرمی میں توسیع کر دی تھی۔

اسرائیلی وزیرِ خزانہ نے فلسطینی گاؤں خان الاحمر خالی کرانے کا حکم دے دیا

یروشلم، 20 مئی (یو این آئی) اسرائیل کے وزیر خزانہ بیزلیل سموٹریچ نے مقبوضہ مغربی کنارے کے فلسطینی گاؤں خان الاحمر کو فوری طور پر خالی کرانے اور وہاں کے مکینوں کو بے دخل کرنے کا حکم جاری کر دیا ہے۔ سموٹریچ نے اس اقدام کو ان اطلاعات کا ردِعمل قرار دیا ہے جن کے مطابق بین الاقوامی فوجداری عدالت (آئی سی سی) ان کے خلاف ممکنہ قانونی کارروائی پر غور کر سکتی ہے۔ انتہائی دائیں بازو کی مذہبی جماعت سے تعلق رکھنے والے بیزلیل سموٹریچ نے کہا کہ اگر انہیں گرفتار کرنے کی کوشش کی گئی تو وہ اسے "اعلانِ جنگ" تصور کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اپنے اختیارات کے دائرے میں ہر اس ہدف کے خلاف کارروائی کریں گے جسے وہ نقصان پہنچا سکتے ہیں، اور اس سلسلے میں ان کا پہلا ہدف خان الاحمر ہوگا۔ سموٹریچ، جو مقبوضہ مغربی کنارے میں اسرائیلی آبادکاری پالیسی کے نگران بھی سمجھے جاتے ہیں، نے ایک ہدایت نامے پر دستخط کیے جس میں فلسطینی بدوی آبادی پر مشتمل اس گاؤں کو فوری طور پر خالی کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ تاہم یہ واضح نہیں کہ آیا اس حکم کو عدالت میں چیلنج کیا جا سکے گا یا یہ کب نافذ العمل ہوگا۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق اس فیصلے کو اسرائیلی سکیورٹی کابینہ کی منظوری درکار ہوگی۔ ہیگ میں قائم بین الاقوامی فوجداری عدالت نے اس حوالے سے کوئی باضابطہ تبصرہ نہیں کیا، تاہم عدالت کا کہنا ہے کہ وارنٹ گرفتاری سے متعلق درخواستیں اور منصوبے خفیہ رکھے جاتے ہیں۔ یاد رہے کہ آئی سی سی اس سے قبل اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نتن یاہو سمیت دیگر اسرائیلی شخصیات کے وارنٹ گرفتاری جاری کر چکی ہے۔

از دفتر فلور یکلچر آفسر این۔ایم۔بی۔جی چشمہ شاہی سرینگر

اشتہار نیلامی

ہر خاص وعام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے۔ کہ حلقہ ہذا کو مندرجہ ذیل باغات میں مختلف اقسام کے میوہ جات بابت سال **2026** کو بولی دینی مطلوب ہیں۔ خواہشمند حضرات مقررہ تاریخ و بولی سے پہلے مذکورہ باغات میں جا کر میوہ جات کا از خود مشاہدہ کر کے بولی میں شرکت کر سکتے ہیں۔

نمبر شمار	باغ کا نام	تاریخ و وقت	مقام بولی
۱۔	باغ محل گاون چشمہ شاہی	30 مئی 2026 صبح ۱۱ بجے	این۔ایم۔بی۔جی۔چشمہ شاہی سرینگر
۲۔	بی۔ایم۔ٹکائن چشمہ شاہی	30 مئی 2026 صبح ۱۱ بجے	این۔ایم۔بی۔جی چشمہ شاہی سرینگر
۳۔	خواجہ گاون سرینگر	30 مئی 2026 صبح ۱۱ بجے	این۔ایم۔بی۔جی۔چشمہ شاہی سرینگر

شرائط بولی مندرجہ ذیل ہیں

۱۔ بولی شروع ہونے سے پہلے زر ضمانت رکھنا لازمی ہے۔
۲۔ بولی میں وہی اشخاص شرکت کر سکتے ہیں جو مذکورہ سرکاری بولی کی رقم بڑھانے کے خواہاں مند ہو۔
۳۔ کامیاب بولی دہندگان کو رقم بولی یکمشت موقع پر ہی ادا کرنی ہوگی۔
۴۔ میوہ جات اُٹھانے کے دوران باغ یا پارک میں کسی قسم کا نقصان سرزد ہوا تو اسکی تمام تر ذمہ داری کامیاب بولی دہندگان پر عاید ہوگی۔
۵۔ باغ یا پارک میں ریڑھ یا گاڑی لیجانے کی اجازت نہیں ہوگی۔
۶۔ آکشن کمیٹی کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ بتائے بغیر بولی منظور یا نامنظور کر سکتی ہے۔
۷۔ سرکاری تعطیل یا نامساعد حالات کی صورت میں نیلامی اگلے کام والے روز منعقد ہوگی۔ جگہ و وقت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔

باقی شرائط موقع پر ہی سنائے جائے گے

الشتہر: فلور یکلچر آفسر این۔ایم۔بی۔جی۔چشمہ شاہی

DIPK-1477/26, Dated: 20/05/2026

Government of Jammu & Kashmir
Office of the Superintending Engineer PMGSY (JKRRDA) Circle Srinagar
NOTICE INVITING e-TENDERS
E-NIT NO: 05/SE/PMGSY/S/DB OF 2026-27 dated: - 20-05-2026

The Superintending Engineer PMGSY Circle Srinagar on behalf of Government of Jammu & Kashmir invites Percentage rate bids in electronic tendering system for construction and maintenance of roads under Pradhan Mantri Gram Sadak Yojana for the following works including their maintenance for five years from the eligible and approved contractors registered with J&K State Govt. CPWD, Railways and other State Governments.

S. No	Name of Work with Package No.	Constr -uction	Mainte -nance	Total	Cost of docu -ment (Rs. in lacs)	Earnest Money (Bid Security) (Rs in lacs)	Time for completion of construction of schemes	Tender Cell	Time and Date of opening of tenders online (Technical Bid)	Class of contractor.
1	2	3	4	5	6	7	8	9		
1	Construction and Maintenance of "Link Road PAKZWANI SHOJAN ROAD KM 6TH RD 100 TO UPPER SHOJAN" Stage "I&II" Package No JK10-4006, Length=2.10 KM Carriage way width-3.75 m Under PMGSY IV, Batch II, FY 2025-26, Block ARIPAL PMGSY Division Pulwama.	402.17	32.17	434.34	0.10	8.69	18 Months	1st	19-06-2026 At 11:00 A.M.	"A" Class in PWD or Equivalent in CPWD/ Railways and other state Governments
2	Construction and Maintenance of Link Road from Link From Androosa Road Km 2nd RD 500 to Gretbal " Stage "I&II" Package No JK10-4008, Length=1.71 KM Carriage way width-3.75 m Under PMGSY IV, Batch II, FY 2025-26, Block Pampore PMGSY Division Pulwama	322.59	25.80	348.39	0.10	6.97	18 Months	1st	19-06-2026 At 11:00 A.M	"A" Class in PWD or Equivalent in CPWD/ Railways and other state Governments
3	Construction and Maintenance of Link Road from Link From Reshnagri To Checki Reshnagri EP To Bekarwal Check " Stage "I&II" Package No JK22-4011, Length=2.1 KM Carriage way width-3.75 m Under PMGSY IV, Batch II, FY 2025-26, Block Ramnagri PMGSY Division Pulwama.	429.14	34.33	463.47	0.10	9.27	18 Months	1st	19-06-2026 At 11:00 A.M.	"A" Class in PWD or Equivalent in CPWD/ Railways and other state Governments
4	Construction and Maintenance of Link Road from Link From LALPORA DOORMARG ROAD KM IST RD 200 M TO PAHALCHECK GUJARBASTI" Stage "I&II" Package No JK10-4020, Length=1.80 KM Carriage way width-3.75 m Under PMGSY IV, Batch II, FY 2025-26, Block Tral PMGSY Division Pulwama.	303.29	24.36	327.56	0.10	6.55	18 Months	1st	19-06-2026 At 11:00 A.M.	"A" Class in PWD or Equivalent in CPWD/ Railways and other state Governments
5	Construction and Maintenance of Link road from Bagander Chowtal Road EP to Chowtal Badhwali " Stage "I&II" Package No JK10-4024, Length=1.50 KM Carriage way width-3.75 m Under PMGSY IV, Batch II, FY 2025-26, Block Pampore PMGSY Division Pulwama		349.97	27.99	377.96	0.10	7.56	18 Months	19-06-2026 At 11:00 A.M.	"A" Class in PWD or Equivalent in CPWD/ Railways and other state Governments
6	Construction and Maintenance of L026-Link from Naserpora to Mukam I Dunaroo EP to Gagarbasti and PDunaroo " Stage "I&II" Package No JK22-4005 Length=2.35 KM Carriage way width-3.75 m Under PMGSY IV, Batch II, FY 2025-26, Block Pampore PMGSY Division Pulwama	448.14	35.85	483.99	0.10	9.68 18 Months	1st	19-06-2026 At 11:00 A.M.	"A" Class in PWD or Equivalent in CPWD/ Railways and other state Governments	
7	Construction and Maintenance of Link road from Chowan to Chowan B Km 2nd RD 400M to Jet Mohalla, " Stage "I&II" Package No JK22-4006 Length=1.80 KM Carriage way width-3.75 m Under PMGSY IV, Batch II, FY 2025-26, Block Keller PMGSY Division Pulwama	325.28	26.02	351.30	0.10	7.03	18 Months	1st	19-06-2026 At 11:00 A.M.	"A" Class in PWD or Equivalent in CPWD/ Railways and other state Governments
8	Construction and Maintenance of Link Road from Link From Reshnagri To Checki Reshnagri KM IST RD 950 M To Hajam Mohalla Sadow" Stage "I&II" Package No JK22-4012, Length=3.0 KM Carriage way width-3.75 m Under PMGSY IV, Batch II, FY 2025-26, Block Ramnagri PMGSY Division Pulwama.	583.05	46.64	629.69	0.10	12.59	18 Months+	1st	19-06-2026 At 11:00 A.M.	"A" Class in PWD or Equivalent in CPWD/ Railways and other state Governments

1. Date of release of invitation for Bids through e-procurement: 20-05-2026.
2. The payment of Bid security and cost of Bid document is to be done online on e- tendering website along with the submission of Bids.
3. Availability of Bid Document and mode of submission: The bid document is available online and bid should be submitted on line on website www.pmgsytenders.gov.in. The bidder would be required to register in the web-site which is free of cost. For submission of bids, the bidder is required to have valid Digital Signature Certificate (DSC) from one of the authorized Certifying Authorities (CA). "Aspiring bidders who have not obtained the user ID and password for participating in e-tendering in PMGSY may obtain the same from the website: http://pmgsytenders.gov.in. Digital signature is mandatory to participate in the e-tendering. Bidders already possessing the valid digital signature issued from authorized CAs can use the same in this tender.
4. The Bidding documents can be downloaded from the website http://pmgsytendersjk.gov.in from 21.05.2026 (10:00 AM) to 18-06-2026 upto (4:30 PM).
5. The Bids shall be deposited in electronic format on the website http://pmgsytendersjk.gov.in from 21-05-2026 (10:00 AM) to 18-06-2026 upto 4:30 PM. The bids uploaded on the Web Site up to due date and time will be opened online on 19-06-2026 at 11:00 AM in the presence of the bidders who wish to attend. If the office happens to be closed on the date of opening of the bids as specified, the bids will be opened on the next working day at the same time and venue.
6. The complete bidding process will be on line.
7. The advertised amount is inclusive of GST. The bidder shall quote % age (above or below) for the construction component only in the BOQ. However, GST @18% shall be added separately at the time of allotment. All duties, taxes, royalties and other levies payable by the Contractor under the Contract, or for any other cause, shall be included in the rates, prices, and total Bid price submitted by the Bidder.
8. A Pre-bid meeting will be held on 30-05-2026 at 1200 Hrs in the Office of Superintending Engineer PMGSY Circle Srinagar at Engineering Complex Bund Road Rajbagh Srinagar to clarify the issues and to answer questions on any matter that may be raised at that stage as stated in Clause 9 of Instruction to bidders of the Bidding documents. The intending Bidders, before attending the Pre-bid meeting, are advised to visit the site of work and acquaint themselves with the site of conditions. It has been made mandatory for all the intending bidders to participate in the pre-bid meeting on the scheduled date and time.
9. The bidder is not required to quote his rate for routine maintenance. The rates to be paid for routine maintenance are indicated in the Bill of Quantities. Further, the payment for routine maintenance to the contractor shall be regulated based on his performance of maintenance activities.
10. The bids for the work shall remain valid for acceptance for a period not less than ninety days after the deadline date for bid submission.
11. Bidders may bid for any one or more of the works mentioned in the Table above. To qualify for a package of contracts made up of this and other contracts for which bids are invited in the same NIT, the bidder must demonstrate having experience and resources sufficient to meet the aggregate of the qualifying criteria for the individual contracts.
12. The Hard Copy of original instruments in respect of original copy of affidavits, Cost of tender document, bid security (online mode)) and credit facility must be delivered by participating bidders in the office of Superintending Engineer PMGSY Circle Srinagar at Engineering Complex, Bund Road Rajbagh Srinagar Kashmir on a date not later than three working days after the opening of Technical qualification part of the bid either by Registered Post or by hand failing which the bids shall be declared non-responsive.
13. The bidders are advised to upload the required documents/information strictly as per the formats given in Section 3-Qualification Information. The bidder who fails to comply with the said instructions shall be declared as non-responsive.
14. The date and time of opening of Financial-Bids shall be notified on Web Site http://pmgsytendersjk.gov.in. This is conveyed to the bidders automatically through an e-mail message on their e-mail address. The Financial-bids shall be opened accordingly on line on same Web Site at the Office of Superintending Engineer PMGSY Circle Srinagar, Engineering Complex Rajbagh, Srinagar Kashmir.
15. Other details can be seen in the bidding documents/bid data sheet. The Employer shall not be held liable for any delays due to system failure beyond its control. Even though the system will attempt to notify the bidders of any bid updates, the Employer shall not be liable for any information not received by the bidder. It is the bidders' responsibility to verify and check the website for the latest information related to the tender. Corrigendum (if any) will be posted on the https://pmgsytendersjk.gov.in. All future correspondence/ corrigendum shall be published on the same website which should be regularly monitored by the intending tenderer.

Note:- The intending bidders are advised to study the entire bidding document before preparation and submission of their bids. This includes clause 3 (Eligible Bidders), 4 (Qualification of Bidders) of ITB (Instruction to Bidders), Appendix to ITB, Section 3 (Qualification Information), Contract Data to G.C.C. & Section 7 of Bidding Document.

Superintending Engineer
PMGSY Circle Srinagar

DIPK-1470/26
Dated: 20/05/2026

Website: www.jkdsd.in
Mail ID:director-dtejammu@jk.gov.in

GOVERNMENT OF JAMMU AND KASHMIR

DIRECTORATE OF SKILL DEVELOPMENT, J&K

Srinagar: Byepass Road, Bemina Srinagar 190018 Phone: 0194-2491613 Fax 0194-2491668
Jammu: Polytechnic Premises, Vikram Chowk, Jammu 180004 Phone: 0191-2435190 Fax 0191-2451345

Subject: Final Selection List for the posts of Computer Instructor/Operator, Audio Visual Mechanic, Khatbat Instructor and Junior Engineer of Skill Development Department, advertised vide Notification No. 07 of 2020 dated 31.12.2020 under Item Nos. 309, 319, 329 & 334.

NOTICE

Pursuant to the selection and recommendation made by the Administrative Department vide Letter No. DSD-GNCD/49/2026-02(7746324) dated 28.04.2026, all the selected candidates who have been recommended for the posts of Computer Instructor/Operator, Audio Visual Mechanic, Kitabat Instructor and Junior Engineer advertised vide Notification No. 07 of 2020 dated 31.12.2020 under Item Nos. 309, 319, 329 & 334 are hereby informed through medium of this notice to submit their Personal Verification Rolls (PVR) (in triplicate) in Directorate of Skill Development, J&K, Srinagar within a period of 07 days positively from the date of issuance of this notice in terms of Government Order No. 528-JK(GAD) of 2021 dated 21.06.2021 followed by Government Order No. 1003-JK(GAD) of 2021 dated 27.09.2021.

The verification roll is annexed herewith and can also be downloaded from the official website of General Administration Department

(Leena Padha)JKAS
Director
Skill Development

DIPK-1497/26
Dated: 20/05/2026

OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER SUB TRANSMISSION DIVISION-IIND, RAJBAGH, SRINAGAR

Extension Notice 1

S NO	E.NIT No.	Name of the work	Tender ID	Cost tender document (In Rs)	EMD Cost (In Rs)
1	STD-II / 17 of 2026-27 Dated 25-04-2026	Replacement of 33KV Lightening Arrestors (LA's) at Receiving station Krenshore, Khansahib, Sidco, Soibugh, Wadwan, BJK Pora, Khanda, Beerwah, Kanir, Nagam, Chadoora, Narbal	2026_PDD_308904_1	Rs 200.00	Rs 6360.00

Last Date of Bid Submission extended up to	29-05-2026; 4.30pm
Bid Opening Date	30-05-2026; 2.30pm

Due to poor response, the date of submission of bids in respect of below mentioned e-NIT is hereby extended with the details enumerated below: -

Sd/-Executive Engineer,
Sub Transmission Division-II, Rajbagh, Srinagar.

DIPK-NB-544/26
Dated: 20/05/2026

Union Territory of Jammu & Kashmir
Office of the Divisional Forest Officer Lidder Forest Division Bijbehara.
NOTICE INVITING TENDERS
e- NIT No: - 02 of 2026-27 DATED: - 20-05-2026

For and on behalf of the Hon'ble President of India, e-tenders in two cover system are hereby invited from contractors registered with J&K Forest Department/FDC forextraction/supply of firewood for Shri Amarnath Ji Yatra 2026-27 as detailed below: -

S. No	Name of Work	Advt. Cost (Rs in lacs)	Class of Contractor	Earnest Money Deposit	Cost of tender document	Time of completion
01	Extraction/ conversion of firewood from various compartments of Lidder Forest Division Bijbehara and Carriage transportation of splitted firewood from P.L.P of compartments to base camp Chandanwari/ Pahalgam through trucks/ ponies including loading at P.L.P and un-loading at Pahalgam / Chandanwari, weightment at Chandanwari and also chopping of hakries at base camp into small pieces of 2' length including staking and weightment for further supply to hill stations viz; Pissu top, Zajipal, Sheshnag, M.G.Top and Poshpathri	48.13	"A" & "B" Class Deptt/ FDC Contactor	Rs. 96260/-	Rs. 1100/-	21 Days

Note: - Time of completion is very essential in view of National importance of the religious pilgrimage.

The e-NIT Consisting of qualifying information, eligibility criteria, specifications, bills of quantities, (B.O.Q) (Tender documents) set of Terms & Conditions of contractand other details can be seen/downloaded from Website:-www.jktenders.gov.in.

Position of Funds: Demanded.
Position of AA/TS: Accorded.
Receiving/ Opening Authority: Tender Opening Committee.

Download Start Date	20-05-2026 from 09:00 AM
Bid Submission Start Date	20-05-2026 from 09: 00 AM
Bid Submission End Date	01-06-2026 Upto 06:00 PM
Date of Opening of Technical Bid Online	02-06-2026 at 02:00 PM in the Office of the Conservator of Forests Kashmir South Circle Bijbehara Anantnag.
Date of Opening of Financial Bid Online	To be opened (Online) at any convenient date & time after complete Evaluation of Technical Bids Received.

01. The bids shall be deposited in electronic format on the website: - https://jktenders.gov.in
02. The date for opening of Technical & Financial bids online shall be opened as per time schedule mentioned above.
03. Bids uploaded must accompany Govt. Treasury Receipt (cost of tender document) in shape of Treasury Challan for the amount shown against the work above to be deposited in Govt. Treasury under Account Head 0406010000000000-Forestry and Bid Security Deposit in shape of CDR pledged to Divisional Forest Officer Lidder Forest Division. The bids for the work shall remain valid for a period of 90 days from the date of opening of bids.
04. As per rule 171 of GFR-2017, Performance Security shall have to be deposited by successful bidder in accordance to the circular No. FD.Code/441/2021-22-158 dated 08/08/2025.
05. Bidders are advised to download bid submission manual from the "Downloads" option as well as from "Bidders Manual Kit" on website jktenders.gov.in
06. To participate in bidding process bidders, have to get Digital Signature Certificate (DSC)as per Information Technology Act Bidders can get Digital Certificate form approved vendor.
07. The bidders have to submit their Technical & financial bids online in electronic format with digital signature. No Technical or financial bid will be accepted in physical/hard form.
08. Bidders must ensure to upload attested, copies of all valid necessary documents, viz Registration Card issued by Forest department, Income tax return for last 03 years, Latest GST return, PAN No, /GST/TIN No, NOC from Divisional Forest Officer Lidder Forest Division Bijbehara, Divisional Forest Officer Anantnag Forest Division Anantnag that the Contractor is not defaulter/Blacklisted, Treasury receipt/Challan (cost of Tender Document) and Bid Security Deposit in shape of CDR. No affidavit will be entertained for requisite documents. All the tender documents shall be uploaded in PDF format at a resolution of not less than 300 DPI, in case the documents uploaded by the bidder are not legible, his/her bid shall stand cancelled ab-initio.
09. The successful bidder has to produce Valid Labour Registration Certificate issued by Labour Department after issuance of award of contract.
10. The Department will not be responsible for any delay in online submission of the bid due to any reason (technical or otherwise).
11. The Department shall not be held responsible for selection criteria/policy matter being adopted by the Directorate of Information regarding publishing the NIT, in any of the newspaper under circulation.
12. The tender accepting Authority however reserves the right to reject any or all the tenders without assigning any reason thereof.
13. All other terms and conditions shall remain same as per PWD form 25 (double leaf)and as per the detailed document.
14. Other conditions as envisaged under manual for procurement of work 2025 shall apply Mutatis Mutandis.

DFO, Lidder Forest Division
Bijbehara

DIPK-1487/26
Dated: 20/05/2026

جنوبی کوریا کے ساتھ ٹیکنالوجی میں تعاون بڑھانے کیلئے
خصوصی اسٹریٹجک شراکت داری مزید مضبوط ہوگی: راجناتھ



نئی دہلی 20 مئی (یو این آئی)

ہندوستان اور جنوبی کوریا نے علاقائی امن، استحکام اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں تعاون بڑھانے کے ساتھ خصوصی اسٹریٹجک شراکت داری کو اور مضبوط کرنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ دو ممالک کے سفر کے دوسرے مرحلے میں منگل کو جنوبی کوریا کے دارالحکومت سیول پہنچے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے جنوبی کوریا کے وزیر دفاع کے ساتھ میٹنگ کے بعد یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی کوریا کے وزیر دفاع کے ساتھ ان کی میٹنگ انتہائی کامیاب رہی اور اس دوران دونوں ممالک نے دفاع، سائبر تعاون اور دیگر شعبوں میں تعاون کے معاہدے پر دستخط کیے۔ میٹنگ کے بعد مسٹر سنگھ نے بدھ کو سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں کہا، "سیول میں میرے جنوبی کوریائی ہم منصب آہن گیو بیک کے ساتھ بہترین میٹنگ ہوئی۔ ہم نے علاقائی امن، استحکام اور تکنیکی تعاون کے تئیں مشترکہ عزم کے ساتھ ہندوستان-جمہوریہ کوریا دفاع، دفاعی صنعت اور اسٹریٹجک تعاون کو اور گہرا کرنے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔" انہوں نے کہا کہ یہ انتہائی کامیاب میٹنگ رہی، کیونکہ ہندوستان اور کوریا نے دفاعی سائبر تعاون کو فروغ دینے، ہندوستان کے نیشنل ڈیفنس کالج اور جمہوریہ کوریا کی نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کے درمیان نیز اقوام متحدہ کے امن مشن کے تعاون سے متعلق معاہدوں کا تبادلہ کیا، جس سے ہماری شراکت داری اور زیادہ مضبوط اور کثیر جہتی بنی۔ وزیر دفاع نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان خصوصی اسٹریٹجک شراکت داری کو اور مضبوط کرنے کی سمت میں آگے بڑھنے کی امید ہے۔ مسٹر سنگھ نے کوریا میں بہادر سپاہیوں کی سمادھی پر گلہائے عقیدت بھی نذر کیے۔ انہوں نے کہا، "کوریا کی قومی سمادھی پر گلہائے عقیدت نذر کیے اور ان بہادر سپاہیوں کو خراج عقیدت پیش کیا، جنہوں نے اپنے ملک کی خدمت میں عظیم ترین قربانی دی۔ ان کا حوصلہ اور حب الوطنی کا جذبہ ہمیشہ مشعل راہ بنا رہے گا۔ ہندوستان، جمہوریہ کوریا کے بہادروں کی وراثت کا احترام کرنے میں اس کے ساتھ یکجہتی سے کھڑا ہے۔" اس سے پہلے سیول پہنچنے پر مسٹر سنگھ نے کہا تھا کہ ان کے سفر کا مقصد ہندوستان-کوریا دفاعی تعاون اور اسٹریٹجک شراکت داری کو اور مضبوط کرنا ہے۔

انتظامی فیصلے میں تاخیر لوگوں کو ان کے جائز حقوق سے محروم کرنے کے مترادف: مرمو

نئی دہلی 20 مئی (یو این آئی)

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے سول افسران سے مفاد عامہ اور قائم شدہ نظام کے مطابق صحیح فیصلہ کرنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ جس طرح انصاف ملنے میں تاخیر کو انصاف سے محرومی مانا جاتا ہے اسی طرح انتظامی فیصلے میں تاخیر بھی لوگوں کو ان کے جائز حقوق سے محروم کرنے کے مترادف ہے۔ انڈین ایڈمنسٹریٹیو سروس (آئی اے ایس) کے سال 2024 بیچ کے افسران کے ایک گروپ نے بدھ کو راشٹرپتی بھون میں محترمہ مرمو سے ملاقات کی۔ یہ افسران ابھی مختلف مرکزی وزارتوں اور محکموں میں اسسٹنٹ سکریٹری کے طور پر کام کر رہے ہیں۔ صدر جمہوریہ نے افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آل انڈیا سروسز، خاص طور پر انڈین ایڈمنسٹریٹیو سروس نے ملک کی ترقی میں انتہائی اہم کردار ادا کیا ہے۔ اب جبکہ ملک ترقی کی ایک اعلیٰ سطح پر داخل ہو چکا ہے، افسران سے توقعات بھی زیادہ بڑھ گئی ہیں۔ محترمہ مرمو نے کہا کہ اخلاقیات اور گڈ گورننس ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ افسران کو ایماندار اور با اخلاق ہونا چاہیے۔ ساتھ ہی، انہیں نتائج بھی دینے ہوں گے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ فیصلہ کرنے سے بچنا اخلاقیات نہیں کہلاتا بلکہ مفاد عامہ اور قائم شدہ نظام کے مطابق صحیح فیصلہ کرنا ہی حقیقی اخلاقیات کا نچوڑ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح انصاف ملنے میں تاخیر کو انصاف سے محرومی مانا جاتا ہے اسی طرح انتظامی فیصلے میں تاخیر بھی لوگوں کو ان کے جائز حقوق سے محروم کرنے کے مترادف ہے۔ محترمہ مرمو نے کہا کہ جمہوریت کا مقصد عوام کی امنگوں کو پورا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا، "یہ امنگیں ان کے منتخب نمائندوں کے ذریعے ظاہر ہوتی ہیں۔ اس لیے افسران کا یہ فرض ہے کہ وہ مفاد عامہ میں ان نمائندوں کی طرف سے اٹھائے گئے مسائل کو ترجیح دیں۔" صدر جمہوریہ نے کہا کہ نوجوان افسران کو مختلف شعبوں میں کام کرنے کا منفرد موقع حاصل ہوگا۔ کئی مواقع پر انہیں کچھ خاص شعبوں کے ماہرین کی ٹیموں کی قیادت بھی کرنی پڑے گی، اس لیے ان کے سیکھنے کا دائرہ اور رفتار دونوں انتہائی وسیع اور تیز ہونے چاہئیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مختلف شعبوں اور حالات کے مطابق خود کو ڈھالنے کی ان کی صلاحیت غیر معمولی ہونی چاہیے۔

امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو
23 مئی کو بھارت کا دورہ کریں گے
تجارت، دفاع اور توانائی پر توجہ رہے گی

نئی دہلی 20 مئی (ایم این این)

ہندوستان امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کے دورے کے دوران امریکہ کے ساتھ اپنے تعلقات کو مضبوط بنانے کے خواہاں ہے، جو تجارت، دفاع اور توانائی کے شعبوں میں مزید تعاون کے لیے 23 مئی سے ہندوستان کا چار روزہ دورہ کریں گے۔ محکمہ خارجہ نے اعلان کیا کہ روبیو کولکتہ، آگرہ، جے پور اور نئی دہلی کا دورہ کریں گے۔ محکمہ خارجہ کے ترجمان ٹومی پگوٹ نے کہا کہ سیکرٹری روبیو 23 سے 26 مئی تک بھارت کا دورہ کریں گے جہاں وہ کولکتہ، آگرہ، جے پور اور نئی دہلی جائیں گے۔ پگٹ نے کہا کہ سیکرٹری توانائی، سلامتی، تجارت اور دفاعی تعاون پر سینئر ہندوستانی حکام کے ساتھ ملاقاتوں کے دوران تبادلہ خیال کریں گے۔

بھارت کی جوہری آبدوز صلاحیت میں بڑی پیش رفت

نئی دہلی 20 مئی (ایم این این)

بھارت نے اپنی جوہری آبدوزوں کی صلاحیت میں نمایاں اضافہ کرتے ہوئے سمندر سے جوہری جوابی حملے کی صلاحیت کو مزید مضبوط بنا لیا ہے۔ دفاعی ماہرین کے مطابق یہ پیش رفت بھارت کی جوہری حکمت عملی میں ایک اہم سنگ میل ہے اور اس سے ملک کی "سیکنڈ اسٹرائیک" صلاحیت کو بھی تقویت ملی ہے۔ رپورٹ کے مطابق 3 اپریل 2026 کو بھارتی بحریہ نے آئی این ایس اریدھمان کو وشاکھاپٹنم میں باضابطہ طور پر کمیشن کیا۔ یہ بھارت کی تیسری جوہری توانائی سے چلنے والی بیلسٹک میزائل آبدوز (SSBN) ہے، جو دشمن کے ممکنہ جوہری حملے کے بعد بھی مؤثر جوابی کارروائی کی صلاحیت فراہم کرتی ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ تین SSBN آبدوزوں کی موجودگی کسی بھی ملک کو مستقل سمندری گشت پر کم از کم ایک جوہری آبدوز رکھنے کے قابل بناتی ہے۔ اس اصول کو "رول آف تھرڈز" کہا جاتا ہے، جس کے تحت ایک آبدوز گشت پر، دوسری تیاری میں اور تیسری مرمت یا دیکھ بھال میں رہتی ہے۔ اس طرح بھارت اب مسلسل سمندری جوہری ڈیٹرنس کے ہدف کے مزید قریب پہنچ گیا ہے۔ آئی این ایس اریدھمان پہلے کے مقابلے میں زیادہ بڑی اور جدید آبدوز ہے۔ اس میں آٹھ میزائل لانچ ٹیوبیں موجود ہیں، جبکہ آئی این ایس اریہنت اور آئی این ایس اریگھات میں چار چار لانچ ٹیوبیں تھیں۔ اس سے بھارت کو زیادہ تعداد میں K-4 اور مستقبل کے طویل فاصلے تک مار کرنے والے میزائل تعینات کرنے کی سہولت حاصل ہوگی۔ دفاعی تجزیہ کاروں کے مطابق بھارت کی یہ پیش رفت خاص طور پر چین اور پاکستان جیسے دو جوہری ہمسایہ ممالک کے تناظر میں انتہائی اہم ہے۔ سمندر میں پوشیدہ رہنے والی جوہری آبدوزیں کسی بھی دشمن کے لیے بھارت کی جوہری صلاحیت کو مکمل طور پر ناکارہ بنانا تقریباً ناممکن بنا دیتی ہیں۔ بھارت نے جوہری آبدوزوں کے لیے مشرقی ساحل پر بنیادی ڈھانچے کو بھی وسعت دی ہے جس سے ان آبدوزوں کی آپریشنل تیاری، دیکھ بھال اور تعیناتی کی صلاحیت میں اضافہ ہوا ہے۔ تجزیہ کاروں کے مطابق آئی این ایس اریدھمان کی شمولیت اس بات کا واضح اشارہ ہے کہ بھارت نہ صرف اپنی جوہری سہ فریقی دفاعی صلاحیت (زمین، فضا اور سمندر) کو مستحکم کر رہا ہے بلکہ ایک ذمہ دار اور تکنیکی طور پر خود کفیل عالمی طاقت کے طور پر بھی ابھر رہا ہے۔

چین بھارت تعلقات ترقی کی جانب گامزن ہیں۔چینی قونصل

نئی دہلی 20 مئی (ایم این این)

کولکتہ میں چین کے قونصل جنرل سو وی نے نئی دہلی اور بیجنگ کے درمیان بڑھتے ہوئے تعلقات پر تبصرہ کرتے ہوئے دو طرفہ تجارتی تعلقات اور عوام سے عوام کے تعلقات میں بہتری کو نوٹ کیا۔ ہند-چین تجارت اور شمال مشرق کی ترقی پر ایک خصوصی اجلاس میں شرکت کے بعد اظہار خیال کرتے ہوئے سو وی نے کہا، ہمارے دونوں لیڈروں کی تزویراتی رہنمائی میں، چین-ہندوستان تعلقات اب ترقی کی طرف گامزن ہیں۔ ہمیں اپنے دو طرفہ تجارتی تعلقات کو بھی بڑی ترقی ہوتے دیکھ کر بہت خوشی ہوئی ہے۔ ہماری دو طرفہ تجارت نے گزشتہ برس حالیہ برسوں میں سب سے زیادہ تجارتی حجم ریکارڈ کیا تھا۔ سو وی نے ویزے کے عمل کو تیز کرنے کے لیے قونصل خانے کی طرف سے اٹھائے گئے اقدامات کو نوٹ کرتے ہوئے، تعاون کے امکانات تلاش کرنے کے لیے تاجروں کو چین کا دورہ کرنے کی ترغیب دی۔ ہم توقع کرتے ہیں کہ چین بھارت تعلقات، خاص طور پر تجارتی تعلقات، ایک صحت مند راستے کی طرف بڑھیں گے۔ ہم مشرقی ہندوستان میں کاروباری برادری کو زیادہ کثرت سے چین کا دورہ کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔ قونصلیٹ جنرل ہمیشہ کسی بھی قسم کی درخواست کی سہولت فراہم کرنے کے لیے تیار رہتا ہے۔ بہت سے لوگ ویزا کے مسائل کے بارے میں فکرمند ہیں کیونکہ ہم نے حال ہی میں ایک نیا آن لائن سسٹم شروع کیا ہے جس میں تھوڑا وقت لگ سکتا ہے۔ تاہم، ہم نے یہاں وی ایچ ایس سے کہا ہے کہ وہ مزید افرادی قوت کو شامل کریں تاکہ تمام کاروباری عمل کی حوصلہ افزائی کی جا سکے۔ زندگی کے تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد اگر آپ کو کسی چیز کی ضرورت ہو تو آپ ہمیں لکھ سکتے ہیں یا ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں، ہم آپ کی مدد کرنے کے لیے بہت خوش ہوں گے۔

مائیکروسافٹ کا سب سے بڑا بھارتی ڈیٹا سینٹر 2026 کے وسط تک فعال ہو جائے گا

نئی دہلی 20 مئی (ایم این این)

امریکی ٹیکنالوجی کمپنی مائیکروسافٹ نے اعلان کیا ہے کہ بھارت میں اس کا سب سے بڑا ڈیٹا سینٹر 2026 کے وسط تک مکمل طور پر فعال ہو جائے گا۔ یہ منصوبہ بھارت میں مصنوعی ذہانت، کلاؤڈ کمپیوٹنگ اور ڈیجیٹل خدمات کی تیزی سے بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کے لیے تیار کیا جا رہا ہے۔ مائیکروسافٹ انڈیا اور جنوبی ایشیا کے صدر پونیت چندوک نے بتایا کہ کمپنی کا نیا اور سب سے بڑا ڈیٹا سینٹر حیدرآباد میں قائم کیا جا رہا ہے، جہاں مائیکروسافٹ پہلے ہی مضبوط تکنیکی موجودگی رکھتا ہے۔ ان کے مطابق بھارت میں Azure کلاؤڈ سروسز اور Copilot AI اسسٹنٹ کی مانگ غیر معمولی طور پر بڑھ رہی ہے۔

مہنگائی، بے روزگاری اور اقتصادی بحران بڑھا لیکن حکومت خود کی تشہیر میں مصروف ہے: کھرگے

نئی دہلی 20 مئی (یو این آئی)

کانگریس کے صدر ملکارجن کھرگے نے کہا ہے کہ ملک سنگین اقتصادی بحران میں ہے لیکن وزیر اعظم نریندر مودی اور ان کی قیادت والی حکومت صرف اپنی تشہیر میں مصروف ہے اور اسی کا نتیجہ ہے کہ ملک میں مہنگائی، بے روزگاری اور اقتصادی بحران سنگین حد تک بڑھ گیا ہے اور عوام پر معاشی بوجھ تھوپ دیا گیا ہے۔ مسٹر کھرگے نے بدھ کو سوشل میڈیا ایکس پر لکھا کہ مسٹر مودی عوام کو تقریروں کی مٹھاس سنانا چاہتے ہیں، جبکہ عام لوگ ان کی حکومت کی اقتصادی پالیسیوں سے پیدا ہونے والی مشکلات کے درمیان زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ گزشتہ 11 برسوں میں ہر ہندوستانی پر اوسط قرض کئی گنا بڑھ گیا ہے، جبکہ چند منتخب صنعت کاروں کے اثاثوں میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔ کانگریس صدر نے کہا کہ مودی حکومت کے دور اقتدار میں گھریلو رسوئی گیس سلنڈر اور کمرشل گیس سلنڈر کی قیمتوں میں بھاری اضافہ ہوا ہے۔ اس کے ساتھ ہی سی این جی، دودھ، بریڈ، دواؤں اور دیگر ضروری اشیاء کی قیمتوں میں بھی مسلسل اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرول اور ڈیزل پر ٹیکسوں اور ایکسائز ڈیوٹی کے ذریعے عوام پر اضافی معاشی بوجھ ڈالا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں نوجوانوں کے درمیان بے روزگاری بڑھ رہی ہے اور بھرتی امتحانات کے پرچے (پیپر) لیک ہونے کے واقعات نے کروڑوں نوجوانوں کے مستقبل کو متاثر کیا ہے۔ مسٹر کھرگے نے دعویٰ کیا کہ پیپر لیک ہونے کے واقعات کی وجہ سے سرکاری بھرتی کے عمل پر نوجوانوں کا بھروسہ کمزور ہوا ہے۔ مسٹر کھرگے نے کہا کہ روپے کی قیمت میں گراوٹ، غیر ملکی سرمایہ کاری میں کمی اور غیر ملکی زر مبادلہ کے ذخائر پر دباؤ جیسے اشارے ملک کی معیشت کی چیلنجنگ صورتحال کو ظاہر کرتے ہیں۔ انہوں نے الزام لگایا کہ معاشی مشکلات کی وجہ سے بڑی تعداد میں لوگ سرکاری راشن کی امداد پر منحصر ہو گئے ہیں۔

امریکہ میں بھارتی آموں کا جنون۔امریکی شہری مہنگے داموں خریدنے پر مجبور

نئی دہلی 20 مئی (ایم این این)

امریکہ میں بھارتی آموں کی مقبولیت اس قدر بڑھ گئی ہے کہ ہزاروں امریکی ان نایاب پھلوں کو حاصل کرنے کے لیے غیر معمولی اقدامات کر رہے ہیں۔ نئی رپورٹ کے مطابق بھارتی آموں کی ہر نئی کھیپ آتے ہی چند منٹوں میں فروخت ہو جاتی ہے اور خریدار واٹس ایپ گروپس، پروازوں کی آمد اور خصوصی اسٹورز پر مسلسل نظر رکھتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق امریکی صارفین خاص طور پر الفانسو، کیسر، چوسا، لنگڑا اور بنگن پلی جیسی بھارتی اقسام کے دیوانے ہیں۔ یہ آم اپنے منفرد ذائقے، خوشبو اور محدود دستیابی کی وجہ سے عام جنوبی امریکی آموں سے کہیں زیادہ قیمتی سمجھے جاتے ہیں۔ ایک ڈبہ جس میں عموماً 10 سے 12 آم ہوتے ہیں، امریکہ میں 50 سے 60 ڈالر یا اس سے بھی زیادہ قیمت پر فروخت ہو رہا ہے۔ بعض خصوصی سیزن سپلائی پیٹی کی قیمت ایک ہزار ڈالر کے قریب پہنچ گئی ہے، لیکن اس کے باوجود طلب میں کوئی کمی نہیں آئی۔ بھارت ہر سال تقریباً دو کروڑ میٹرک ٹن آم پیدا کرتا ہے، جو دنیا کی مجموعی پیداوار کا تقریباً نصف ہے۔ اس کے باوجود تازہ آموں کا صرف ایک چھوٹا حصہ برآمد کیا جاتا ہے، جس کی وجہ سے عالمی منڈی میں بھارتی آم انتہائی نایاب اور قیمتی سمجھے جاتے ہیں۔ امریکہ میں بھارتی آموں کی درآمد ایک پیچیدہ عمل سے گزرتی ہے۔ آموں کو بھارت میں خصوصی شعاعی عمل سے گزارا جاتا ہے، امریکی محکمہ زراعت کے اہلکار ان کا معائنہ کرتے ہیں، اور پھر انہیں ہوائی جہاز کے ذریعے فوری طور پر امریکہ پہنچایا جاتا ہے تاکہ ان کی تازگی برقرار رہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ بھارتی آموں کے سب سے وفادار خریدار صرف بھارتی نژاد افراد نہیں بلکہ بڑی تعداد میں امریکی شہری بھی ہیں، جو ان آموں کے ذائقے کو دنیا کے بہترین پھلوں میں شمار کرتے ہیں۔ تجزیہ کاروں کے مطابق امریکہ میں بھارتی آموں کی بڑھتی ہوئی مقبولیت نہ صرف بھارت کی زرعی برتری کی علامت ہے بلکہ اس بات کا بھی ثبوت ہے کہ بھارتی زرعی مصنوعات عالمی منڈی میں اپنی منفرد شناخت اور اعلیٰ معیار کے باعث خاص مقام حاصل کر رہی ہیں۔

CENTRAL UNIVERSITY OF KASHMIR
Ganderbal (J&K)-191201 Website: www.cukashmir.ac.in

(ADMISSION -2026) POSTGRADUATE (PG) PROGRAMMES

Central University of Kashmir announces admissions to Postgraduate Programmes for the academic session 2026-2027. Candidates who have appeared in CUET-PG-2026 and are interested in seeking admission to any of the Postgraduate (PG) Programmes (as shown below), offered by the University, are hereby informed to register for admission as per the following schedule:

ACTIVITY SCHEDULE FOR REGISTRATION

Registration Link & Detailed Information shall be available on	http://cukashmircuet.samarth.edu.in/pg
Registration Link shall be open from	21st May, 2026
Registration Link shall close on	11th June, 2026 (upto 11:55 PM)
Registration Fee	General/UR = Rs.200/-
	SC/ST/OBC/PwD/EWS/Women Candidate = Rs.100/-

LIST OF POSTGRADUATE (PG) PROGRAMMES

S. No	Name of the programme	S.No	Name of the programme
1.	M.A. English	12.	M.Sc. Botany
2.	M.A. Urdu	13.	M.Sc. Chemistry
3.	M.Com	14.	M.Sc. Zoology (Lateral Entry)
4.	M. A. Mass Communication & Journalism	15.	M.Sc. Biotechnology (Lateral Entry)
5.	M. A. Economics	16.	M.Sc. Physics (Lateral Entry)
6.	M. A. Political Science	17.	M.Sc. Mathematics (Lateral Entry)
7.	M.A. Kashmiri	18	MBA (Master of Business Administration)
8.	LLM	19	MBA (Travel & Tourism Management)
9.	M.Ed.	20	M.A Philosophy (with specialisation in Religious Studies)
10.	Integrated B.Ed.-M.Ed.	21	M. Tech. (Artificial Intelligence & Machine Learning)
11.	M.P.Ed	22	M. Tech. (Structural Engineering)

NOTE:
- While registering for admission, the candidates are required to exercise the same options, as reflected by them in National Testing Agency (NTA)-CUET-PG-2026 application form. The admission shall be purely based on CUET-PG-2026 Score/Merit.
- For admission to MBA and MBA (TTM), the preference will be first given to candidates who have appeared/qualified CMAT 2026. In the event of seats remaining vacant thereafter, candidates who have appeared in CUET (PG) 2026 in the relevant subject/paper code shall be considered for admission strictly on the basis of CUET Score/Merit.
- For admission to M.Tech. Programmes, the preference will be first given to candidates coming through CCMT-2026 based on their GATE Score. In the event of seats remaining vacant thereafter, candidates who have appeared in CUET (PG) 2026 in the relevant subject/paper code shall be considered for admission strictly on the basis of CUET Score/Merit.

For queries related to registration process, candidates are advised to contact on: +919469147277 during office hours (i.e. from 09:00 AM to 5:00 PM)

S/d Director I/C
Directorate of Admissions

No:CUKmr/DOA/Admission.PG-05/2026/136
Dated: 20-05-2026

بھارت نے اپنے پہلے مقامی گلائیڈ ہتھیار "تارا" کا کامیاب تجربہ کیا

نئی دہلی 20 مئی (ایم این این)

بھارت نے دفاعی خود انحصاری کی جانب ایک اور اہم قدم اٹھاتے ہوئے اپنے پہلے مکمل طور پر مقامی طور پر تیار کردہ گلائیڈ ہتھیار نظام "تارا" کا کامیاب تجربہ کر لیا ہے۔ یہ جدید نظام روایتی غیر رہنمائی شدہ بموں کو انتہائی درستگی کے ساتھ دور سے نشانہ بنانے والے اسمارٹ ہتھیاروں میں تبدیل کر دیتا ہے۔ بھارتی دفاعی تحقیقاتی ادارے ڈی آر ڈی او اور بھارتی فضائیہ نے 7 مئی کو اڈیشہ کے ساحل کے قریب ٹیکٹیکل ایڈوانسڈ رینج آگمنٹیشن (TARA) کا پہلا کامیاب فلائٹ ٹرائل انجام دیا۔ یہ بھارت کا پہلا مقامی گلائیڈ ویپن سسٹم ہے جو عام "ڈمب بم" کو پریسیژن گائیڈڈ ہتھیار میں تبدیل کرتا ہے۔ تارا کو ڈی آر ڈی او نے دیگر لیبارٹریوں کے تعاون سے تیار کیا ہے۔ اس نظام کا مقصد کم لاگت والے بموں کی مار، تباہ کن صلاحیت اور نشانے کی درستگی میں نمایاں اضافہ کرنا ہے تاکہ دشمن اہداف کو محفوظ فاصلے سے نشانہ بنایا جا سکے۔ دفاعی ماہرین کے مطابق یہ نظام تقریباً 500 کلوگرام وزنی بم کو 80 سے 100 کلومیٹر دور تک انتہائی درستگی کے ساتھ پہنچانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ بعض جدید ورژنز میں ہدف کو تین میٹر سے بھی کم غلطی کے ساتھ نشانہ بنانے کی صلاحیت موجود ہے، جو اسے دشمن کے فضائی دفاعی نظام سے دور رہتے ہوئے حملہ کرنے کے لیے انتہائی مؤثر بناتی ہے۔ رپورٹس کے مطابق اس تجربے میں بھارتی فضائیہ کے جنگی طیارے سے بم گرایا گیا، جس نے تارا کٹ کی مدد سے ایک درست اور طویل فاصلے تک مار کرنے والے ہتھیار کی شکل اختیار کر لی۔

ملک بحران میں، وزیر اعظم بیرون ملک ٹافی بانٹنے میں مصروف: راہل



نئی دہلی 20 مئی (یو این آئی)

لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی نے وزیر اعظم نریندر مودی کے اٹلی کے دورے کے تعلق سے انہیں جم کر نشانہ بنایا اور کہا کہ ملک اقتصادی چیلنجوں سے نبرد آزما ہے، وہیں مسٹر مودی بیرون ملک ٹافی بانٹنے اور ریل بنانے میں مصروف ہیں۔ مسٹر گاندھی نے سوشل میڈیا پر لکھا، "اقتصادی طوفان سر پر ہے، اور ہمارے وزیر اعظم اٹلی میں ٹافی بانٹ رہے ہیں۔ کسان، نوجوان، خواتین، مزدور اور چھوٹے تاجر سب رو رہے ہیں، وزیر اعظم ہنستے ہوئے ریل بنا رہے ہیں اور بی جے پی والے تالی بجا رہے ہیں۔ یہ قیادت نہیں، ڈرامہ ہے۔" واضح رہے کہ مسٹر مودی اپنے پانچ ممالک کے دورے کے آخری مرحلے میں روم پہنچے ہیں، جہاں ان کی ملاقات اٹلی کی وزیر اعظم جارجیا میلونی سے ہوئی۔ اس دوران وزیر اعظم نے انہیں ہندوستانی کمپنی پارلے کی میلوڈی چاکلیٹ گفٹ میں دی۔ میلونی نے اس لمحے کی تصویریں سوشل میڈیا پر شیئر کیں، جس پر ہندوستانی سیاست میں بھی ردعمل تیز ہو گیا ہے۔ وزیر اعظم نے بھی اپنے آفیشل سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر تصویریں شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ روم پہنچنے کے بعد انہوں نے محترمہ میلونی کے ساتھ رات کا کھانا کھایا اور تاریخی کولوزیم کا دورہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں رہنماؤں کے درمیان کئی عالمی اور دو طرفہ امور پر تبادلہ خیال ہوا نیز ہندوستان-اٹلی تعلقات کو اور مضبوط کرنے پر بات چیت جاری رہے گی۔

بھارت سب کیلئے سستی، قابل رسائی اور معیاری صحت کی دیکھ بھال تک رسائی کو یقینی بنا رہا ہے۔جے پی نڈا

نئی دہلی 20 مئی (ایم این این)

مرکزی وزیر صحت جے پی نڈا نے منگل کو (مقامی وقت کے مطابق) جنیوا میں 79 ویں عالمی صحت اسمبلی سے اپنے خطاب میں کہا کہ ہندوستان صحت کی دیکھ بھال میں توسیع اور ڈیجیٹل تبدیلی کو عالمی صحت کی کوریج کی طرف دھکیلنے کے ایک حصے کے طور پر تیز کر رہا ہے۔ اپنی ایکس پوسٹ میں، نڈا نے صحت کی دیکھ بھال کی فراہمی اور بنیادی ڈھانچے میں کلیدی کامیابیوں کا خاکہ پیش کرتے ہوئے یونیورسل ہیلتھ کوریج، ڈیجیٹل ہیلتھ انوویشن اور عالمی صحت سے ہم آہنگی کے لیے ہندوستان کی وابستگی کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا، "ایک پوری حکومت اور پورے معاشرے کے نقطہ نظر سے چلتے ہوئے، ہندوستان تمام صحت کی دیکھ بھال تک تیزی سے رسائی کے قابل ہے۔" انہوں نے مزید کہا، "آیوشمان بھارت ڈیجیٹل مشن 880 ملین سے زیادہ منفرد ڈیجیٹل ہیلتھ آئی ڈی کے ساتھ ہندوستان کے ڈیجیٹل ہیلتھ ایکو سسٹم کو مضبوط بنا رہا ہے، جس سے ہموار اور مربوط صحت کی دیکھ بھال کی فراہمی ممکن ہو رہی ہے۔" انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ AI کے مستقبل کو اخلاقی، جامع اور انسانی بنیادوں پر صحت کے نظاموں میں تشکیل دیا جانا چاہیے جو عالمی سطح پر منصفانہ اور قابل استطاعت صحت کی دیکھ بھال کو آگے بڑھاتے ہیں۔ 79 ویں ورلڈ ہیلتھ اسمبلی میں اپنے خطاب میں، نڈا نے صحت عامہ میں بڑے پیمانے پر توسیع پر زور دیتے ہوئے، صحت کی دیکھ بھال میں اصلاحات کے لیے ہندوستان کے پوری حکومت اور پورے معاشرے کے نقطہ نظر کو اجاگر کیا۔ انہوں نے ملک بھر میں ایک لاکھ پچاسی ہزار آیوشمان آروگیہ مندروں کے قیام کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان نے صحت اور تندرستی کے مراکز یعنی آیوشمان آروگیہ مندر قائم کیے ہیں۔ وزیر نے آیوشمان بھارت ڈیجیٹل مشن کے تحت ہونے والی پیشرفت پر بھی زور دیا، جس نے ہندوستان کے ڈیجیٹل ہیلتھ کیئر انفراسٹرکچر کو نمایاں طور پر وسعت دی ہے۔ انہوں نے کہا، آیوشمان بھارت ڈیجیٹل مشن 880 ملین سے زیادہ منفرد ڈیجیٹل صحت کی شناخت بنا کر ہندوستان کے قومی ڈیجیٹل ہیلتھ ایکو سسٹم کو مضبوط کر رہا ہے، جو صحت کے طویل مدتی ریکارڈ اور دیکھ بھال کے بغیر کسی رکاوٹ کے تسلسل کو سہولت فراہم کرتا ہے۔

باقیات: صفحہ اول سے آگے

بقیہ نمبر 1
نظرثانی مہم کے دوران ووٹروں کی نمایاں سرگرمی دیکھنے کو ملی۔ مجموعی طور پر3,39,384 نئے ووٹروں کو فہرست میں شامل کیا گیا جبکہ نوٹنگی نقل مکانی، دوہرے اندراج اور دیگر قابلِ قبول وجوہات کی بنا پر1,13,344 نام حذف کئے گئے۔ اس کے علاوہ 17,664 ووٹروں کی تفصیلات میں اصلاحات کی گئیں اور31,590 ووٹروں کے اندراجات کو منتقل کیا گیا۔ حتمی انتخابی فہرست میں اب مجموعی طور پر72,24,131 ووٹر شامل ہیں جن میں36,62,502 مرد، 35,61,488 خواتین اور141 خواجہ سرا ووٹر شامل ہیں۔ یہ جنوری2025 میں مکمل ہونے والی سابقہ نظرثانی کے مقابلے میں 2,26,040 ووٹروں کا خالص اضافہ ہے جب فہرستوں میں یکم جنوری2025 کو اہلیت کی تاریخ کے طور پر69,98,091 ووٹرز درج تھے۔ کمیشن کے مطابق اس عمل میں اہلِ شہریوں نے بھرپور شرکت کی اور نظرثانی مدت کے دوران مجموعی طور پر 5,10,285 فارم موصول ہوئے۔ ان فارموں پر پنچایت الیکشن پرنٹھ افسران، اسسٹنٹ الیکٹورل رجسٹریشن افسران اور الیکٹورل رجسٹریشن افسران نے کمیشن کے مقررہ کردہ طریقہ کار اور ٹائم لائنز کے مطابق کارروائی کی۔ سٹیٹ الیکشن کمیشن نے زیادہ سے زیادہ عوامی رسائی کے لئے پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے وسیع پیمانے پر سویپ (ای وی ای اے پی) مہم چلائی جس میں ریڈیو جنگلز، سٹیٹ الیکشن کمشنر کی جانب سے ووٹر اپیلیں اور اخبارات میں باقاعدہ اشتہارات شامل تھے۔ ضلعی انتظامیہ نے بھی ہورڈنگوں، موبائل بیداری وینوں اور دیگر سویپ ذرائع کے ذریعے بیداری مہم کو مزید مضبوط بنایا تاکہ کوئی بھی اہل ووٹر فہرست سے باہر نہ رہے۔ سٹیٹ الیکشن کمشنر شانت منو نے ضلعی پنچایت انتخابی افسران، ای آر اوز، اے ای آر اوز، پی ای پی اوز، سٹیٹ الیکشن کمیشن کے عملے، دیہی ترقی و پنچایتی راج محکمہ اور سیاسی جماعتوں کے نمائندوں کی مربوط کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے عوام کا بھی فعال شرکت اور تعاون پر شکریہ ادا کیا۔ ایس ای سی نے بالخصوص نوجوانوں کے پرجوش ردعمل کی ستائش کی جنہوں نے بڑی تعداد میں پنچایت انتخابی فہرست2026 میں اپنا اندراج کیا اور3.39 لاکھ نئے اضافوں میں نمایاں کردار ادا کیا۔

بقیہ نمبر 2
ایک ہدایت میں تمام عدالتی اداروں سے توانائی کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کرنے پر زور دیا تھا، خاص طور پر مغربی ایشیا میں جاری بحران کے پس منظر میں۔ اس ہدایت کی روشنی میں جموں و کشمیر ہائی کورٹ نے بھی اپنے انتظامی ڈھانچے میں تبدیلیاں متعارف کرواتے ہوئے آن لائن سسٹم کو ترجیح دینے کا اعلان کیا ہے۔ عدالتی ذرائع کے مطابق، اس فیصلے سے عدالتی کام تیز، شفاف اور مالی اعتبار سے کم خرچ ثابت ہوگا جبکہ وکلاء، افسران اور عوام کو بھی سفر کی زحمت اور وقت کی بچت میسر آئے گی۔ حکام نے واضح کیا ہے کہ آن لائن موڈ سے متعلق یہ انتظامات اگلے احکامات تک نافذ العمل رہیں گے۔

بقیہ نمبر 3
ہر نیٹ ورک کی نشاندہی کرکے ہر سپورٹ سسٹم کو مکمل طور پر تباہ کرنا ہوگا۔" انہوں نے متنبہ کیا کہ جدید ٹیکنالوجی کے ساتھ ساتھ پولیس فورس کو بنیادی پولیسنگ کے طریقہ کار کو بھی اپنانا چاہیے۔ انہوں نے کہا: "امن وامان کے معاملات میں بیٹ پولیسنگ انتہائی مؤثر ثابت ہوتی ہے۔ جب ایک بیٹ کانسٹیبل یہ عزم کر لے کہ اس کے دائرہ اختیار میں کوئی جرم نہیں ہوگا اور عوامی زمینوں پر ناجائز قبضہ نہیں ہونے دیا جائے گا، تو ایسا عزم لازمی طور پر نتائج دیتا ہے۔" لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ تمام نئے بھرتی ہونے والے اس عظیم ورثے کے امین ہیں اور اسے مزید استوار کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر پولیس کی ہر وردی ملک کی تاریخ میں جرأت، عزم اور مقصد کی ایک داستان سناتی ہے۔ انہوں نے کہا: "جب بھی آپ یہ وردی پہنیں، یاد رکھیں کہ آپ اس کی عظیم روایت میں ایک فخریہ باب کا اضافہ کر رہے ہیں۔ جموں و کشمیر پولیس کے دفاع اور خدمت کے اصولوں پر فخر کریں کیونکہ یہی آپ کی ذمہ داری اور عزت کی بنیاد ہیں۔" لیفٹیننٹ گورنر نے جموں کشمیر پولیس کی جاری 'نشہ مکت جموں کشمیر مہم' کے دوران منشیات کے سمگلروں اور منشیات فروشوں کے خلاف تیز رفتار اور مؤثر کارروائی کے لئے بھی سراہنا کی۔ انہوں نے کہا: "جموں و کشمیر پولیس نے منشیات کی ترسیل کے راستوں کو مکمل طور پر بند کرنے کے لئے ایک جامع منصوبہ تیار کیا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ آنے والے دنوں میں سخت اقدامات کئے جائیں گے اور بڑی کامیابیاں حاصل ہوں گی۔" جموں و کشمیر پولیس فورس میں زائد از3,200 نئے کانسٹیبل شامل کئے گئے۔ اس موقعہ چیف سیکرٹری اٹل ڈلو، ڈی جی پی جموں وکشمیر نلین پربھات، پرنسپل سیکرٹری محکمہ داخلہ چندر کر بھارتی، کمشن ڈی جی کوآرڈینیشن پی ایچ کیو ایس جے ایم گیلانی، کمانڈنٹ جنرل ہوم گارڈز عبدالغنی میر، لیفٹیننٹ گورنر کے پرنسپل سیکرٹری ڈاکٹر مندیپ کے بھنڈاری، پولیس اور سول انتظامیہ کے سینئر افسران اور نئے بھرتی ہونے والوں کے اہلِ خانہ بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 4
سمندری معیشت پر مل کر کام کریں گے۔ "دہشت گردی کے معاملے پر دونوں ممالک کے مشترکہ مؤقف کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر نریندر مودی نے کہا، "ہندوستان اور اٹلی اس بات پر متفق ہیں کہ دہشت گردی انسانیت کیلئے ایک سنگین خطرہ ہے۔ دہشت گردی کی مالی معاونت کے خلاف ہماری مشترکہ کوششوں نے پوری دنیا کے سامنے ایک اہم مثال پیش کی ہے۔ دونوں ممالک نے واضح پیغام دیا ہے کہ ذمہ دار جمہوریتیں صرف دہشت گردی کی مذمت نہیں کرتیں بلکہ اس کے مالیاتی نیٹ ورک کو توڑنے کیلئے عملی اقدامات بھی کرتی ہیں۔" انہوں نے کہا کہ یوکرین اور مغربی ایشیا کی صورتحال پر بھی دونوں ممالک مسلسل رابطے میں ہیں۔ مسٹر نریندر مودی نے کہا، "یوکرین، مغربی ایشیا اور دیگر کشیدہ حالات کے حوالے سے ہم مسلسل رابطے میں رہے ہیں۔ ہندوستان کا واضح مؤقف ہے کہ تمام مسائل کا حل بات چیت اور سفارت کاری کے ذریعے ہی ممکن ہے۔

بقیہ نمبر 5
آس پاس کے علاقوں سے مسلمان، سکھ اور ہندو برادری کے سیکڑوں لوگ ان کے گھر پہنچے اور اہلِ خانہ کے ساتھ غم میں شریک ہوئے۔ مقامی لوگوں نے بتایا کہ جگری کی میت کو علاقے کے شمشان گھاٹ میں مکمل مذہبی رسومات کے ساتھ نذرِ آتش کیا گیا، جہاں مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگ موجود رہے۔ ایک مقامی شہری آیت اللہ نے کہا: "وہ ہماری ماں تھیں، اور آج پورا گاؤں سوگوار ہے۔ آپ خود دیکھ سکتے ہیں کہ پنڈت، مسلمان اور سکھ سب ایک ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ نمبر 6
ورزیوں کی انکوائری کی جائے گی۔ اس کمیٹی میں محمد ممتاز علی (جے کے اے ایس) ڈائرکٹر قبائلی امور جموں وکشمیر اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر عادل حسن چودھری (جے کے اے ایس) اسسٹنٹ ڈائریکٹر ڈائریکٹوریٹ آفس محکمہ قبائلی امور شامل ہیں۔ کمیٹی راتنا باغ (سدھرا) جموں میں قبائلی خاندانوں کے مکانات کی حالیہ مسماری کے سلسلے میں جنگلات کے حقوق ایکٹ2006 کی کسی بھی خلاف ورزی کی انکوائری کرے گی اور حکومت کو اس کی رپورٹ 7 روز میں رپورٹ پیش کرے گی۔

بقیہ نمبر 7
جنوبی کشمیر کے شوپیاں ضلع کے رانی پورہ علاقے میں بدھ کو ایک 28 سالہ نوجوان ایک مدرسے کے باہر لٹکا ہوا پایا گیا۔

بقیہ نمبر 8
اور بے لوثی سے عوامی ستائش حاصل کی جہاں انہوں نے سیاحوں کو محفوظ مقام تک پہنچانے میں مدد کی اور انسانیت کے لئے اپنی جان قربان کردی۔ حکومت نے کہا کہ یہ اقدام کا مقصد ان ممتاز شخصیات اور شہداء کی یاد اور میراث کا احترام کرنے کے لئے ہے جنہوں نے معاشرے کے لئے نمایاں خدمات اور قربانیاں انجام دی ہیں۔

بقیہ نمبر 9
ہم نے علاقائی امن، استحکام اور تکنیکی تعاون کے تئیں مشترکہ عزم کے ساتھ ہندوستان۔ جمہوریہ کوریا دفاع، دفاعی صنعت اور اسٹریٹجک تعاون کو اور گہرا کرنے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ "انہوں نے کہا کہ یہ انتہائی کامیاب میٹنگ رہی، کیونکہ ہندوستان اور کوریا نے دفاعی سائبر تعاون کو فروغ دینے، ہندوستان کے نیشنل ڈیفنس کالج اور جمہوریہ کوریا کی نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کے درمیان نیز اقوام متحدہ کے امن مشن کے تعاون سے متعلق معاہدوں کا تبادلہ کیا، جس سے ہماری شراکت داری اور زیادہ مضبوط اور کثیر جہتی بنی۔

بقیہ نمبر 10
سرینگر میں روزانہ منعقد ہوگا اور یاترا کے پورے دورانیے تک جاری رہے گا۔ شو میں امرناتھ یاترا کی روحانی اور ثقافتی جھلکیاں، یاترا کے تاریخی راستے، مذہبی سرگرمیاں، بھجن، کیرتن اور عقیدت سے متعلق مختلف پروگرام پیش کیے جائیں گے۔ حکام کے مطابق اس اقدام کا مقصد یاتریوں کو بہتر روحانی اور ثقافتی تجربہ فراہم کرنا ہے۔

باقیات: صفحہ دوم سے آگے

101
تاکہ مطلوبہ سائنسی اور تکنیکی معاونت فراہم ہو سکے۔ چیف سیکریٹری نے واضح اہداف اور مدت پر مشتمل کلیدی کارکردگی اشاریے (کے پی آئیز) مرتب کرنے کی بھی ہدایت دی تاکہ ٹھوس نتائج حاصل کیے جا سکیں اور ان پارکس کو ملک کے بہترین اختراعی مراکز میں شامل کیا جا سکے۔ انہوں نے سی آئی ٹی اے جی کو بھی اس سلسلے میں مکمل تعاون فراہم کرنے کی ہدایت دی۔ کمشنر سیکریٹری سائنس وٹیکنالوجی، شفا رکوال نے اجلاس کو ان پارکس میں قائم بنیادی ڈھانچے کی موجودہ صورتحال سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ان مراکز کے موثر استعمال اور کامیاب آپریشن کے لیے آئی آئی آئی ایم جموں جیسے اداروں کی نگرانی میں پیشہ ورانہ انتظام ضروری ہے، جس کے لیے محکمہ کی مالی معاونت اور حکومت ہند کی متعلقہ ایجنسیوں سے اشتراک ناگزیر ہوگا۔ اجلاس کے دوران ڈائریکٹر سی ایس آئی آر۔آئی آئی آئی ایم ڈاکٹر زبیر احمد اور سی ای او سی آئی ٹی اے جی ڈاکٹر مندیپ اشتہار ابیکن نے کٹھوعہ اور ہندواڑہ بایوٹیک پارکس کی موجودہ صورتحال، فعالیت اور طویل مدتی حکمت عملی پر تفصیلی پریزنٹیشن پیش کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ تقریباً10 ایکڑ پر پھیلا کٹھوعہ بایوٹیک پارک جدید سہولیات سے لیس ہے، جن میں فرمینٹیشن اور اینزائم پروڈکشن یونٹس، طبی و خوشبودار پودوں کی کاشت کی سہولیات، مائیکرو پروپیگیشن لیبارٹریاں، کسانوں اور نوجوانوں کے لیے اسکل ڈیولپمنٹ مراکز اور سینٹرل انسٹرومینٹیشن سہولیات شامل ہیں۔ یہ بھی بتایا گیا کہ پارک میں بایو ریک۔ بایو ویسٹ انکیوبیٹر قائم کیا گیا ہے، جو زرعی بنیادوں پر قائم اسٹارٹ اپس اور جدت پر مبنی کاروباری اداروں کو فروغ دینے کے لیے کام کر رہا ہے۔ اس میں زراعت، نیوٹراسیوٹیکلز، فائٹو فارماسیوٹیکلز، خوشبودار مصنوعات، فوڈ پروسیسنگ، فرمینٹیشن اور جلد کیئر بایوٹیکنالوجی جیسے شعبے شامل ہیں۔ ڈاکٹر زبیر احمد نے اجلاس کو بتایا کہ کٹھوعہ کیمپس میں کسانوں کے لیے تربیتی ورکشاپس، اسکل ڈیولپمنٹ پروگرام، مشن یووا کے تحت بیداری مہمات اور ادویات و زراعت میں مصنوعی ذہانت پر مبنی اختراعات سے متعلق سائنسی کانفرنسیں بھی منعقد کی جا چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ پارک طبی و خوشبودار پودوں کی کاشت، ضروری تیل کی تیاری، مشروم کی افزائش، جڑی بوٹیوں پر مبنی مصنوعات اور بایو انڈسٹریل عمل کے فروغ میں نمایاں کردار ادا کر سکتا ہے۔ ہندواڑہ بایوٹیک پارک کے حوالے سے اجلاس کو بتایا گیا کہ اس منصوبے پر کام مسلسل جاری ہے اور اسے کشمیر خطے کے ایک بڑے بایوٹیکنالوجی اور اختراعی مرکز کے طور پر تیار کیا جا رہا ہے۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ ان دونوں پارکس کے فعال ہونے سے بایوٹیکنالوجی پر مبنی صنعتی ترقی، اسٹارٹ اپ انکیوبیشن، روزگار کے مواقع اور نوجوانوں، خواتین اور کسانوں کی ہنرمندی میں اضافہ ہوگا۔ سی ای او سی آئی ٹی اے جی ڈاکٹر مندیپ اشتہار ابیکن نے ان پارکس کے موثر استعمال اور مستقبل میں خود کفالت کو یقینی بنانے کے لیے ایک جامع روڈ میپ پیش کیا، جس میں سرکاری محکموں، سائنسی اداروں، اسٹارٹ اپس، صنعت کاروں اور نجی شعبے کی مشترکہ شراکت داری پر مبنی ماڈل شامل تھا۔ اجلاس میں تین سطحی عملی حکمت عملی، پیشہ ورانہ انتظام، طویل مدتی معاشی استحکام، افرادی قوت کی ضروریات، بنیادی ڈھانچے کی تیاری، صنعتوں سے روابط، اسٹارٹ اپ سپورٹ نظام اور ان پارکس کو حکومت ہند کی قومی بایو ای تھری پالیسی اور بایو اکانومی اقدامات کے ساتھ ہم آہنگ کرنے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیف سیکریٹری نے زور دیا کہ یہ بایوٹیک پارکس جموں وکشمیر میں اختراع، سائنسی تحقیق اور مارکیٹ پر مبنی بایوٹیکنالوجی صنعتوں کے انجن ثابت ہونے چاہئیں۔ انہوں نے ادارہ جاتی اشتراک کو مضبوط بنانے اور دستیاب بنیادی ڈھانچے کے موثر استعمال کے ذریعے سماجی و اقتصادی نتائج اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

102
بروقت تکمیل مستقبل کی جمہوری کارروائیوں کے احسن انعقاد اور عوامی نمائندوں کی سہولت کے لئے بہت ضروری ہے۔ انہوں نے معائنے کے دوران کہا، "مضبوط بنیادی ڈھانچہ موثر طرزِ حکمرانی کی بنیاد ہے۔ یہ نیا کمپلیکس محض ایک عمارت نہیں بلکہ جمہوری اقدار کی علامت ہے جسے اعلیٰ معیار کے ساتھ جلد مکمل کیا جانا چاہیے۔" ناصر اسلم وانی نے پی ڈبلیو ڈی (آر اینڈ بی) جموں اور محکمہ میکینکل انجینئرنگ کے سینئر انجینئروں کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے منصوبے کی ساختی اور تکنیکی خصوصیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے حکام کو کمپلیکس میں جدید آئی ٹی انفراسٹرکچر، جدید صوتی نظام، بہتر سیکورٹی سسٹم اور ای۔ ودھان جیسی سہولیات کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔ مجوزہ نیا قانون ساز کمپلیکس عوامی نمائندوں کے لئے ایک قابل رسائی، ماحول دوست اور تکنیکی طور پر جدید ماحول فراہم کرنے کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے جہاں ای۔ ودھان جیسی سہولتیں بھی دستیاب ہوں گی۔ انتظامیہ کا مقصد تیز رفتار تکمیل کے ذریعے نمائندوں کے لئے بہتر ورکنگ ماحول فراہم کرنا ہے۔ اس موقعہ پر مشیر موصوف کے ہمراہ سول انتظامیہ کے سینئر افسران بھی تھے۔ بعد میں ناصر اسلم وانی نے چیف انجینئر پی ڈبلیو ڈی (آر اینڈ بی) جموں راجیش آکسٹم، سپرانٹنڈنگ انجینئر، چیف میڈیکل آفیسر جموں اور دیگر سینئر افسران کے ہمراہ جموں میں جاری مختلف ترقیاتی کاموں کا بھی معائنہ کیا۔ دورے کے دوران مشیر موصوف نے جموں کے چھٹے توی پل تک اپروچ روڈ کی مستقل بحالی کے کام کا جائزہ لیا۔ سینئر افسران نے بتایا کہ اس پروجیکٹ کو14.59 کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت سے الاٹ کیا گیا ہے جس کی تکمیل 12 ماہ کی مقررہ مدت ہے۔ اس بحالی کے کام کا مقصد علاقے میں رابطے کو بہتر بنا کر ٹریفک کی روانی کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے آنے والی شری امرناتھ یاترا کے پیشِ نظر یاتری نواس بھگوتی نگر میں جاری مرمت و تزئین و آرائش کے کاموں کا بھی معائنہ کیا۔ اس منصوبے میں یاتریوں اور لنگروں کے لئے عارضی شیڈز اور ونگز کی تعمیر، پارکنگ ایریاز اور اندرونی سڑکوں پر ہلٹن بچھانے کا کام شامل ہے۔ یہ کام1.59 کروڑ روپے کی تخمینی لاگت سے ڈیڑھ ماہ میں مکمل کیا جائے گا۔ ناصر اسلم وانی نے گنڈی گرتھ میں بلولے نالہ پر105 میٹر کے چین کے پہلے سے بنے ہوئے آر سی سی پل کا بھی معائنہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ یہ پل7.2 کروڑ روپے کی لاگت سے24 ماہ کے اندر مکمل کیا گیا ہے۔ معائنے کے دوران چیف انجینئر پی ڈبلیو ڈی (آر اینڈ بی) جموں نے مشیر کو شری امرناتھ یاترا سے متعلق جاری تیاریوں اور بنیادی ڈھانچے کے کاموں بالخصوص پی ڈبلیو ڈی (آر اینڈ بی) ڈویژن ستواری کی جانب سے کئے جا رہے انتظامات کے بارے میں بریف کیا۔ وزیر اعلیٰ کے مشیر نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ تمام جاری ترقیاتی کام بروقت مکمل کئے جائیں تاکہ آنے والی یاترا کے دوران عوام اور عقیدت مندوں کو مناسب سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ مشیر موصوف نے یاتری نواس بھگوتی نگر جو امرناتھ یاترا کا بیس کیمپ ہے، کے انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے پی ایچ سی کا بھی دورہ کیا تاکہ آئندہ شری امرناتھ یاترا کے لئے طبی تیاریوں اور انتظامات کا معائنہ کیا جا سکے۔ انہوں نے یاتریوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات اور تشخیصی خدمات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ چیف میڈیکل آفیسر جموں ڈاکٹر ہربخش سنگھ نے مشیر کو آئندہ شری امرناتھ جی یاترا کے لیے پی ایچ سی میں کیے جا رہے ضروری انتظامات کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی۔ مشیر نے پی ایچ سی عملے کو ہدایت دی کہ وہ لگن اور ذمہ داری کے ساتھ کام کریں اور یاتریوں کی مناسب دیکھ بھال کو یقینی بنائیں۔ چیف میڈیکل آفیسر، جموں، ڈاکٹر ہربخش سنگھ نے مشیر کو آئندہ شری امرناتھ جی یاترا کے لئے پی ایچ سی میں کئے جا رہے ضروری انتظامات کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی۔ وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی نے پی ایچ سی کے عملے کو ہدایت دی کہ وہ لگن کے ساتھ کام کریں اور یاتریوں کی مناسب کیئر کو یقینی بنائیں۔

104
وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے اس موقع پر "سرحد" تنظیم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ تنظیم نے ناری شکتی کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے عظیم شاعرہ اور روحانی شخصیت لال دید کے نام پر قومی ایوارڈز دے کر ایک قابلِ قدر روایت قائم کی ہے۔

105
اور تمام علاقوں و برادریوں کے لیے مساوی مواقع کی علمبردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں جموں وکشمیر میں بے مثال ترقیاتی اقدامات، بنیادی ڈھانچے میں بہتری، جمہوری نظام کی نچلی سطح تک مضبوطی، نوجوانوں اور محروم طبقات کو بااختیار بنانے جیسے اقدامات دیکھنے کو ملے ہیں۔ اشوک کول نے کہا کہ بی جے پی کشمیر میں خوشحالی اور پائیدار امن کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ محمد انور خان نے اس موقع پر کہا کہ نمایاں سماجی اور سیاسی شخصیات کی بی جے پی میں شمولیت کشمیر میں بدلتے ہوئے سیاسی رجحانات کی عکاسی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی کشمیر کے عام عوام کی مضبوط آواز بن کر ابھر رہی ہے اور نئے اراکین کو یقین دلایا کہ انہیں پارٹی پلیٹ فارم کے ذریعے سماج کی خدمت کے مکمل مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے کہا کہ عوام تقسیم کی سیاست کو مسترد کر رہے ہیں اور بی جے پی کے جامع ترقی، جوابدہی اور عوامی فلاح کے ایجنڈے کی حمایت کر رہے ہیں۔ بی جے پی میں شامل ہونے والے نئے اراکین نے وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ بی جے پی حکومت کی عوام دوست پالیسیوں اور ترقیاتی کاموں سے متاثر ہو کر پارٹی میں شامل ہوئے ہیں۔ انہوں نے کشمیر بھر میں زمینی سطح پر پارٹی کو مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار بھی کیا۔

106
تکنیکی انتہائی ضروری ہے۔ ایک پل زمین کے دو ٹکڑوں کو جوڑنے سے زیادہ کام کرتا ہے اور یہ لوگوں کو منڈیوں، صحت سہولیات، تعلیم اور بہتر مواقع سے جوڑتا ہے۔ ہماری حکومت اس بات کو یقینی بنانے کے لئے پرعزم ہے کہ ہر علاقے اور ہر طبقے کی مساوی ترقی ہو اور کوئی بھی خطہ یا کمیونٹی پیچھے نہ رہے۔" نیا ڈمل لین پل کے افتتاح سے مقامی لوگوں کا دیرینہ مطالبہ پورا ہوا ہے اور اس سے سفر کا وقت کم ہونے کے ساتھ ہر موسم میں ضروری خدمات تک رسائی ممکن ہو سکے گی۔ دورانِ تقریب سپیکر عبدالرحیم راتھر نے لوگوں کو یقین دلایا کہ حکومت متوازن ترقی، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور عوامی فلاح کے اہم منصوبوں کی بروقت تکمیل پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے پسماندہ علاقوں کو ترجیح دیتی رہے گی۔ افتتاحی تقریب میں ایس ای آر اینڈ بی اسریم لون، آر اینڈ بی اور پی ایم جی ایس وائی کے سینئر افسران، مقامی معززین اور عوامی نمائندوں نے شرکت کی جنہوں نے اس ترقیاتی اقدام کو علاقے کے لئے ایک بڑا اقدام قرار دیا۔

107
کی سہولیات کو بڑھانے اور مضبوط بنانے کے علاوہ اضافی طبی اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی تعیناتی کا مطالبہ کیا۔ وفود نے مریضوں کی دیکھ بھال کو بہتر بنانے اور نچلی سطح پر بہتر طبی خدمات کو یقینی بنانے کیلئے مختلف اسپتالوں میں ایکسرے پلانٹس، ای سی جی مشینوں اور یو ایس جی کی سہولیات سمیت جدید تشخیصی اور طبی آلات کی تنصیب کی فوری ضرورت پر بھی روشنی ڈالی۔ انہوں نے مزید مطالبہ کیا کہ لوگوں کی صحت کی دیکھ بھال کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے اسپتالوں میں ماہر ڈاکٹروں بشمول ای این ٹی ماہرین اور اطفال کے ماہرین کی دستیابی کا بھی مطالبہ کیا۔ کئی وفود نے سکولوں اور اسپتالوں میں انفراسٹرکچر کی اپ گریڈیشن سے متعلق مسائل اٹھائے اور سکولوں کی نئی عمارتوں، اسپتالوں کے بلاکس کی تعمیر اور تعلیمی اور صحت کے اداروں میں بنیادی سہولیات کی بہتری کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے دیہی اور دور دراز علاقوں میں طلباء کیلئے بہتر تعلیمی ماحول فراہم کرنے کیلئے تعلیمی انفراسٹرکچر کو مضبوط بنانے کے مطالبات بھی اجاگر کئے۔ وفود کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے وزیر نے تمام شکایات اور مطالبات کو غور سے سنا اور عوام کو یقین دلایا کہ حکومت جموں وکشمیر میں صحت کی دیکھ بھال اور تعلیم کے شعبوں کی مساوی ترقی اور مضبوطی کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی طرف سے پیش کئے گئے حقیقی مسائل اور ترقیاتی خدشات کا مناسب ازالے کیلئے ترجیحی بنیادوں پر جائزہ لیا جائے گا۔ اس موقع پر منعقدہ ایک میٹنگ میں وزیر نے کلگام اور اننت ناگ اضلاع کے پروگرام آفیسر، سی ای او، سی ایم او، ڈی ایس ڈبلیو او، ایگزیکٹو انجینئرز اور دیگر متعلقہ افسران کے ساتھ مختلف عوامی فلاحی پالیسیوں اور پروجیکٹوں پر عمل آوری پر پیش رفت کا جائزہ لیا۔

108
مسٹر پرمود جین کی اہلیہ محترمہ ریکھا جین، اتل گوسوامی کی اہلیہ محترمہ نیرو گوسوامی اور ہرویندر سنگھ کی اہلیہ محترمہ کیولجیت کور شامل تھیں۔ چیف ایجوکیشن آفیسر جموں اہمیت شرما نے پسماندہ بچوں کے تعلیمی نظام کو مضبوط بنانے میں آئی اے ایس او ڈبلیو اے کے ممبران کی گرانقدر تعاون کیلئے ان کا شکریہ ادا کیا۔ اراکین نے طلباء اور اسکول کے عملے سے بات چیت کی اور بچوں کے جوش وجذبے کو سراہا۔ یہ اقدام سماجی بہبود، تعلیمی ترقی اور کمیونٹی کی ترقی کے لئے آئی اے ایس او ڈبلیو اے کی اجتماعی وابستگی کی عکاسی کرتا ہے۔

109
سے تشریف فرما تھے۔ اس موقع ادیب، نقاد اور دانشور پروفیسر شاد رمضان نے "سانجاں" کتاب پر ایک تفصیلی مقالہ پیش کیا۔ اپنے مقالے میں انہوں نے اس شعری مجموعے کی فکری وسعت، موضوعاتی تنوع اور فنی اظہار پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ پروفیسر فاروق فیاض کی شاعری میں گہری جذباتی حس موجود ہے جو عصری انسانی تجربات، سماجی حقائق اور تہذیبی شعور کی بھرپور عکاسی کرتی ہے۔ اسی طرح ممتاز نقاد اور ماہرِ تعلیم پروفیسر مجروح رشید نے ڈاکٹر رتن لال تلاشی کی تصنیف "پرخاش" پر ایک تحقیقی و تنقیدی مقالہ پیش کیا۔ انہوں نے اس کتاب کو ادبی تنقید کا ایک اہم کارنامہ قرار دیتے ہوئے پروفیسر رتن تلاشی کی فکری بصیرت اور تنقیدی شعور کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ کتاب میں شامل مضامین سنجیدہ تنقیدی فکر کی عکاسی کرتے ہیں اور کشمیری زبان میں ادبی تنقید کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اپنے صدارتی خطبے میں رفیق راز نے کہا کہ ادبی ادارے تخلیقی صلاحیتوں کی آبیاری اور تہذیبی و لسانی شناخت کے تحفظ میں نہایت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ادب معاشرے کے اجتماعی شعور کا آئینہ دار ہوتا ہے اور نسلوں کے درمیان ایک مضبوط فکری پل کا کام کرتا ہے۔ انہوں نے دونوں مصنفین کی ادبی خدمات کو سراہتے ہوئے ان کی کتابوں کو کشمیری ادب کا قیمتی سرمایہ قرار دیا۔ مہمانِ خصوصی فاروق مسعودی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری ادب میں بے پناہ وسعت اور گہرائی موجود ہے اور ادیبوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے معاشرے کے سماجی، ثقافتی اور جذباتی تجربات کو ادب کے ذریعے محفوظ کریں۔ انہوں نے دونوں مصنفین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے اکیڈیمی کی ادبی خدمات کو سراہا۔ اپنے شعری مجموعے "سانجاں" کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے پروفیسر فاروق فیاض نے کہا کہ شاعری انسانی احساسات اور سماجی تجربات کے اظہار کا ایک مؤثر ذریعہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی شاعری میں زندگی کے مختلف پہلوؤں، انسانی رشتوں اور بدلتے سماجی حالات کی عکاسی کی گئی ہے۔ انہوں نے تقریب کے انعقاد پر اکیڈیمی اور حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔ اسی طرح پروفیسر رتن تلاشی نے اپنی کتاب "پرخاش" کے حوالے سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ تنقیدی ادب، ادب کی صحت مند نشوونما اور فکری ارتقا میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ادبی تنقید نہ صرف تخلیقی ادب کا جائزہ لیتی ہے بلکہ قاری کو ادب اور سماج کو گہرائی سے سمجھنے میں بھی مدد فراہم کرتی ہے۔ تقریب میں موجود متعدد ادبی شخصیات، دانشوروں اور سرکردہ شخصیات نے بھی اظہار خیال کیا اور دونوں مصنفین کی ادبی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ انہوں نے اکیڈیمی کی جانب سے مسلسل ادبی و ثقافتی سرگرمیوں کے انعقاد کو قابلِ ستائش قرار دیا۔ تقریب کی نظامت کے فرائض اسسٹنٹ ایڈیٹر کشمیری ڈاکٹر گلزار احمد راتھر نے انجام دئے، جبکہ جمیل ساجد نے شکریہ کی تحریک پیش کی۔

110
منظور، اسسٹنٹ کمشنر ریونیو عمر گلزار، ایگزیکٹو انجینئر آر اینڈ بی، ایگزیکٹو انجینئر پی ڈی ڈی، ایگزیکٹو انجینئر پی ایچ ای، تحصیلدار رعنا واری چوک اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ زیون میں مہاجر ٹرانزٹ رہائشی منصوبے کے مقام پر جاری کاموں کا جائزہ لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کو بتایا گیا کہ اس منصوبے میں مجموعی طور پر 39 رہائشی بلاکس شامل ہیں جن میں936 فلیٹس تعمیر کیے جا رہے ہیں۔ ان میں سے33 بلاکس کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے جبکہ باقی 6 بلاکس میں تکمیلی کام تیزی سے جاری ہے۔ انہیں مزید بتایا گیا کہ منصوبے سے متعلق بنیادی ڈھانچے کے بیشتر کام، جن میں باؤنڈری وال، ڈارمیٹری، سیکورٹی بنکر، کمیونٹی ہال، پائپ کلورٹس اور اندرونی سڑکیں شامل ہیں، مکمل کیے جا چکے ہیں۔ اس کے علاوہ تمام39 ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز اور بجلی کا متعلقہ نظام نصب کیا جا چکا ہے جبکہ رہائشی کمپلیکس کو پانی کی فراہمی بھی فعال بنا دی گئی ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے رہائشی بلاکس میں نصب لفٹوں کا بھی معائنہ کیا اور انہیں بتایا گیا کہ اب تک10 لفٹیں فعال کی جا چکی ہیں۔ انہوں نے متعلقہ ایجنسی کو ہدایت دی کہ مزید16 بلاکس میں لفٹوں کی تنصیب کا کام جلد از جلد مکمل کیا جائے۔

111
روپے کی لاگت سے تعمیر شدہ عوامی واش روم کا افتتاح بھی کیا۔ یہ منصوبہ ان کے سی ڈی ایف فنڈ سے مکمل کیا گیا ہے، جس کا مقصد عوام کو بہتر بنیادی سہولیات فراہم کرنا اور شہری ڈھانچے کو مضبوط بنانا ہے۔ انہوں نے تاریخی اور قدیم حبہ خاتون پل کی خستہ حالی کا بھی جائزہ لیا اور موقع پر موجود آر اینڈ بی، ایس ایم سی اور دیگر متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ اس تاریخی پل کی فوری مرمت اور بحالی کیلئے موثر اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ اس کی تاریخی حیثیت اور عوامی اہمیت برقرار رکھی جا سکے۔ ایڈوکیٹ شمیم فردوس نے اس موقع پر کہا کہ موجودہ عمر عبداللہ حکومت عوامی فلاح و بہبود، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ہمہ جہت تعمیر و ترقی کیلئے سنجیدگی کے ساتھ کام کر رہی ہے۔

جموں/ یو این آئی/ جموں وکشمیر پولیس نے بدھ کے روز بشناہ علاقے میں بین الاقوامی سرحد (انٹرنیشنل بارڈر) کے پاس پاکستان کی طرف سے ڈرون کے ذریعے گرائی گئی ہیروئن کی ایک بڑی کھیپ ضبط کی ہے۔

IN THE COURT OF EXECUTIVE MAGISTRATE 1st CLASS PANTHA CHOWK

In the case of: Tariq Ahmad Sheikh So Mushtaq Ahmad Sheikh R/o Zaffion Colony Zewan (Applicant)

V/s

Registrar Births & Deaths, Srinagar Municipal Corporation, (Non-Applicant)

Notice to Public At Large

Whereas, the above titled petition is under process in this court, seeking direction therein to the non-applicant for registration of Birth particulars of the applicant's daughter namely Ansa Tariq daughter of Tariq Ahmad Sheikh R/o Zaffron Colony Zewan as 14/04/2023 at Home at Zaffron Colony Zewan.

Whereas, through the medium of this proclamation, the public at large is informed that in case, any one has any objection in issuance of direction with respect the registration of Birth particulars of the applicant's daughter, he shall file the same before this court in person or through counsel within 07 days from the date of the registration of issuance of this publication If the date fixed is declared holiday, the matter will be taken on the next working day.

Given under my hand and seal of this office on 20.05.2026

Executive Magistrate 1st Class Pantha Chowk

سپورٹس ٹائمز

Sports Times

گجرات کی نظر ٹاپ 2- پر چنئی کی آخری امید!

احمد آباد،20 مئی (یو این آئی) انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) 2026 کا 66واں میچ جمعرات کو گجرات ٹائٹنز اور چنئی سپر کنگز کے درمیان کھیلا جائے گا۔ گجرات ٹائٹنز پہلے ہی پلے آف کے لیے کوالیفائی کر چکی ہے اور اب ان کی کوشش ہوگی کہ یہ آخری لیگ میچ جیت کر 18 پوائنٹس تک پہنچیں تاکہ پوائنٹس ٹیبل میں ٹاپ-2 میں جگہ بنائی جا سکے۔ دوسری جانب چنئی سپر کنگز کے لیے یہ مقابلہ انتہائی اہم ہے اور یہ میچ ان کے لیے کرو یا مرو کی حیثیت رکھتا ہے۔ اگر سی ایس کے یہ میچ جیت لیتی ہے تو پلے آف کی امیدیں برقرار رہیں گی، تاہم انہیں دیگر ٹیموں کے نتائج پر بھی انحصار کرنا ہوگا۔ اعداد و شمار کے مطابق اب تک دونوں ٹیمیں 9 میچوں میں آمنے سامنے آچکی ہیں، جن میں سے گجرات ٹائٹنز نے 5 اور چنئی سپر کنگز نے 4 میچ جیتے ہیں۔ سی ایس کے کے اوپنرز کے سامنے سب سے بڑا امتحان کگیسو ربادا اور محمد سراج ہوں گے، جنھوں نے اس سیزن پاور پلے میں شاندار کارکردگی دکھائی ہے۔ گجرات کے کپتان شبھمن گل اور جوس بٹلر اچھی فارم میں ہیں، جبکہ سی ایس کے کو ان کے خلاف بہترین منصوبہ بندی کرنا ہوگی۔ سائی سدرشن اس سیزن میں شاندار فارم میں ہیں اور سی ایس کے کے خلاف ان کا ریکارڈ بھی مضبوط رہا ہے۔ وہ اب تک سی ایس کے کے خلاف 386 رن بنا چکے ہیں اور ان کا اسٹرائیک ریٹ بھی بہت بلند رہا ہے۔ جیسن ہولڈر نے مڈل اوورز میں گجرات کی بولنگ کو مزید مضبوط بنایا ہے۔ انہوں نے اس سیزن میں کم اکانومی ریٹ کے ساتھ وکٹیں حاصل کرکے ٹیم کے لیے اہم کردار ادا کیا ہے۔ گجرات ٹائٹنز کی کوشش ہوگی کہ وہ اپنا آخری لیگ میچ جیت کر 18 پوائنٹس حاصل کریں تاکہ پوائنٹس ٹیبل میں ٹاپ ٹو میں جگہ مستحکم بنائی جاسکے۔ دوسری جانب چنئی سپر کنگز اگر یہ میچ جیتنے میں کامیاب رہتی ہے تو اس کی پلے آف امیدیں برقرار رہیں گی تاہم اسے دیگر ٹیموں کے نتائج پر بھی انحصار کرنا ہوگا۔ اعداد و شمار کے مطابق دونوں ٹیمیں اب تک آئی پی ایل میں 9 مرتبہ آمنے سامنے آچکی ہیں جن میں گجرات ٹائٹنز نے 5 جبکہ چنئی سپر کنگز نے 4 میچوں میں کامیابی حاصل کی ہے۔ سی ایس کے کے اوپنرز کیلئے گجرات کے تیز گیند باز کگیسو ربادا اور محمد سراج بڑا چیلنج ثابت ہو سکتے ہیں۔

پنت جذبات پر قابو نہ رکھ سکے

جے پور، ۲۰ مئی (یو این آئی) لکھنؤ سپر جائنٹس کے کپتان رشبھ پنت اپنی ٹیم کی مسلسل ناکامیوں اور پوائنٹس ٹیبل پر آخری پوزیشن پر ہونے کی وجہ سے اپنا آپا کھو بیٹھے۔ راجستھان رائلز کے خلاف ۱۳ میچوں میں نویں شکست کے بعد، پوسٹ میچ پریزنٹیشن کے دوران پنت کی زبان پھسل گئی اور انہوں نے اپنی ٹیم کا دفاع کرتے ہوئے نازیبا لفظ استعمال کر ڈالا۔ رشبھ پنت سے جب پنجاب کنگز کے خلاف ہونے والے اگلے میچ کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے ٹیم کے اتحاد پر زور دیتے ہوئے کہا، ہمیں ایک ٹیم کے طور پر فخر ہے، چاہے ہماری موجودہ صورتحال کیسی ہی ہو۔ ہم جانتے ہیں کہ ہم جیت سکتے ہیں۔ چیزیں ہمارے حق میں نہیں رہیں لیکن یہ کچھ نہیں بدلتا کہ ہم ایک (نازیبا لفظ) اچھی ٹیم ہیں۔ واضح رہے کہ آئی پی ایل ۲۰۲۶ میں لکھنؤ کی ٹیم پلے آف کی دوڑ سے بہت پہلے باہر ہو چکی ہے اور اب وہ پوائنٹس ٹیبل پر سب سے نچلے دسویں نمبر پر ہے۔

سوریہ ونشی نے گیل کا ریکارڈ توڑا



جے پور، ۲۰ مئی (یو این آئی) آئی پی ایل ۲۰۲۶ میں نوجوان بلے باز سنسنی ویبھو سوریہ ونشی نے اپنی جارحانہ بلے بازی سے کرکٹ کی دنیا میں ہلچل مچا دی ہے۔ لکھنؤ سپر جائنٹس کے خلاف گزشتہ میچ میں دھواں دار اننگز کھیلنے کے بعد اب سوریہ ونشی کی نظریں یونیورس باس کرس گیل کے ایک تاریخی ریکارڈ پر جم گئی ہیں۔ ویبھو سوریہ ونشی نے اس سیزن میں اب تک مجموعی طور پر ۵۳ چھکے لگائے ہیں، جو کسی بھی ٹی ۲۰ ٹورنامنٹ میں کسی بلے باز کی دوسری بہترین کارکردگی ہے۔ کرس گیل نے ۲۰۱۲ کے آئی پی ایل میں ۵۹ چھکے لگائے تھے، اور سوریہ ونشی اس ریکارڈ کو توڑنے سے محض چند قدم دور ہیں۔ منگل کو لکھنؤ کے خلاف ۹۳ رن کی اننگز میں انہوں نے ۱۰ چھکے لگائے۔ وہ اب تک تین بار ایک اننگز میں ۱۰ یا اس سے زیادہ چھکے لگا چکے ہیں، جبکہ گیل نے یہ کارنامہ چار بار انجام دیا ہے۔ ایک سیزن میں دو بار ۱۰ سے زائد چھکے لگانے والے وہ دوسرے بلے باز بن گئے ہیں۔ ان سے قبل اسی سیزن (۲۰۲۶) میں فن ایلن نے بھی یہ کارنامہ دکھایا۔

راہول دراوڑ اور وکرم راٹھور نے میری مدد کی: کوہلی

نئی دہلی، ۱۹ مئی (یو این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان وراٹ کوہلی نے انکشاف کیا ہے کہ کپتانی سے دستبرداری کے فیصلے کے بعد مشکل دور میں سابق ہیڈ کوچ راہل دراوڑ اور بیٹنگ کوچ وکرم راٹھور نے انہیں بے پناہ ذہنی سہارا دیا۔ کوہلی نے کہا کہ ان دونوں نے ان کی اس طرح دیکھ بھال کی کہ کرکٹ کھیلنے کی خوشی ان میں واپس آگئی۔ بنگلورو میں منعقدہ آر سی بی انوویشن لیب انڈین اسپورٹس سمٹ کے دوران منگل کو خطاب کرتے ہوئے، کوہلی نے کہا کہ ٹیسٹ کپتانی سے استعفیٰ دینے کے بعد کا دور ان کے لیے انتہائی چیلنجنگ تھا۔ ۲۰۲۰ اور ۲۰۲۲ کے درمیان، وہ ٹیسٹ کرکٹ میں طویل خشک سالی سے گزرے، کافی عرصے تک سنچری بنانے میں ناکام رہے۔ کوہلی نے کہا، میں نے کئی مواقع پر یہ کہا ہے: راہل بھائی اور وکرم راٹھور نے میرے لیے جو کچھ کیا اس کے لیے میں ان کا ہمیشہ شکر گزار رہوں گا۔ انہوں نے میری اس طرح دیکھ بھال کی کہ اس نے میرے اندر ان کے لیے کھیلنے، محنت کرنے اور ایک بار پھر خود کو ثابت کرنے کی خواہش کو جگایا۔ انہوں نے مزید کہا کہ دونوں کوچز انہیں ان کی ماضی کی کامیابیوں کی مسلسل یاد دلاتے رہے، یہ نوٹ کرتے ہوئے کہ کھلاڑی اکثر اپنے سفر اور کامیابیوں کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔ کوہلی نے وضاحت کی کہ عدم تحفظ کا احساس ہمیشہ کھلاڑی کے اندر رہتا ہے۔ انہوں نے ریمارکس دیے، آج بھی جب میں نیٹ میں قدم رکھتا ہوں، تو میں خود کو سوچتا ہوں کہ نوجوان کھلاڑی مجھے دیکھ رہے ہیں، اگر میرا سیشن خراب ہوتا ہے، تو وہ سوچ سکتے ہیں، کیا واقعی یہ وہی کھلاڑی ہے جو ۲۰ سال سے کرکٹ کھیل رہا ہے؟ یہ احساس ہمیشہ موجود رہتا ہے۔ سابق ہندوستانی کپتان نے نوٹ کیا کہ چونکہ راہل دراوڑ خود اپنے کیریئر میں اسی طرح کے مرحلے سے گزرے تھے، اس لیے وہ کوہلی کی ذہنی حالت کو پوری طرح سے سمجھنے کے قابل تھے۔ کوہلی نے کپتانی کے ساتھ اپنے تجربے کے بارے میں بھی کھل کر بات کی۔ انہوں نے بتایا کہ قیادت کا مطلب محض حکمت عملی نہیں ہے۔ اس میں کھلاڑیوں کو سمجھنے اور ان میں بہترین کو سامنے لانے کی ذمہ داری بھی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب آپ کپتانی کرتے ہیں تو آپ اپنے بارے میں سوچنا چھوڑ دیتے ہیں، آپ پوری طرح ٹیم پر مرکوز ہو جاتے ہیں، اس دوران آپ کے ذہن میں یہ بات بھی نہیں آتی کہ کوئی آپ سے پوچھے کہ آپ کیسا کر رہے ہیں۔ کوہلی نے اعتراف کیا کہ اپنی کپتانی کے آخری مرحلے کے دوران انہیں احساس ہوا کہ مسلسل ذمہ داریوں نے انہیں ذہنی طور پر کافی حد تک پست کر دیا ہے۔

جوکووچ کے سامنے دیوار کھڑی

پیرس، ۲۰ مئی (یو این آئی) دنیا کے عظیم ترین ٹینس کھلاڑی نوواک جوکووچ ایک بار پھر تاریخ رقم کرنے کے ارادے سے فرنچ اوپن کے میدان میں اتر رہے ہیں۔ ان کا واحد ہدف ریکارڈ ۲۵واں گرینڈ سلیم جیتنا ہے، لیکن حالیہ انجری، ناقص فارم اور تیاریوں میں کمی نے ان کی اس مہم پر سوالیہ نشان کھڑے کر دیے ہیں۔ ۳۸ سالہ سربین اسٹار کے لیے ۲۰۲۶ کا سیزن اب تک کسی ڈراؤنے خواب سے کم ثابت نہیں ہوا۔ فروری میں آسٹریلین اوپن کے فائنل میں کارلوس الکاراز سے شکست کے بعد سے جوکووچ نے بہت کم ٹینس کھیلی ہے۔ انہیں کندھے کی تکلیف کا سامنا ہے، جس کی وجہ سے وہ اپنی پوری قوت کے ساتھ کورٹ میں نظر نہیں آ رہے۔ رواں ماہ اٹالین اوپن میں نوآموز کھلاڑی ڈینو پریزمک کے ہاتھوں عبرتناک شکست نے سب کو حیران کر دیا۔ انہوں نے اپنے اعزاز کے دفاع کے لیے جنیوا اوپن میں بھی شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کیا، جس کا مطلب ہے کہ وہ کلے کورٹ کی خاطر خواہ تیاری کے بغیر پیرس پہنچ رہے ہیں۔ ۲۰ سال سے زائد عرصے پر محیط کیریئر اب جوکووچ کے جسم پر اثرات دکھا رہا ہے۔ تاہم، ماہرین انہیں نظر انداز کرنے کی غلطی نہیں کر رہے۔

دبئی باسکٹ بال کلب کا بڑا اعلان

دبئی، ۲۰ مئی (یو این آئی) دبئی باسکٹ بال کلب نے بوسنیا اور ہرزیگووینا کے عوام کے لیے شکریہ کا ایک منفرد انداز اپناتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ وہاں کھیلے گئے تمام ہوم میچز سے حاصل ہونے والی ٹکٹوں کی رقم مقامی فلاحی کاموں کے لیے عطیہ کر دی جائے گی۔ واضح رہے کہ علاقائی حالات اور سفری رکاوٹوں کے باعث دبئی باسکٹ بال کلب کو مارچ کے آغاز میں اپنے ہوم گراؤنڈ سے منتقل ہونا پڑا تھا۔ کلب نے اس دور کو اپنی تاریخ کا مشکل ترین وقت قرار دیا، جس کے دوران ٹیم نے عارضی طور پر بوسنیا اور ہرزیگووینا میں اپنے قیام کا فیصلہ کیا۔ سراجیوو اور زینیکا جیسے شہروں میں مقامی اداروں، کھیلوں کے میدانوں اور مداحوں نے دبئی کی ٹیم کا بھرپور استقبال کیا۔ اس تعاون کی بدولت ٹیم کو اجنبی میدانوں میں بھی گھر جیسا ماحول میسر آیا۔ اس والہانہ استقبال کے جواب میں کلب نے سراجیوو پہنچتے ہی یہ عہد کیا تھا کہ وہ اپنی آمدنی کا ایک بڑا حصہ مقامی کمیونٹی کو واپس لوٹائیں گے۔ یہ عطیہ یورولیگ اور اے بی اے لیگ کے ان تمام ۹ میچوں کا احاطہ کرے گا جو بوسنیا میں کھیلے گئے۔ یہ فنڈز دو بڑے منصوبوں پر خرچ ہوں گے۔

آئرلینڈ نے اپنے 15 رکنی دستے کا اعلان کر دیا

ڈبلن، ۲۰ مئی (یو این آئی) آئرلینڈ نے انگلینڈ اور ویلز میں شیڈول آئی سی سی ویمن ٹی ۲۰ ورلڈ کپ ۲۰۲۶ کے لیے اپنی ۱۵ رکنی ٹیم کا اعلان کر دیا ہے۔ ٹیم کی قیادت اسٹار بلے باز گیبی لوئس کریں گی، جو پہلی بار کسی عالمی میلے میں کپتانی کے فرائض انجام دیں گی۔ اسکواڈ میں نوجوان اور تجربہ کار کھلاڑیوں کا بہترین توازن برقرار رکھا گیا ہے۔ پانچ کھلاڑیوں کو پہلی بار اتنے بڑے ٹورنامنٹ کے لیے طلب کیا گیا ہے، جن میں ایوا کیننگ، کرسٹینا کولٹر ریلی، الانا ڈالزیل، ایمی میگوائر اور ارلا میک برائیڈ شامل ہیں۔ کپتان گیبی لوئس خود بہترین فارم میں ہیں، انہوں نے کوالیفائر مقابلوں کے ۷ میچوں میں ۲۰۶ رنز بنا کر ٹاپ اسکورر ہونے کا اعزاز حاصل کیا تھا۔ ٹیم کو سابق کپتان اور سب سے تجربہ کار کھلاڑی لورا ڈیلانی کی خدمات بھی حاصل ہوں گی، جبکہ باؤلنگ میں ارلین کیلی اہم ہتھیار ثابت ہوں گی، جنہوں نے کوالیفائرز میں دوسری سب سے زیادہ وکٹیں حاصل کی تھیں۔ آئرلینڈ کو گروپ ۲ میں رکھا گیا ہے جہاں ان کا مقابلہ درج ذیل ٹیموں سے ہوگا: میزبان انگلینڈ، سری لنکا، اسکاٹ لینڈ، ویسٹ انڈیز، دفاعی چیمپئن نیوزی لینڈ۔ آئرلینڈ اپنی مہم کا آغاز ۱۳ جون کو اولڈ ٹریفورڈ کے میدان پر اسکاٹ لینڈ کے خلاف میچ سے کرے گا۔ آئرلینڈ کا مکمل اسکواڈ: گیبی لوئس (کپتان)، ایمی ہنٹر، ارلین کیلی، ایوا کیننگ، کارا مرے، کرسٹینا کولٹر ریلی، الانا ڈالزیل، جارجینا ڈیمپسی، لورا ڈیلانی، لیہ پال، لوئس لٹل، اوریلا پرینڈرگاسٹ، ریبیکا اسٹوکیل، ایمی میگوائر، ارلا میک برائیڈ۔

بنگلہ دیش اب انڈر ڈاگ نہیں رہا

سلہٹ، ۲۰ مئی (یو این آئی) پاکستان کے لیجنڈری فاسٹ باؤلر وسیم اکرم نے بنگلہ دیش کی جانب سے پاکستان کے خلاف تاریخی کلین سویپ پر حیرت کا اظہار کرتے ہوئے 'دی ٹائیگرز' کو ٹیسٹ کرکٹ کی ایک ابھرتی قوت قرار دیا ہے جو اب دنیا کی کسی بھی بڑی ٹیم کو شکست دینے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ سلہٹ میں کھیلے گئے دوسرے ٹیسٹ میں بنگلہ دیش کی ۷۸ رنز سے شاندار فتح اور سیریز میں ۲-۰ کی برتری کے بعد، وسیم اکرم نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'X' پر بنگلہ دیشی ٹیم کی کارکردگی کو سراہا۔ انہوں نے لکھا، پاکستان کو دوسری بار بنگلہ دیش کے ہاتھوں ہارا ہوا دیکھ کر بہت مایوسی ہوئی، لیکن فاتح ٹیم کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے کیونکہ انہوں نے کمال کرکٹ کا مظاہرہ کیا۔ سابق کپتان نے خاص طور پر بنگلہ دیش میں ٹیسٹ کرکٹ کے بدلتے ہوئے کلچر اور پچوں کی تیاری کے معیار پر بات کی۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں بنگلہ دیش اپنی دھیمی اور اسپن کے لیے سازگار پچوں کے لیے جانا جاتا تھا، لیکن اب وہ بہترین ٹیسٹ پچز تیار کر رہے ہیں۔

اہرام مصر کے سائے میں باکسنگ کا میلہ

جیزا (قاہرہ)، ۲۰ مئی (یو این آئی) تاریخی اہرام مصر اور ابوالہول کے سامنے منگل کے روز ریاض سیزن کے زیر اہتمام عالمی باکسنگ ایونٹ گلوری آن جیزا کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ میکسیکن طرز کے رنگ اور میچ روم کے اشتراک سے منعقد ہونے والا یہ ہفتہ عالمی سطح پر کھیلوں کے شائقین کی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ ہفتہ کو ہونے والے مین ایونٹ میں یوکرین کے ناقابل شکست ہیوی ویٹ چیمپئن اولیکسانڈر اوزیک ایکشن میں نظر آئیں گے۔ ۲۳ فتوحات کے بہترین ریکارڈ کے حامل اوزیک، جن کا سامنا نیدرلینڈز کے مشہور کک باکسر ریکو ورہوین سے ہوگا۔ ورہوین کک باکسنگ کی دنیا کا بڑا نام ہیں اور اب ہیوی ویٹ باکسنگ میں اپنی صلاحیتیں منوانے کے لیے تیار ہیں۔ اس ایونٹ میں دنیا بھر سے نامور باکسرز شرکت کر رہے ہیں۔ برطانیہ کے حمزہ شیراز اور جرمنی کے عالم گیر کے درمیان خالی ڈبلیو بی او ٹائٹل کے لیے جنگ ہوگی۔ ویلٹر ویٹ ٹائٹل کے لیے ازبکستان کے شاخرام غیاثوف کا مقابلہ برطانیہ کے جیک کیٹرال سے ہوگا۔ خواتین میں جاپان کی [illegible] اپنے بیلٹس کا دفاع مصر کی سی سلیمان کے خلاف کریں گی۔ سعودی باکسر سلطان محمد ۱۲۸ پاؤنڈ کیٹیگری میں انڈونیشیا کے ڈیڈی ابریکس کے مدمقابل ہوں گے۔

بی سی سی آئی نے ڈومیسٹک سیزن کا اعلان کر دیا

ممبئی، ۲۰ مئی (یو این آئی) ہندوستانی کرکٹ کنٹرول بورڈ (بی سی سی آئی) نے ڈومیسٹک سیزن ۲۰۲۶-۲۷ کے شیڈول کا باقاعدہ اعلان کر دیا ہے۔ اس بار سیزن کا حجم غیر معمولی ہے، جس میں مردوں اور خواتین کے مختلف فارمیٹس اور عمر کے زمروں میں مجموعی طور پر ۱۸۷۸ میچز کھیلے جائیں گے۔ بی سی سی آئی کے مطابق، یہ کیلنڈر ملک میں کرکٹ کے معیار کو مزید بلند کرنے اور کھلاڑیوں کو مسابقتی ماحول فراہم کرنے کے لیے ترتیب دیا گیا ہے۔ سیزن کا باقاعدہ آغاز ۲۳ اگست سے معتبر دلیپ ٹرافی کے ساتھ ہوگا، جس میں ۶ زونل ٹیمیں مدمقابل ہوں گی۔ ایرانی کپ کا آغاز یکم اکتوبر سے ہوگا۔ کثیر روزہ کرکٹ کو ترجیح دیتے ہوئے رنجی ٹرافی اور سی کے نائیڈو ٹرافی کو دو مرحلوں پر مشتمل فارمیٹ میں برقرار رکھا گیا ہے تاکہ کھلاڑیوں کو آرام اور بحالی کا مناسب وقت مل سکے۔ بی سی سی آئی نے اس بار کئی اہم تبدیلیاں متعارف کرائی ہیں تاکہ ڈومیسٹک ڈھانچے کو جدید کرکٹ کے تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جا سکے۔ کٹ آف (انڈر ۲۳) کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے سی کے نائیڈو ٹرافی کے فاتحین اور ریسٹ آف انڈیا کے درمیان میچ دوبارہ شروع کیا جا رہا ہے، جو یکم سے ۱۳ اکتوبر ۲۰۲۶ کے درمیان کھیلا جائے گا۔ Sp انڈر ۲۳ اسٹیٹ اے ٹرافی اور وزی ٹرافی کو ون ڈے (ایک روزہ) سے بدل کر اب ٹی ۲۰ فارمیٹ میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ کوچ بہار ٹرافی (ایلیٹ گروپ) کے ناک آؤٹ مقابلے بنگلورو اور میسور میں منعقد ہوں گے۔ اس کا مقصد جنوری کی سردی اور دھند جیسے موسمی اثرات سے بچ کر منصفانہ مقابلے یقینی بنانا ہے۔ انڈر ۱۶ کھلاڑیوں کے اس ٹورنامنٹ کو کیلنڈر میں پہلے (نومبر سے جنوری) منتقل کر دیا گیا ہے تاکہ کھلاڑیوں کی تیاری بہتر ہو سکے۔ بی سی سی آئی نے خواتین کے لیے بھی ایک وسیع کیلنڈر ترتیب دیا ہے جس میں سینئر، انڈر ۲۳، انڈر ۱۹ اور انڈر ۱۵ کیٹیگریز شامل ہیں۔ یہ اقدام خواتین کرکٹ کی بڑھتی ہوئی مقبولیت اور نچلی سطح پر ٹیلنٹ کو تلاش کرنے کی کوششوں کا حصہ ہے۔ ایلیٹ گروپ: ۳۲ ٹیمیں (۴ گروپس میں تقسیم)۔ پلیٹ گروپ: ۶ ٹیمیں۔ بی سی سی آئی کا یہ وسیع ترشیڈول اس عزم کا عکاس ہے کہ ہندوستان نہ صرف سینئر سطح پر بلکہ جونیئرز اور نچلی سطح پر بھی دنیا کا مضبوط ترین کرکٹ ڈھانچہ برقرار رکھنا چاہتا ہے۔

بین زونل مقابلوں میں نوجوان کھلاڑیوں کا جوش وخروش عروج پر

بارہمولہ ۲۰ مئی: سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: محکمہ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس بارہمولہ کی جانب سے "نشہ مکت جموں وکشمیر ابھیان" کے بینر تلے جاری بین المدارس زونل سطح کے مقابلوں کے سلسلے میں ضلع کے مختلف زونز میں شاندار کھیل سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا جن میں طلبہ نے بڑے جوش وخروش کے ساتھ حصہ لیا۔ ان مقابلوں نے نوجوان کھلاڑیوں کی صلاحیتوں اور کھیلوں کے تئیں بڑھتے رجحان کو نمایاں کیا۔ زون سوپور میں گورنمنٹ ہائر سیکنڈری اسکول چشمہ شاہی میں چار روزہ انٹر اسکول انڈر ۱۴ اور انڈر ۱۷ لڑکوں کے کھو کھو مقابلوں کا کامیاب انعقاد کیا گیا جس میں مختلف تعلیمی اداروں سے تعلق رکھنے والے تقریباً ۳۰۰ طلبہ نے شرکت کی۔ مقابلوں کے دوران طلبہ نے بہترین کھیل جذبے نظم وضبط اور مسابقتی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ زون تہالپورہ میں گورنمنٹ ہائر سیکنڈری اسکول تہالپورہ میں انڈر ۱۷ لڑکوں کے بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف اداروں کے تقریباً ۳۰ طلبہ نے شرکت کرکے اپنی تکنیکی مہارت اور کھیل صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ زون چنڈوسہ میں ہائر سیکنڈری اسکول چنڈوسہ میں انڈر ۱۴ اور انڈر ۱۷ لڑکوں کے یوگا مقابلے منعقد ہوئے جن میں ۵۵ طلبہ نے حصہ لیا۔ طلبہ نے یوگا کے ذریعے جسمانی اور ذہنی صحت کے تئیں بیداری کے ساتھ لچک اور ارتکاز کا شاندار مظاہرہ کیا۔ اسی طرح زون روہامہ میں ہائر سیکنڈری اسکول روہامہ میں "نشہ مکت بھارت ابھیان" کے تحت انڈر ۱۴ اور انڈر ۱۷ لڑکوں کے کھو کھو مقابلے منعقد کئے گئے جن میں مختلف اداروں کے ۲۲۷ کھلاڑیوں نے بھرپور شرکت کی۔ زون ڈاگی وچھ میں مقابلوں کے دوسرے روز کلسٹر بہرامپورہ اور کلسٹر ڈاگی وچھ میں انڈر ۱۷ لڑکیوں کے کھو کھو مقابلے منعقد ہوئے۔ کلسٹر بہرامپورہ میں ۴۸ جبکہ کلسٹر ڈاگی وچھ میں ۶۰ طالبات نے شرکت کی اور اس طرح مجموعی تعداد ۱۰۸ تک پہنچ گئی۔ زون بارہمولہ میں گورنمنٹ ہائی اسکول دیوان باغ میں انڈر ۱۴ اور انڈر ۱۷ لڑکوں اور لڑکیوں کیلئے کھو کھو اور ٹیبل ٹینس ٹورنامنٹس منعقد کئے گئے۔ مختلف سرکاری اور نجی تعلیمی اداروں کی ۱۱ ٹیموں پر مشتمل تقریباً ۱۷۰ کھلاڑیوں نے ان مقابلوں میں جوش وجذبے کے ساتھ حصہ لیا۔ زون سنگھ پورہ پٹن میں اسپورٹس ایلڈ ملہوہ میں انڈر ۱۴ اور انڈر ۱۷ لڑکوں کے کھو کھو مقابلوں کا کامیاب انعقاد کیا گیا جس میں مختلف اداروں کے ۱۶۰ سے زائد طلبہ نے شرکت کرکے بہترین کھیل جذبے کا مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر ضلع یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس آفیسر بارہمولہ مشتاق احمد پیپوری نے تمام زونل فزیکل ایجوکیشن آفیسران فیلڈ اسٹاف ٹیکنیکل آلیشنز اور شریک تعلیمی اداروں کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے مقابلے نہ صرف نچلی سطح پر کھیل ٹیلنٹ کو ابھارنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں بلکہ نوجوانوں کی توانائی کو مثبت اور صحت مند سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

کشمیر گولڈ کپ تائیکوانڈو چمپئن شپ کا میں انعقاد

سرینگر ۲۰ مئی: سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: نیشنل اسپورٹس کلب راجباغ سرینگر کے زیر اہتمام "چوتھی کشمیر گولڈ کپ تائیکوانڈو چمپئن شپ ۲۰۲۶" کا انعقاد ۲۰ جون سے ۲۲ جون ۲۰۲۶ تک تاریخی شیر کشمیر انڈور اسٹیڈیم سرینگر میں کیا جا رہا ہے۔ اس بین الاقوامی کھیل ایونٹ میں ملک و بیرون ملک سے تعلق رکھنے والے تائیکوانڈو کھلاڑی کوچز ریفریز ٹیکنیکل آفیشلز اور کھیل شخصیات شرکت کریں گے۔ منتظمین کے مطابق اس چمپئن شپ کا مقصد تائیکوانڈو کے ذریعے کھیل جذبے نظم وضبط اتحاد امن اور بین الاقوامی دوستی کو فروغ دینا ہے جبکہ جموں وکشمیر کے باصلاحیت نوجوانوں کو عالمی سطح پر اپنی صلاحیتوں کے اظہار کیلئے ایک بڑا پلیٹ فارم فراہم کرنا بھی اس ایونٹ کا اہم مقصد ہے۔ چمپئن شپ کو ۲۰ جون سے ۲۲ جون تک بین الاقوامی ٹیلی کاسٹ کوریج حاصل رہے گی۔ متعدد قومی اور بین الاقوامی میڈیا ادارے اسپورٹس چینلز ٹیلی کاسٹ پارٹنرز فوٹوگرافرز اور ڈیجیٹل براڈکاسٹنگ ٹیمیں سرینگر سے اس میگا ایونٹ کی براہ راست کوریج کریں گی۔ اس دوران کئی اہم شخصیات دی آئی پیز سینئر اسپورٹس آفیشلز اور عوامی نمائندوں کی شرکت بھی متوقع ہے جو مقابلوں میں حصہ لینے والے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کریں گے۔ منتظمین نے کہا کہ کشمیر میں کھیلوں کا بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے اور اس نوعیت کی بین الاقوامی چمپئن شپ جموں وکشمیر کو عالمی سطح پر ایک پُرامن اور ابھرتی ہوئی کھیل منزل کے طور پر متعارف کرانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

سرینگر ڈسٹرکٹ روپ اسکپینگ چمپئن اختتام پذیر

سرینگر ۲۰ مئی: سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: دوروزہ "ساتویں سرینگر ڈسٹرکٹ روپ اسکپینگ چمپئن شپ ۲۰۲۶" گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول خان یار سرینگر میں کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوگئی۔ چمپئن شپ میں ضلع بھر کے مختلف تعلیمی اداروں سے تعلق رکھنے والے ۲۰۰ سے زائد لڑکوں اور لڑکیوں نے پُرجوش انداز میں شرکت کی۔ اختتامی تقریب کے دوران پرنسپل گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول خان یار وحیدہ فتح نے فزیکل ایجوکیشن لیکچرر سید شازیہ عباس فزیکل ایجوکیشن ماسٹر روف احمد خان اور سینئر فیکلٹی اراکین کے ہمراہ کامیاب کھلاڑیوں اور شرکاء میں میڈلز یادگاری تحائف اور ٹرافیاں تقسیم کیں۔ چمپئن شپ میں وڈان اسکول آف ایجوکیشن لال بازار نے مجموعی چمپئن ہونے کا اعزاز حاصل کیا جبکہ گرین ویلی ایجوکیشنل انسٹی ٹیوٹ الجی باغ دوسرے نمبر پر رہا۔ دلی پبلک مونٹیسوری اسکول گاسو نے ٹیموں کی فہرست میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اس چمپئن شپ کا انعقاد ایسوسی ایشن آف جموں وکشمیر اسکپینگ روپ کے زیر اہتمام کیا گیا جو انڈین روپ اسکپینگ فیڈریشن سے وابستہ ہے جبکہ محبوب العالم کرکٹ کلب کی جانب سے ایونٹ کو تعاون فراہم کیا گیا۔

العین اور الجزیرہ 10 سال بعد فائنل میں آمنے سامنے

دبئی، 20 مئی (یو این آئی) متحدہ عرب امارات کے فٹ بال سیزن کی سب سے بڑی اور یادگار رات قریب آ گئی ہے۔ جمعہ، 22 مئی کو ابوظہبی کے محمد بن زاید اسٹیڈیم میں دو روایتی حریف، العین ایف سی اور الجزیرہ کلب، 'پریزیڈنٹ کپ' کے فائنل میں مدمقابل ہوں گے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ 2016 کے بعد یہ پہلا موقع ہے جب یہ دونوں ٹیمیں اس تاریخی ٹورنامنٹ کے فائنل میں ایک دوسرے کے سامنے کھڑی ہیں۔ العین کی ٹیم ریکارڈ 16 ویں مرتبہ فائنل کھیل رہی ہے۔ مراکشی اسٹار فارورڈ سفیان رحیمی، جو اس سیزن میں یو اے ای پرو لیگ اور اے ایف سی چیمپئنز لیگ الیٹ جیت چکے ہیں، اس ٹرافی کو جیتنے کے لیے بے تاب ہیں۔ رحیمی کا کہنا ہے۔ "یہ میرا خواب ہے کہ میں العین کے ساتھ پریزیڈنٹ کپ اٹھاؤں۔ 2021 میں کلب جوائن کرنے کے بعد یہ واحد ٹرافی ہے جو میں نے اب تک نہیں جیتی، اور میرا سب سے بڑا ہدف اسے حاصل کرنا ہے۔" دوسری جانب الجزیرہ کلب اپنے ہوم گراؤنڈ پر کھیل رہا ہے اور اسے 10 سال سے اس فائنل کا انتظار ہے۔ الجزیرہ کے مصری اسٹار مڈ فیلڈر محمد الضنی، جنہوں نے اپنے پہلے ہی سیزن میں 'پلیئر آف دی سیزن' کا ایوارڈ جیتا ہے، اس فائنل کو یادگار بنانا چاہتے ہیں۔ الضنی نے عزم ظاہر کیا کہ وہ شائقین کے لیے اس ٹرافی کو جیتنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔ الجزیرہ کے کپتان اور تجربہ کار گول کیپر علی خصیف، جو 21 سال سے کلب کے ساتھ وابستہ ہیں۔

ورلڈ ہائپر ٹینشن ڈے پر سی ایم ای پروگرام منعقد

سرینگر ۲۰ مئی: سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: سکنز میڈیکل کالج سرینگر کے شعبہ جنرل میڈیسن کی جانب سے آج عالمی یوم ہائپر ٹینشن کے سلسلے میں کالج آڈیٹوریم میں ایک "کنٹینیوئنگ میڈیکل ایجوکیشن" (سی ایم ای) پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ عالمی یوم ہائپر ٹینشن ہر سال ۱۷ مئی کو دنیا بھر میں منایا جاتا ہے۔ اس پروگرام میں پرنسپل سکنز میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر فضل قادر پرے مختلف شعبہ جات کے سربراہان سینئر اور جونیئر فیکلٹی اراکین میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ریزیڈنٹس نرسنگ اسٹاف اور طلبہ نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر فضل قادر پرے نے شعبہ جنرل میڈیسن کی جانب سے صحت عامہ کے ایک اہم موضوع پر پروگرام منعقد کرنے کی سراہنا کی۔ انہوں نے ہائپر ٹینشن کو "خاموش قاتل" قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس کی بروقت تشخیص اور مناسب علاج پیچیدگیوں سے بچاؤ کیلئے نہایت ضروری ہے۔ شعبہ جنرل میڈیسن کے سربراہ پروفیسر ڈاکٹر طارق بھٹ نے استقبالیہ خطاب میں اس توعیت کی تعلیمی سرگرمیوں کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور کہا کہ سی ایم ای میں زیر بحث موضوعات عملی طب کے حوالے سے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔

وشال تھاپر جموں وکشمیر اسپورٹس کونسل کی مبارکباد

سرینگر ۲۰ مئی: سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: جموں وکشمیر اسپورٹس کونسل نے جموں وکشمیر کے ممتاز سیبر فینسر وشال تھاپر کو سینئر فینسنگ سیبر ورلڈ کپ کیلئے بھارتی ٹیم میں منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ یہ عالمی سطح کا ٹورنامنٹ ۲۲ سے ۲۴ مئی ۲۰۲۶ تک قاہرہ مصر میں منعقد ہوگا۔ وشال تھاپر نے نیشنل سینٹر آف ایکسیلنس این ایس این آئی ایس پٹیالہ میں فینسنگ ایسوسی ایشن آف انڈیا کی جانب سے منعقد کئے گئے تین مرحلوں پر مشتمل سلیکشن ٹرائلز میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھارتی ٹیم میں جگہ حاصل کی۔ ان کی تکنیکی مہارت پختگی اور بہترین فٹنس نے ایک بار پھر انہیں ملک کے صف اول کے سیبر فینسرز میں شامل ثابت کیا۔ قابل ذکر ہے کہ وشال تھاپر اس سے قبل بھی متعدد مواقع پر ملک اور جموں وکشمیر کا نام روشن کر چکے ہیں۔ انہوں نے قومی اور بین الاقوامی سطح پر کئی تمغے اپنے نام کئے ہیں جن میں سینئر کامن ویلتھ گولڈ میڈل بھی شامل ہے۔ وہ اس وقت بھارت میں سیبر زمرے میں تیسرے نمبر پر فائز ہیں۔ جموں وکشمیر اسپورٹس کونسل کی سیکریٹری نزہت گل نے اس شاندار کامیابی پر وشال تھاپر اور ان کے اہل خانہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ وشال آئندہ بھی بین الاقوامی سطح پر اپنی بہترین کارکردگی کے ذریعے جموں وکشمیر اور ملک کا نام روشن کرتے رہیں گے۔ نزہت گل نے کہا کہ "سینئر سیبر ورلڈ کپ جیسے باوقار مقابلے کیلئے وشال تھاپر کا انتخاب جموں وکشمیر کیلئے فخر کا لمحہ ہے۔ ان کی محنت مستقل مزاجی اور کامیابیاں مجموعے کے نوجوان کھلاڑیوں کیلئے باعث تحریک ہیں۔" بھارتی ٹیم کو وزارت امور نوجوانان وکھیل حکومت ہند کی جانب سے منظوری دی گئی ہے جبکہ اسپورٹس اتھارٹی آف انڈیا کی طرف سے ٹیم کو مکمل مالی معاونت فراہم کی جارہی ہے۔

بنیہال کرکٹ کپ سیزن کا شاندار آغاز نوجوان کھلاڑیوں میں جوش وخروش

رام بن ۲۰ مئی: سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: ڈپٹی کمشنر رام بن محمد الیاس خان نے آج بنیہال میں "بنیہال کرکٹ کپ ۲۰۲۶" کے تیسرے سیزن کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر نوجوانوں اور کھیل شائقین میں زبردست جوش وخروش دیکھنے کو ملا اور ضلع کے سب سے متوقع کرکٹ ٹورنامنٹس میں شمار ہونے والے اس ایونٹ کا آغاز شاندار انداز میں ہوا۔ افتتاحی تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر رام بن ورنجیت سنگھ چرک سب ڈویژنل مجسٹریٹ بنیہال محمد نصیب بجران سب ڈویژنل مجسٹریٹ راسو سید مظہر حسین شاہ کے علاوہ متعدد معزز شخصیات اور کھیل شائقین کی بڑی تعداد موجود تھی۔ ڈپٹی کمشنر نے ٹورنامنٹ کے انعقاد کیلئے آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین فاروق احمد دانش بلال منظر اور رفیق کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ کھیل نوجوانوں کی توانائی کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے مقابلے نظم وضبط ٹیم ورک اور صحت مند مسابقتی جذبے کو فروغ دیتے ہیں۔ ٹورنامنٹ میں مختلف علاقوں کی مجموعی طور پر ۳۲ ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جو ضلعے میں موجود کرکٹ ٹیلنٹ اور کھیل جذبے کی عکاسی کرتا ہے۔ یہ ٹورنامنٹ "نشہ مکت ابھیان" کے تحت منعقد کیا جارہا ہے جس کا مقصد منشیات کے خلاف بیداری پیدا کرنا اور نوجوانوں کو تعمیری سرگرمیوں کی جانب مائل کرنا ہے۔ ٹورنامنٹ کا افتتاحی میچ آر سی پی بنیہال اور خان برادرز حلیمدان کے درمیان کھیلا گیا جس کے ساتھ ہی آئندہ دنوں میں سنسنی خیز مقابلوں کی ایک دلچسپ سیریز کا آغاز ہوگیا۔

اننت ناگ میں نشہ مکت مہم کے تحت نوجوانوں میں مثبت رجحانات کو فروغ

اننت ناگ ۲۰ مئی: سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: ڈائریکٹریٹ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس جموں وکشمیر کی رہنمائی اور ضلع یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس آفیسر اننت ناگ زہور احمد وانی کی نگرانی میں ضلع اننت ناگ کے مختلف زونز میں بین المدارس زونل سطح کے مقابلوں اور "۱۰۰ دن نشہ مکت بھارت ابھیان" کے تحت کھیل سرگرمیوں اور بیداری پروگراموں کا انعقاد عمل میں لایا گیا جن میں نوجوان کھلاڑیوں نے بھرپور جوش وخروش کے ساتھ حصہ لیا۔ زون اچبیل میں اسپورٹس اسٹیڈیم یونٹیاگام میں انڈر ۱۴ لڑکیوں کے بین المدارس زونل سطح کے کھو کھو ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا جس کا افتتاح ضلع یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس آفیسر اننت ناگ زہور احمد وانی نے زونل فزیکل ایجوکیشن آفیسر اچبیل محمد عباس اور ایکٹیویٹی انچارج مشتاق احمد کے ہمراہ کیا۔ ٹورنامنٹ میں زون بھر سے ۲۴ ٹیموں اور تقریباً ۲۶۴ طالبات نے شرکت کی۔ مقابلوں کے دوران کھلاڑیوں نے شاندار صلاحیت نظم وضبط ٹیم ورک اور کھیل جذبے کا مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر مقررین نے کہا کہ کھیل نوجوانوں کی توانائی کو مثبت سمت دینے اور منشیات کے استعمال کی روک تھام میں اہم کردار ادا کرتے ہیں جس سے ایک منظم اور منشیات سے پاک معاشرے کی تشکیل ممکن ہوتی ہے۔ ادھر ضلعی سطح پر سہروتو کپ فٹبال ٹورنامنٹ بھی اختتام پذیر ہوا جہاں انڈر ۱۷ زمرے میں ایم ایم آئی اردوانی نے ہائر سیکنڈری اسکول ڈالگام کو شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کیا جبکہ انڈر ۱۵ زمرے میں بنفیہ ہائر سیکنڈری اسکول نے ڈی پی ایس سنگم کو ہرا کر کامیابی حاصل کی۔ زون ویری ناگ میں ہائر سیکنڈری اسکول نوگام کے میدان میں انڈر ۱۴ اور انڈر ۱۷ لڑکوں اور لڑکیوں کے کھو کھو مقابلوں کا آغاز بڑے جوش وخروش کے ساتھ ہوا۔ اس موقع پر طلبہ کو کھیلوں اور جسمانی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی تلقین کی گئی تاکہ وہ سماجی برائیوں سے دور رہ کر ایک منظم زندگی گزار سکیں۔

مقامی سپورٹس کی خبریں شائع کرنے کے لئے رابطہ کریں

اخبار "سرینگر ٹائمز" کھیل کے تئیں دلچسپی رکھنے والوں کے لئے سپورٹس سطح پر ایک مخصوص کالم فراہم کررکھا ہے۔ جس میں آپ اپنے علاقے کی کھیل کی سرگرمیاں تصویر کے ساتھ اخبار میں شائع کرنے کے لئے ہمارے ای میل ایڈریس یا پھر تحریری شکل میں کھیل کی مکمل تفصیلات ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی کے نام دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر ارسال کرسکتے ہیں

نوٹ: (۱) جس کے لئے آپ کو معاوضہ دینے کی ضرورت نہیں ہوگی ادارہ کی طرف سے وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے مفت شائع ہوتا ہے

(۲) سپورٹس ٹائمز کے ضلع پر شائع ہونے والی مقامی خبروں کے علاوہ مقامی ٹورنامنٹس کی خبریں جو شائع ہوتی ہے یہ تمام اشتہارات ادارہ وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور ٹیلنٹ تجی کے ساتھ شائع کرتا ہے ادارہ کسی غلط فہمی کا ذمہ دار نہیں۔ کھلاڑی ٹورنامنٹس میں حصہ لینے سے قبل اپنی طرف سے ان کو جانچ لیا کرے۔ (ادارہ)

مکمل پتہ
ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی
دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر۔190001

email: saahil.srinagartimes@gmail.com
مزید جانکاری کے لئے اس فون نمبر پر رابطہ قائم کرسکتے ہیں: 0194-2456781

Printed and Published by: SAHIL YOUSUF, On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: BASHIR AHMAD BASHIR, Executive Editor, S.M. YOUSUF, Editor: SHADAB BASHIR, Managing Advertising: SEEMAAB BASHIR, Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Janglat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781 E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781